المیسرۃ
فی أصول القراءات العشر
واجراءھا بطریق الطیبۃ

تألیف

خادم القراءۃ والتجوید مولوی حافظ قاری **محمد صدیق** فلاحی سانسرودی
دارالعلوم فلاح دارین ترکیسر، سورت، گجرات

ناشر
لجنۃ القراء
دارالعلوم فلاح دارین ترکیسر، سورت، گجرات

Scanned by CamScanner

اَلْمُيَسَّرَة

فى أصول القراءات العشر

وإجراء ها بطريق الطيبة

Scanned by CamScanner

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم

أنزل القرءان على سبعة أحرف فاقرءوا ماتيسر منه

اَلْمُيَسَّرَة

فی أصول القراءٰت العشر

وإجراءها بطريق الطيبة

جزء اول

تالیف

خادم القراءة والتجويد مولوی حافظ قاری محمد صدیق فلاحی سانسرودی

دارالعلوم فلاح دارین ترکیسر، سورت، گجرات، الھند

لجنة القراء

دارالعلوم فلاح دارین، ترکیسر

سورت، گجرات، الھند ۳۹۴۱۷۰

Scanned by CamScanner

کل الحقوق محفوظۃ

نام کتاب : الميسره فی اصول القراء ت العشر واجرائها بطريق الطيبة

مؤلف : حافظ قاری محمد صدیق سانسرودی دامت برکاتہم

سن اشاعت : ۱۴۳۲ھ مطابق ۲۰۱۱ء

صفحات :

طباعت : باراول

تعداد : ۱۱۰۰

ناشر لجنۃ القراء، دارالعلوم فلاح دارین ترکیسر، سورت، گجرات، الھند

کمپوزنگ : قاسم عمر فلاحی (ترکیسر)

ملنے کا پتہ

لجنة القراء

دارالعلوم فلاح دارین، ترکیسر،
سورت، گجرات، الھند ۳۹۴۱۷۰

Ph.9879825967--9879464947

Scanned by CamScanner

نمبر شمار	فہرست مضامین	صفحہ نمبر
۱	تقریظ از : مفکر ملت، عارف باللہ حضرت مولانا عبداللہ صاحب کاپودروی دامت برکاتہم	۴
۲	تقریظ از : ماہر فن، شیخ القراء حضرت مولانا قاری ومقری ابوالحسن اعظمی دامت برکاتہم العالیہ	۸
۳	پیش لفظ	۱۱
۴	کتاب ایک نظر میں	۱۷
۵	ائمہ عشرہ اوران کے روات وطرق	۱۹
۶	بسملۃ بین السورتین کا بیان	۲۱
۷	فاتحۃ الکتاب کا بیان	۲۲
۸	میم جمع کا بیان	۲۳
۹	مفرد کے ماسوا ضمیر غائب کا بیان	۲۴
۱۰	ادغام کبیر کا بیان	۲۵
۱۱	ہمزۂ ساکنہ اور ادغام کبیر کے اجتماع کا بیان	۲۷
۱۲	ادغام ومد منفصل کے اجتماع کا بیان	۲۹
۱۳	کیا امام یعقوب کیلئے عام ادغام کبیر مد منفصل کے مد کے ساتھ جائز ہے؟	۳۱
۱۴	ہائے کنایہ کا بیان	۳۷
۱۵	مد فرعی کا بیان	۳۸
۱۶	مد بدل کا بیان	۴۰
۱۷	مد بدل والفات ذوات الیاء کے اجتماع کا بیان	۴۲

Scanned by CamScanner

نمبر شمار	فہرست مضامین	صفحہ نمبر
۱۸	نقشہ مد بدل اور ذوات الیاء کا اجتماع	۴۵
۱۹	مدلین متصل کا بیان	۴۸
۲۰	مد معنوی کا بیان	۴۹
۲۱	مد تعظیمی و جمع مذکر سالم میں الحاق	۵۳
۲۲	ہمزتین فی کلمۃ کا بیان	۵۵
۲۳	ہمزتین فی کلمتین متفق الحرکت کا بیان	۵۷
۲۴	ہمزتین فی کلمتین مختلف الحرکت کا بیان	۵۸
۲۵	ہمزۂ منفردہ ساکنہ کا بیان	۵۹
۲۶	نقل حرکت کا بیان	۶۱
۲۷	سکتہ کا بیان	۶۲
۲۸	ابن ذکوانؒ، حفصؒ وادریسؒ کے سکتۂ لفظی کا بیان	۶۲
۲۹	کیا ابن ذکوان کیلئے مد متصل و منفصل کے طول پر بھی ساکن صحیح میں سکتہ صحیح ہے؟	۶۳
۳۰	امام حمزہ کے سکتۂ لفظی کا بیان	۶۵
۳۱	امام حمزہ کیلئے مد متصل و مد منفصل میں مد کے ساتھ سکتہ کرنے کا بیان	۶۷
۳۲	وقف حمزہ و ہشام کا بیان	۶۸
۳۳	کیا مفصول خاص میں وقفاً تحقیق بھی ہے؟	۷۱
۳۴	الحاق ہاء سکتہ کا بیان	۷۴

Scanned by CamScanner

نمبر شمار	فہرست مضامین	صفحہ نمبر
۳۵	امام یعقوب کیلئے ادغام کبیر کے ساتھ جمع مذکر سالم میں الحاق	۷۶
۳۶	کیا جمع مذکر سالم میں وقفاً الحاق متروک العمل ہے؟	۷۸
۳۷	امالہ کا بیان	۸۰
۳۸	کلمات ذوات الراء کے امالہ کا بیان	۸۱
۳۹	امالہ بوجہ کسرہ کا بیان	۸۱
۴۰	الف بین الرائین کے امالہ کا بیان	۸۱
۴۱	افعال عشرہ کے امالہ کا بیان	۸۲
۴۲	کلمات خمسہ کے امالہ کا بیان	۸۲
۴۳	ہائے تانیث کے امالہ کا بیان	۸۳
۴۴	نون ساکن اور تنوین کا بیان	۸۵
۴۵	کیالن نؤمن لک جیسے مواقعِ ادغامِ کبیر میں بوقتِ ادغامِ کبیر ادغام مع الغنہ صحیح ہے؟	۹۱
۴۶	تغلیظ لام کا بیان	۹۳
۴۷	ترقیق راء کا بیان	۹۵
۴۸	یاءات اضافت کا بیان	۹۷
۴۹	یاءات زوائد کا بیان	۹۸
۵۰	اجراء (ایک پارہ مکمل)	۱۰۱
۵۱	تحریرات	۳۴۳

Scanned by CamScanner

باسمہ تعالی

تقریظ

از : مشفق ومہربان، مربی بے مثال، مفکر ملت، عارف باللہ، رئیس الجامعہ

حضرت مولانا عبداللہ صاحب کاپودروی دامت برکاتہم

الحمد لله وليه والصلوة والسلام على نبيه محمد ﷺ وبعد.

برصغیر کے مدارس عربیہ میں جہاں علم صرف ونحو، فقہ واصول فقہ، حدیث واصول حدیث، عربی زبان و ادب کی تعلیم ہوتی ہے وہاں تفسیر اور اصول تفسیر اور تجوید وقراءۃ کی تعلیم کا بھی قدیم زمانہ سے سلسلہ جاری ہے۔

علم قراءات کی ابتدا کے بارے میں مشہور قول یہ ہے کہ اس کی ابتدا مدینہ منورہ علی صاحبہا الف الف صلوۃ میں ہوئی، لوگوں کے بکثرت دخول فی الاسلام کے بعد کیونکہ ان کے لغات اور ان کے لہجے مختلف تھے، امت پر یہ اللہ رب العزت کی طرف سے تیسیر اور آسانی تھی کہ قرآن ان سبعہ احرف میں سے کسی حرف میں پڑھو الخ (تاریخ علم قراءت از شیخ ابوالحسن اعظمی مدظلہ ص/۳۹)

دور صحابہ میں سیدنا حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ، حضرت ابن مسعودؓ، حضرت ابی بن کعبؓ کی طرف مختلف قراءتیں منسوب کی جاتی تھیں، تابعین کے دور میں ابوجعفر مجاہد، عبدالرحمٰن سلمی رحمہما اللہ کی قراءات کہلاتی تھیں، امام ابوعبید بن سلام نے اپنی کتاب کتاب القراءات کے آغاز میں ان صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین عظام رحمہم اللہ کے اسماء گرامی کا ذکر کیا ہے جو وجوہ قراءات کے ناقل ہیں۔

ان تمام قراء کی قراءات کی اصل اور مدار نقل پر ہے اس میں قیاس کا کوئی دخل نہیں بلکہ ہر قراءۃ کسی نہ کسی جلیل القدر صحابیؓ تک پہنچتی ہے، امام جلیل علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں۔

وما لقياس فى القراء ت مدخل ☆ فدونک ما فيه الرضا متكفلا

(مجلّہ شاہ راہ علم محرم تا جمادی الآخری ۱۴۳۰ھ)

ہمارے صوبۂ گجرات میں علم قراءات حضرات تابعین عظام کے قدوم میمنت لزوم کے ساتھ ہی آ گیا تھا

Scanned by CamScanner

جیسا کہ بعض مؤرخین نے ذکر کیا ہے، سلاطین گجرات کے دور میں حدیث، تفسیر، فقہ کے ساتھ قراءات کا بھی چرچا رہا، زمانہ کے حالات کی تبدیلی کے ساتھ علمی مراکز میں بھی تبدیلی آتی رہی مگر پچھلے دور میں جامعہ اسلامیہ تعلیم الدین ڈابھیل کے قابل وفاضل مہتمم حضرت مولانا احمد بزرگؒ نے جب محدث کبیر حضرت مولانا سید انور شاہ کشمیریؒ اور ان کے رفقاء کو جامعہ ڈابھیل میں قیام کرنے کی دعوت دی تو جامعہ ڈابھیل کو از ہر ثالث کہا جانے لگا، ان کے اس زریں دور میں علم قراءات وتجوید کیلئے ملک کے مشہور اور عربی زبان کے ادیب قاری محمد یامین صاحب کو صدر قاری کا منصب دیا گیا جنہوں نے روایت حفص کے ساتھ قراءت سبعہ کی بھی تعلیم شروع فرمائی، ان کے گجراتی شاگردوں میں مرحوم قاری مولوی ابراہیم دیسائی ترکیسریؒ اور قاری مرزا نوساری والے کو ہم جانتے ہیں، قاری ابراہیم دیسائیؒ صاحب نے پاؤ پارے کا سبعہ میں اجراء کیا تھا۔

اس کے بعد حضرت مولانا مفتی اسماعیل بسم اللہ صاحب کے دور اہتمام میں کئی قراء تشریف لائے جن میں حضرت قاری محمد حسن امروہویؒ فن کے ماہر اور بہت ہی حسن صوت والے تھے ان کے شاگردوں میں مولوی حافظ محمد منصور بودھانویؒ سے ہم واقف ہیں اس کے بعد مولانا محمد سعید صاحب بزرگؒ کے دور اہتمام میں قاری محمد رمضان صاحب میواتیؒ کو شیخ القراء کا منصب دیا گیا، مرحوم قاری محمد رمضان صاحب قاری حفظ الرحمٰنؒ (صدر قاری دار العلوم دیوبند) کے شاگرد تھے اور فن پر ماہرانہ نظر رکھتے تھے ان کے شاگردوں میں بعض طلبہ حفص میں اچھے قاری ہوئے، مگر سبعہ میں خاطر خواہ کامیابی نہ ہوسکی، پھر مولانا محمد سعید بزرگؒ کی فکر اور سعی کے نتیجہ میں قاری احمد اللہ صاحب بھاگلپوری مدظلہ ڈابھیل تشریف لائے، موصوف نے فن قراءۃ وتجوید کی تعلیم میں اچھی توجہ فرمائی اور طلبہ کو اس فن میں پختہ کرنے کی سعی بلیغ فرمائی۔

۱۹۶۳ء میں دار العلوم فلاح دارین کی بنیاد ڈالی گئی، مولانا غلام محمد نورگتؒ نے قاری محمد رمضانؒ صاحب کو درجۂ تجوید کیلئے دعوت دی، قاری ابراہیم دیسائی صاحب اور قاری محمد رمضان صاحب نے بہت عمدگی کے ساتھ خدمات انجام دیں، طلبہ کی تعداد میں اضافہ کی وجہ سے قاری محمد صالح جوگواڑی مدظلہ اور قاری محمد عباس دھرمپوری مدظلہ کا تقرر ہوا۔

Scanned by CamScanner

ان سب بزرگوں کی محنت سے گجرات میں چند بچے حسن صوت اور تجوید کی رعایت کے ساتھ قرآن پاک پڑھنے لگے مگر اس کی کمی محسوس ہوتی رہی کہ ایسے فضلاء تیار ہوں جو فن تجوید کی کتابیں پڑھا سکیں اور قراءات سبعہ، ثلثہ، عشرہ کا اجراء کر سکیں۔

اس مقصد کیلئے صوبہ میں کوئی آدمی نظر نہ آیا تو شمالی ہند کا طویل سفر کر کے اور کئی اساتذہ سے مشورہ کر کے بالآخر لکھنؤ میں جناب قاری محمد انیس صاحب رحمۃ اللہ علیہ فیض آبادی سے رابطہ ہوا، اور ان کو دار العلوم فلاح دارین میں شیخ القراء کی حیثیت سے بلایا گیا۔

الحمد للہ قاری صاحب رحمہ اللہ فن پر مکمل دست رس رکھنے والے اور مکمل یکسوئی کے ساتھ فن کی خدمت کرنے والے استاذ تھے، اس کے ساتھ ذکر و شغل میں بھی مشغول رہتے تھے، انہوں نے روایت حفص، سبعہ، عشرہ کی تعلیم و تدریس اور اپنی تالیفات کے ذریعہ طلبہ کی ایک معقول تعداد کو فن سے مناسبت پیدا کر دی، فجزاھم اللہ احسن الجزاء۔

انہیں کے تلامذۃ میں قاری حافظ محمد صدیق صاحب سانسرودی سلمہ بھی ہیں، جنہوں نے استاذ گرامی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنے آپ کو فن تجوید و قراءات کیلئے وقف کر دیا اور اپنی مادر علمی فلاح دارین میں پچھلے ۳۰ سال سے تدریساً و تالیفاً اس فن شریف کی خدمت میں لگے ہوئے ہیں۔

آپ نے تدریس کی ذمہ داری کے ساتھ ساتھ فن کی کئی کتابوں کی تشریح و تسہیل فرمائی جو علمی حلقوں میں بہت مقبول ہو چکی ہیں فلله الحمد و الشكر۔

فن قراءات میں عشرۂ کبیر معدودے چند اداروں میں پڑھایا جاتا ہے، اس کی تعلیم و تفہیم محنت طلب ہے، ائمہ کے اختلاف کو یاد رکھنا اور اجراء کے وقت اس میں صحیح طریق پر قائم رہنا مشکل ہے۔

اللہ تعالی قاری محمد صدیق صاحب مدظلہ کو جزاء خیر عطا فرمائے کہ انہوں نے عشرۂ کبیر کی تعلیم میں ائمہ فن کی کتابوں سے بھرپور استفادہ کر کے یہ کتاب مرتب فرمائی، متقدمین کی کتابوں کے علاوہ متأخرین ماہرین فن کی تصانیف سے استفادہ کر کے بہت سے مشکل مقامات کو حل کر دیا، خصوصا مصر کے مشہور قاری شیخ

Scanned by CamScanner

محمد بن احمد بن عبداللہ جوالمتولی سے مشہور ہیں (وفات ۱۳۱۳ھ) باوجود فاقد البصر ہونے اپنے دور کے بلند پایہ قراء میں شمار ہوتے تھے، ۱۲۹۳ھ میں ان کو ازہر میں شیخ القراء مقرر کیا گیا، انہوں نے کئی اعلی درجہ کی کتابیں تصنیف کیں جن میں (۱) بدیعة الغرر فی اسانید الائمة الاربعة عشر (۲) مقدمة فی قراءة ورش (۳) منظومه فی القراءات (٤) الوجوه المسفرة فی اتمام القراءات الثلاث المتممه للعشرة مطبوع ہیں اس کے علاوہ کئی مخطوطات کتب خانوں میں محفوظ ہیں (الاعلام للزرکلی ج/۶، ص/۲۱) قاری صاحب نے ان کی بعض مطبوعہ کتابوں سے استفادہ فرمایا۔

اسی طرح متاخرین قراء میں شیخ مصطفیٰ بن عبدالرحمٰن بن محمد الازمیری (وفات ۱۱۵۶ھ) جنہوں نے عمدة الفرقان فی وجوه القرآن اور اس کی شرح بدائع البرهان اور تحریر النشر من طریق العشر، تقریب حصول المقاصد فی تخریج ما فی النشر من الفوائد تحریر فرمائی ہیں مگر افسوس کہ یہ کتابیں غالباً زیور طبع سے ابھی تک آراستہ نہیں ہوئیں، واللہ اعلم (الاعلام ج/۷)۔

قاری محمد صدیق سلمہ نے کتاب کے شروع میں جو پیش لفظ تحریر فرمایا اس کے مطالعہ سے کتاب کی اہمیت کا پتہ چل سکتا ہے دل کی گہرائیوں سے دعا نکلتی ہے کہ قاری صاحب نے اس کتاب کے ذریعہ عشرۂ کبیر کی جو خدمت فرمائی ہے اور اس سلسلہ میں جو عرق ریزی کی ہے رب جلیل اس کا بھرپور بدلہ عطا فرماوے، اور طالبان فن کو اس کتاب سے استفادہ کی توفیق عطا فرمائے، اللہ تعالی صحت وعافیت کے ساتھ قاری صاحب کو مزید خدمات کی ہمت اور توفیق ارزانی فرمائے، آمین۔ ایں دعا از من واز جملہ جہاں آمین باد

وصلی اللہ تعالی علی سیدنا محمد وعلی آلہ واصحابہ اجمعین

احقر عبداللہ غفرلہ کاپودروی

(۱۲/صفر المظفر ۱۴۳۲ھ مطابق ۱۷/جنوری ۲۰۱۱ء)

Scanned by CamScanner

تقریظ

از : ماہرفن، صاحب قلم، خوردنواز، استاذ الاساتذہ شیخ القراء
حضرت مولانا قاری ومقری ابوالحسن اعظمی دامت برکاتہم (دارالعلوم دیوبند)

۱۷ر صفر ۱۴۳۲ھ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد لله رب العلمين، والصلاة والسلام على سيد المرسلين.

قرآنی علوم میں اقدم اوراہم بلاشبہ علم تجوید اور علم قراءۃ ہے، علم تجوید تو ظاہر ہے کہ قطعی طور پر بنیادی ہے، کہ اس کے بغیر قرآن کریم کا صحیح تلفظ نہیں ہوسکتا، اور تلفظ صحیح نہ ہوگا تو صحت معانی چہ معنی دارد ! گویا اس علم کے بغیر مقصود ہی فوت ہوجاتا ہے، ایک طرف جہاں اس علم کی یہ اہمیت ہے وہیں دوسری طرف اس کی جانب کما حقہ توجہ نہیں۔ الا ماشاء اللہ!

رہا علم قراءۃ.. تو ؎ جب سر میں ہوائے طاعت تھی سرسبز شجر امید کا تھا،
جب سر سر عصیاں چلنے لگیں اس پیڑ نے پھلنا چھوڑ دیا

آغاز اسلام سے علم قراءۃ کی جانب کامل اعتناء اس کی اہمیت ہی کے لحاظ سے نظر آتا ہے مگر یہ بھی ایک حادثہ ہے کہ جوں جوں خیر القرون سے بُعد بڑھتا گیا اس کی برکتوں سے محرومی بھی روز افزوں ہوتی گئی۔

جہاں تک مسئلہ قراءات متواترہ صحیحہ کے ساتھ اعتقاد کا ہے تو ظاہر ہے کہ یہ ہر کلمہ گو کیلئے فرض عین ہے مگر صرف اعتقاد سے تو علم محفوظ نہیں رہ سکتا، بلکہ کامل عقیدت کے ساتھ ہر طرح سے اشاعت تعلیماً وتدریساً اور تصنیفاً وتالیفاً بھی ضروری ہے، اسی لئے اس علم کی بقاء اور تحفظ کیلئے اسے فرض کفایہ قرار دیا گیا۔

فرض کفایہ کا مطلب بھی سمجھ لینا چاہئے کہ اگر کسی علاقہ اور مقام پر کوئی قاری منزل من اللہ صحیح اور متواتر قراءات میں سے کوئی وجہِ قراءۃ انفراداً یا جَمعاً تلاوت کرے تو اس مقام اور اس علاقہ میں کم از کم ایک فرد اس قراءۃ کا جاننے والا ضرور ہو۔

جیسا کہ عرض کیا گیا کہ خیر القرون سے دوری کا غم برداشت کرنا پڑا، ساتھ ہی ایک غمناک دور ایسا بھی گزرا کہ کچھ لوگوں نے تو سرے سے قراءات کے اسقاط اور موقوف کردئے جانے کو بڑے شدومد کے ساتھ لکھنا اور بیان کرنا شروع کیا، اور اسے کیا کہا جائے کہ ایسے لوگوں کیلئے شخصیت بھی بڑی عظیم مل گئی یعنی علامہ ابن جریر طبریؒ (م ۳۱۰ھ) پھر تو ایسے ایسے گل کھلائے گئے کہ الامان والحفیظ! اور آج بھی کسی نہ کسی طرف سے ایسی لغو آواز اٹھ جاتی ہے۔ اللہ جزائے خیر عطا فرمائے علماء محققین کو جن کی طرف سے ہر زمانہ

Scanned by CamScanner

میں محققانہ جوابات دئے جاتے رہے۔

چونکہ علم قراءۃ نہایت ضروری اور بنیادی علم ہے، اللہ تعالی کو بہر حال باقی رکھنا ہے اسلئے اس کی خدمت کیلئے اپنے منتخب بندوں کو توفیق دیتا ہے، ارشاد ہے: ''ثم اورثنا الکتب الذین اصطفینا من عبادنا'' (فاطر)

ہمارے پیارے اور عزیز جناب محترم مولانا شیخ القراء، فخر ہند، المقری محمد صدیق صاحب سانسرودی دامت برکاتہم بلا مبالغہ اس آیت کے مصداق ہیں۔

اللہ تعالی جب اپنے کسی منتخب اور توفیق یافتہ بندے سے کوئی عظیم خدمت لینا چاہتے ہیں تو اسے علم کامل، وسیع اور گہرے مطالعہ کے ساتھ اور بھی متعدد خوبیاں اور کمالات ودیعت فرماتے ہیں۔

یہ دور علمی دور کہلاتا ہے، علم قراءۃ پر ائمہ اور مشائخِ متقدمین اور علماءِ محققین کے مآخذ اور مراجع کی اشاعت تحقیق وتشریح کے ساتھ ہو رہی ہے اور ان امہات کتب تک ارباب ذوق کی رسائی بھی ہو رہی ہے، مگر ان تحقیقات سے خاطر خواہ استفادہ اور اخذ کی بھرپور صلاحیت بھی سب کو میسر ہو جائے یہ ضروری نہیں ہے، کسی علمی وتحقیقی موضوع پر محض مطالعہ کافی نہیں ہے، اس کے ساتھ اخّاذ ذہن، اور مطالعہ اور معلومات سے صحیح نتائج تک رسائی، اور ان علوم کے بحر ذخّار میں غواصی کے بعد اس سے در بے بہا اور بیش قیمت جواہر نکالنے کا عمدہ سلیقہ بھی از بس ضروری ہوتا ہے۔

واضح رہے کہ جس طرح علم حدیث میں فن اسماء الرجال کا مقام ومرتبہ نہایت اہم اور عظیم الشان ہے، اسی طرح علم القراءۃ میں قراءات وروایات اور ان کے تمام طرق کی تحقیق اور چھان پھٹک، صحیح اور شاذ، علیل وسقیم، راجح ومرجوح، مقروء وغیر مقروء کی جانچ اور پرکھ اور صحیح اور کامل معلومات، یہ سب ایک محقق قاری اور مقری کیلئے بے حد اہم ہے، اس کے اندر نقص اور کمی سے بڑے نقائص پیدا ہوتے ہیں، آج ہمارے مدارس کے شعبۂ تجوید وقراءۃ میں استاذ عموماً غیر محقق اور ناقص ہوتے ہیں۔ الا ماشاء اللہ!

ایک عرصۂ دراز تک کسی محقق استاذ کی صحبت میں رہ کر علم وتحقیق سے آشنائی کے بغیر اس راہ میں قدم رکھ دیتے ہیں اور پھر اس کے نتائج بھی ظاہر ہیں۔

زیر نظر کتاب کے مصنف جناب قاری صاحب مدظلہ کو اللہ رب العزت نے علم وتحقیق کی دولت سے حظ وافر عطا فرمایا ہے، اس سے پہلے بھی جو گراں قدر کتابیں آپ کے قلم حقیقت رقم سے نکلی ہیں وہ شاہد عدل ہیں، اور خود یہ کتاب تو کہنا چاہئے کہ علم وتحقیق کا شاہکارِ اعظم ہے۔

میں نے آپ کے زمانۂ فراغت ہی سے آپ کے اندر پوشیدہ جوہر نایاب کی چمک دیکھ لی تھی، یہ یقین

Scanned by CamScanner

تھا کہ قادر مطلق نے اپنے اس بندے کو اپنے کلام کی مختلف النوع خدمات کیلئے اور تجوید وقراءات کیلئے بطور خاص پیدا فرمایا ہے۔

اپنے ملک میں بھی قراء ہیں جو وقتاً فوقتاً کچھ نہ کچھ لکھتے رہتے ہیں، مگر علم القراءۃ پر غائرانہ نظر، اس فن کے اہم اور قدیم مآخذ ومصادر، بطور خاص اس موضوع پر عدیم النظر محققانہ کتاب ''النشر فی القراءات العشر'' للمحقق ابن الجزریؒ کے مباحث اور اس کتاب کی معاون کتب تک رسائی اور ان کا مطالعہ اور پھر اس کے نتائج بحث جس سے فن کا ہر رخ پوری تحقیق، کامل اور صحیح تنقیح کے ساتھ واضح ہو کر سامنے آجائے اس کیلئے جس ذھن ودماغ، جدوجہد، راتوں کو دن بنانے والی جانسوزی اور جگر کاہی کی ضرورت ہے وہ ہمیں حضرت مصنف موصوف کی ذات میں بجا طور پر نظر آتی ہے۔

میں ابتدا سے ''وماذلک علی اللہ بعزیز'' اور ''ولیس علی اللہ بمستنکر'' کے الفاظ کے ساتھ آپ کیلئے دعا کرتا تھا، اللہ رب العزت نے خدمت فن کیلئے اپنے اس بندے کا انتخاب فرما کر بلا شبہ شائقین فن پر کرم بے پایاں فرمایا۔ فالحمد للہ!

زیر نظر کتاب ''المیسرة فی أصول القراءات العشر وإجراءها بطریق الطیبة'' علم القراءت کے جن اہم مسائل سے تعرض کرتی ہے اور تحقیق وتنقید کے ذریعہ جن پوشیدہ رخوں سے نقاب کشائی کرتی ہوئی نظر آتی ہے وہ تو بس مطالعہ ہی سے تعلق رکھتی ہے۔

اس کتاب میں مصنف نے پیش لفظ کے تحت کتاب کی خصوصیت کی طرف اشارہ فرمایا ہے، بیان مسائل میں آپ نے کیا کچھ گوشہ ہائے تحقیق واشگاف کئے ہیں اس کی تحقیقی داد وتحسین کا حق تو قدر شناش ہی ادا کر سکتے ہیں۔

پیش لفظ سے علم وفن اور اس کے غوامض کی طرف خاصا اشارہ ہو جاتا ہے، ان مباحث کے ساتھ آخر میں جمعاً (وقفی اور عطفی) ایک پارہ کا اجراء نہایت ہی اہم اور خاصے کی چیز ہے، اس کتاب کے ذریعہ مصنف کا اصحاب فن اور شائقین قراءات عشرۂ کبیر پر بڑا احسان ہے۔

میں سراپا دعا گو ہوں.... اللہ رب العزت ہم سب کو علمی وتحقیقی ذوق عطا فرمائے، مصنف کو اپنی شان کے مطابق جزائے خیر سے نوازے، صحت وسلامتی کے ساتھ حیات کی شادمانیاں اور عمر میں برکتیں عطا فرمائے اور اس کتاب سے بیش از بیش استفادہ کی توفیق بخشے، آمین۔

ابوالحسن اعظمی
دارالعلوم دیوبند
۱۷/صفر ۱۴۳۲ھ

Scanned by CamScanner

پیش لفظ

یہ ایک مصدقہ وناقابل تردید حقیقت ہے کہ امت مسلمہ کی سہولت کے خاطر قرآن کریم مختلف ومتعدد وجوہ میں نازل کیا گیا، نیز علمی حلقہ کو اس کا بھی بخوبی علم ہے کہ فی الحال ان میں کی دس ہی قراءات ہیں جو طریق تواتر سے ثابت ہیں اور جن کی قرآنیت کا اعتقاد ہر کلمہ گو کیلئے فرض عین ہے اور اس کی حفاظت واشاعت فرض کفایہ کی حیثیت رکھتی ہے، یہی وجہ ہوئی کہ قرن اول ہی سے اس فریضہ کی انجام دہی کیلئے نفوس قدسیہ کی ایک بڑی تعداد سرگرم عمل رہی اور حسب توفیق اپنی صلاحیتوں اور اوقات عزیز کو اسکے حصول اور ابلاغ کیلئے فارغ فرمایا اور اس فن شریف کو اپنی تمام تر عرق ریزیوں سے اپنے بعد والوں تک نہ صرف منتقل فرمایا بلکہ اس کے گیسوئے برہم کو سنوارتے ہوئے جملہ مسائل کی زبردست تحقیق فرمائی، باریک سے باریک تر مسائل کو اپنی فنی بصیرت ومہارت سے ایسا حل فرمایا کہ ہم بعد والوں کیلئے استفادہ سہل ہوگیا۔

تاریخ اس کی شاہد ہے کہ قرون اولی اور گذشتہ صدیوں کی تمام تر علمی درسگاہوں میں قراءات مختلفہ کو خوب پڑھا پڑھایا گیا، ہر صدی کی نامور شخصیات اس فن شریف میں امتیازی بصیرت ومہارت ہی کی حامل نہ تھیں، بلکہ دیگر علوم کے ساتھ ساتھ اس فن شریف میں بھی ان کی درسی وتحریری خدمات ناقابل فراموش رہی ہیں، ہمارے مدارس عربیہ نے بھی اسی مقصد نیک کے تحت درجات تجوید وقراءات قائم فرمائے جہاں علم قراءات کا کچھ چرچہ شروع ہوا اور بندگان خدا کی ایک ایسی تعداد (جس کو عام طلباء کی نسبت آٹے میں نمک کے برابر کہا جاسکتا ہے) نے نہ صرف ان درسگاہوں سے کسب فیض فرمایا بلکہ ان کے سوختہ جان مشائخ نے ان کے قلوب میں علم قراءت کی روح پھونک دی جس کا نتیجہ تھا کہ ان سعادت مند شاگردوں نے چھوٹی چھوٹی درسگاہوں میں بیٹھ کر خالصۃ لوجہ اللہ فن کی ایسی اشاعت فرمائی کے بڑے بڑے جامعات اس کی نظیر پیش نہیں کرسکے، اللہ تعالی کا شکر کہ پچھلے ۳۰/۳۵ سالوں سے تو ہمارے ان جامعات میں بھی اچھے منظّم انداز میں ان سنن نبویہ (علی صاحبها الف الف تحية) کی اشاعت کا اہتمام ہونے لگا اور علم تجوید کے ساتھ ساتھ

Scanned by CamScanner

قراءات سبعہ، ثلثہ وعشرہ کو بھی پڑھا پڑھایا جانے لگا ہے۔ الحمد لله على ذلك۔

بایں ہمہ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ہمارے ان جامعات میں ابھی بھی عشرۂ کبیر کے درس وتدریس اور حفاظت واشاعت کا خاطر خواہ اہتمام نہیں اور قراءات سبعہ وثلثہ ہی پر اکتفاء ہے، اور کچھ بندگان خدا نے عشرۂ کبیر کی طرف اعتناء کرتے ہوئے اس کو پڑھنا پڑھانا بھی شروع کیا تو وہ جمع حرفی میں، اور ارباب فن اس سے بخوبی واقف ہیں کہ وجوہ مقروءہ وغیر مقروءہ کی تمیز اور وجوہ کی روایتی حیثیات کی معرفت جمع حرفی سے نہیں ہوتی، غور کرنے پر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کی ایک بڑی وجہ تو ذوق وہمت کی پستی ہے تو ایک وجہ سبعہ وثلثہ کی بنسبت عشرۂ کبیر کا مشکل وسخت ہونا بھی ہے اور کسی حد تک یہ صحیح بھی ہے کہ یہ ایک مشکل فن ہے کیونکہ اس میں (سبعہ وثلاثہ کی نسبت) اختلافات ووجوہات کی کثرت، اصول وفروش کی طوالت، اختلاف میں جمہور وغیر جمہور کی تمیز، معرفت طرق، خلط فی الطرق وخروج عن الطریق سے احتراز، بوقت اجراء وجوہ کی کثرت نیز وجوہ مقروءہ وغیر مقروءہ کے مابین تمیز اور وجوہ غیر مقروءہ کیلئے وجہ ممانعت جیسے امور فی الواقعہ کافی محنت طلب ومشکل ہیں، پھر ان سب کے حل کرنے کیلئے مارکیٹ میں کتب کی کمی، نیز مراجع غیر مطبوعہ سے متعلق معلومات کا نہ ہونا اور معلومات کے بعد ان تک رسائی کے اسباب کا فقدان، یہ سارے امور وجہ پریشانی ہیں، ''مگر مشکلے نیست کے آساں نہ شود'' اللہ رب العزت سے مانگتے ہوئے محنت کی ضرورت ہے نہ کہ ہمت ہارنے کی، پھر اشاعت الکتب کے اس دور میں جبکہ فن کی بڑی اہم ومراجع کی حیثیت رکھنے والی کتابیں بھی رفتہ رفتہ شائع ہونے لگی ہیں، نیز نظام قدرت دیکھئے کہ ہر دور میں ایک طبقہ نے اس فن کی اشاعت وحفاظت تعلیم وتعلم کیلئے تو اپنے آپ کو وقف کیا ہی تھا مگر اللہ تعالی کی قادر مطلق ذات نے گذشتہ دو تین صدی میں اس فن کی تحقیق وتخریج، تائید وتوثیق کیلئے اپنے بعض بندوں کا خصوصیت سے انتخاب فرمایا جنہوں نے اپنی سعی پیہم وانتھک کوششوں سے مسائل فن کی وہ تحقیق فرمائی کے دودھ کا دودھ پانی کا پانی الگ کردیا اور صحیح وسقیم، محقق وغیر محقق وجوہ کے مابین خط کھینچ دئے اور غیر محقق وغیر مقروء وجوہ کا باب ہمیشہ کیلئے بند کر گئے، جن میں شیخ مصطفیٰ الازمیریؒ وشیخ متولی علیہ الرحمۃ کی تحقیقات خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں کہ شیخ مصطفیٰ الازمیری (المتوفی ۱۱۵۵ھ) کی

Scanned by CamScanner

عالی ہمت واولوالعزم ذات نے بغرض تحقیق محقق فن علامہ جزریؒ کی النشر کے مراجع کی طرف ازسرنو رجوع فرمایا اور ائمۂ عشرہ وان کے رواۃ وطرق سے منقول وجوہات کا حیرت انگیز انداز میں ازسرنو بالتفصیل مطالعہ فرما کر بعض مواقع میں محقق جزریؒ کے مطالعہ اور بیان سے اختلاف بھی فرمایا، پھر تیرہویں صدی ہجری میں اللہ رب العزت کی بے نیاز ذات نے حفاظت قراءت کیلئے مصر میں شیخ محمد المتولی الضریرؒ کی بے مثال شخصیت کو پیدا فرمایا، اللہ تعالی کے اس فاقد البصارت مگر صاحب بصیرت بندے نے قراءت عشرۂ کبیر کی خاص کر ایسی بے مثال تحقیق فرمائی کہ ارباب بصارت وبصیرت کے سر خم ہوگئے، چنانچہ شیخ نے خاص کر قراءت عشرۂ کبیر کی بہت سی وجوہ میں ہونے والے خلط فی الطرق کا انکشاف فرمایا بلکہ علامہ جزریؒ نے جن وجوہ غیر مقروءہ کی طرف النشر میں تنبیہات وتحریرات کے ذریعہ توجہ دلانا شروع فرمایا تھا، علامہ جزریؒ کے بعد کے اس عظیم محقق نے جزری کے اس سلسلہ کو آگے بڑھایا اور پورے قرآن کریم کے ایسے سارے مواقع کی صرف نشاندہی نہیں، بلکہ اس کیلئے بڑی بیش قیمت تحقیقات بھی پیش فرمائیں، چنانچہ یہ آپ ہی کی مساعی جمیلہ کا ثمرہ ہے کہ جو وجوہ غیر مقروءہ ہماری درسگاہوں میں پڑھی پڑھائی جاتی تھیں یا جو وجوہ مقروءہ نہیں پڑھائی جارہی تھیں انہیں سمجھنے کا موقع ملا، نیز وجوہ غیر مقروءہ کی توجیہات کا بھی انکشاف ہوا اور نہ صرف ہمیں بلکہ ہماری طرح دنیا بھر کے باذوق طالبان قراءات کو موقع ملا اور عرب وعجم میں شیخ کی تحقیقات کا غیر معمولی استقبال ہوا اور باب قراءت میں امام جزریؒ کے بعد اب دنیا آپ ہی کی تحقیقات پر اعتماد کرتی ہے، مثلاً ہماری درسگاہوں میں نون ساکن وتنوین کے بعد لام وراء کے آنے پر ادغام ناقص ازرق کیلئے بھی پڑھا جارہا ہے آپ نے اس پر ''البرهان الأصدق والصراط المحقق فی منع الغنة للأزرق'' نامی رسالہ تصنیف فرمایا جس میں بالتحقیق یہ ثابت کیا گیا ہے کہ صحبہ کی طرح ازرق سے بھی ادغام ناقص نہیں ہے بلکہ صرف تام ہے۔

اسی طرح نون ساکن اور تنوین کے بعد لام ورا کے آنے پر جن کیلئے ادغام ناقص بھی جائز ہے، علامہ جزریؒ کی رائے یہ رہی ہے کہ مناسب ہے کہ اس جواز کو نون مرسوم کے ساتھ مقید کیا جائے یعنی نون مرسوم مثلاً أن لا میں ناقص جائز اور غیر مرسوم یعنی ألاّ میں ناقص کو جائز نہ رکھا جائے اور اتباع جزریؒ

میں مشائخؒ کے یہاں یہی معمول بہا بھی رہا، لیکن شیخ متولیؒ نے اس پر بڑے مدلل انداز میں بہت ہی وقیع بحث فرمائی اور اس ادغام ناقص کو مطلق رکھتے ہوئے نون مرسوم وغیر مرسوم دونوں میں جائز قرار دیا، اور یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ علمی دنیا اور مراکز تحقیق میں امور شرعیہ اور مسائل علمیہ کی تحقیق و تنقیح کا سلسلہ قدیم زمانہ سے چلا آرہا ہے کہ اسلاف کے بیان فرمودہ بعض مسائل اور ان کی قائم فرمودہ بعض آراء جو مزید تحقیق وغور وفکر کی محتاج ہوتی ہیں نظام خداوندی کے تحت بعد کے ادوار میں اللہ کی بے نیاز ذات ایسے رجال بصیرت پیدا فرماتی ہے، جو اس دینی ضرورت کیلئے کمر ہمت باندھتے ہیں اور اس کا بیڑہ اٹھا لیتے ہیں جو دین اسلام کی حقانیت کی دلیل ہے، چنانچہ خود علم فقہ میں امام ابوحنیفہؒ کے بہت سے آراء پر آپ ہی کے باسعادت و بافیض شاگردان نے نظر ثانی فرمائی اور کئی مواقع میں مسئلہ کی مزید تنقیح فرما کر استاذ محترم کی رائے سے اختلاف کیا اور بعد کے مشائخ حقہ نے استاذ محترم کی رائے کے بالمقابل شاگردوں کی آراء کو منقح قرار دے کر اسی کو مفتی بہ قرار دیا، علم تجوید وقراءت میں بھی بعض مجتہد فیہ مسائل میں اخلافِ خلف نے اپنے اسلاف سے مضبوط دلائل کی بنیاد پر اختلاف کیا ہے۔

بنصرت الٰہی ہم بعض ایسے مسائل کو بھی زیر بحث لائے ہیں تاکہ دونوں طرف کے دلائل اور ضروری تحقیق و تنقیح سے علم دوست حضرات کو آگاہی ہو، وہ مسائل حسب ذیل ہیں۔

(۱) کیا ''الارض'' جیسے مواقع مفصول خاص میں امام حمزہ کیلئے وقفاً تحقیق بھی ہے؟

(۲) کیا جمع مذکر سالم میں وقفاً الحاق متروک العمل ہے؟

(۳) کیالن نؤمن لک جیسے مواقع میں ادغام کبیر کرتے ہوئے تام کے ساتھ ناقص بھی جائز ہے؟

(۴) کیا ابن ذکوان کیلئے مد متصل و منفصل کے طول پر بھی ساکن صحیح میں سکتہ ہوگا؟

(۵) مد بدل والفات ذوات الیاء کے اجتماع کے مواقع میں وجوہ مقروءہ پانچ ہیں یا چھ؟

(۶) نون ساکن وتنوین کے بعد لام ورا کے آنے پر جن قراء کیلئے ناقص بھی جائز ہے وہ نون مرسوم کے ساتھ خاص ہے یا مرسوم وغیر مرسوم دونوں میں ہوگا ؟

پھر دور حاضر میں ایک کتاب ''فریدة الدهر'' جو اسم بامسمی ہے منصۂ شہود میں آئی اور اس نے تو

Scanned by CamScanner

اجراء عشرۂ کبیر کو اور بھی سہل کر دیا ہے، فجزاہ اللہ عنا أحسن الجزاء۔

اس ناقص نے عشرۂ کبیر مرجع القراء امام الفن حضرت مولانا قاری محبّ الدین علیہ الرحمۃ کے فنی وارث وجانشین، استاذ الاساتذہ حضرت مولانا قاری انیس احمد صاحب فیض آبادیؒ سے پڑھی، اس زمانہ میں کتب عشرۂ کبیر کی بے حد قلت تھی اور نفس فن بھی مشکل جو محتاج بیان نہیں، اسلئے اسی زمانہ سے یہ ضرورت محسوس ہورہی تھی کہ کوئی بندۂ خدا اس فن کے اصول مختصر اور ایسے سہل انداز میں لکھ دے جس کا سمجھنا اور یاد کرنا آسان ہو، ساتھ ہی ساتھ کم از کم آدھ پون پارے کا اجراء بھی، کہ یہ مشکل بالکل ہی آسان ہوجائے اور اس کی اپنے بڑوں سے بار بار درخواست بھی کرتا رہا۔

ادھر چونکہ عشرہ پڑھنے ہی کے وقت سے جس آیت کا اجراء کرنا ہوتا ابتداءً اسے ایک کاغذ میں الگ سے لکھتے، پھر اس میں پائے جانے والے اختلافات کو لکھتے، اس کے بعد جمع عطفی میں اجراء کیلئے بالترتیب وجوہ کو لکھتے، یوں پاؤ پارہ اجراء کا دھندھلا سا خاکہ تو تیار ہی تھا، ادھر بتوفیق الٰہی پچھلے کئی سالوں سے اس کو پڑھانے کا موقع بھی ملا تو وہ تحریر نکھرتی اور سنورتی گئی ادھر مذکور الصدر دونوں بزرگوں بالخصوص شیخ متولیؒ نے فن کی ان گتھیوں کو سلجھایا تھا جن میں الجھاؤ تھا تو اس کی تسہیل اور مذکورہ بالا تحقیقات کے شیوع کی ضرورت کا احساس شدت پکڑتا گیا اور متوکلا علی اللہ ہمت کی اور کام شروع کیا، اس دوران اپنے مخلصین اور بزرگوں سے دعا کی درخواست بھی کرتا رہا، جس کے نتیجہ میں نصرت غیبی شامل حال ہوئی اور آج ہم اپنی یہ ناقص کاوش کو شائقین کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کررہے ہیں۔

کلمات تشکر :- اللہ تبارک وتعالی اس حقیر کوشش کو شرف قبول عطا فرمائیں اور اپنی رضامندی کا ذریعہ بنائیں، (آمین) اس موقع پر کیسے فراموش کرسکتا ہوں میں سندنا واستاذنا حضرت العلام والمقری مولانا انیس احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو جن کی آغوش تربیت میں پرورش پاکر فن قراءت کا کچھ ذوق وشوق ملا، دلچسپی ووابستگی نصیب ہوئی اللہ پاک حضرت الاستاذ کو اپنی شایان شان بدلہ نصیب فرمائیں، آمین۔

نیز اللہ پاک جزائے خیر عطا فرمائے میرے محسن ومربی مفکر ملت حضرت مولانا عبد اللہ صاحب

Scanned by CamScanner

(کاپودروی) دامت برکاتہم رئیس جامعہ فلاح دارین ترکیسر کو کہ جن کی رہبری ورہنمائی اور حوصلہ افزائی مشعل راہ ثابت ہوئی، آپ ہمارے لئے پاور ہاؤس کی حیثیت رکھتے ہیں، جن کی صحبتِ بابرکت سے اس حوصلہ شکن دور میں کچھ لکھنے پڑھنے کا حوصلہ ملتا ہے، ڈاؤن شدہ بیٹری چارج ہوجاتی ہے، اللہ پاک آپ کے سایۂ عاطفت کو باعافیت وسلامت باکرامت تادیر قائم رکھیں، آپ کو جب اور کتابوں کی طرح اس کتاب کی ترتیب وتالیف کا علم ہوا تو بیحد خوشی کا اظہار فرمایا اور اپنے قیمتی اور وقیع کلمات طیبہ کے ذریعہ کتاب کو زینت بھی بخشی۔

اسی طرح اللہ رب العزت بہت ہی بہتر بدلہ عنایت فرمائیں میرے مخلص دوست، صلاحیت وصالحیت کے حامل، استاذ حدیث وتفسیر محترم جناب قاری مولانا محمد یوسف صاحب (ٹنکاروی) دامت برکاتہم کو جنہوں نے گذشتہ کی طرح اب کی بھی اپنے مصروف ترین اوقات عزیز سے وقت فارغ فرما کر اس تحریر کی صفائی اور اس کے سنوارنے میں مجھ ناقص وعاصی کا ساتھ نبھایا۔

نیز خصوصی شکریہ کے مستحق ہیں ادارہ کے جواں عمر مدرس جناب مولانا قاسم کٹھور صاحب زید مجدہ اور میرے رفقاء کار حضرات قراء کرام جنہوں شب وروز کی عرق ریزی اور قابل قدر لگن سے مضمون کی کمپوزنگ کی بالخصوص اجراء کی کتابت جو اپنے میں بڑی نزاکت رکھتی ہے، جن میں مطلوبہ سائز کے دائرے میں رہ کر کلمات مختلف فیہ اور وجوہ اختلاف کے مابین کا سیٹنگ جوتھکا دینے والا ہے، بڑی محنت ومشقت سے خالصۃ لوجہ اللہ اسے انجام دیا، فجزاهم الله أحسن الجزاء۔

اخیر میں رب کریم سے دست بدعا ہوں کہ وہ ذات عالی اس میں ہوئی ظاہری وباطنی کوتاہیوں سے درگزر فرمائے اور محض اپنے فضل سے اس کو شرف قبول عنایت فرمائے، آمین۔

محتاج دعا : محمد صدیق سانسرودی

Scanned by CamScanner

کتاب ایک نظر میں

(۱) طلبۂ عزیز کی سہولت کے پیش نظر اولاً بہت مختصر انداز میں اصول عشرۂ کبیر کو لکھا گیا ہے تاکہ اس کو بسہولت حفظ کیا جاسکے۔

(۲) پھر باب اصول کے وہ مواقع جہاں مزید وضاحت وتفصیل ضروری تھی اور ان کو اصول کے ساتھ لکھنے سے حفظ کی سہولت کا مقصد فوت ہوتا تھا، ان کو حاشیہ میں بیان کردیا ہے۔

(۳) اسی طرح اصول کے وہ مواقع جن سے متعلق مشائخ قراءت کی آراء مختلف ہیں، انہیں بالتفصیل حاشیہ میں بیان کیا گیا ہے تاکہ اس سے بھی واقفیت ہو اور اصول کا اختصار بھی متاثر نہ ہونے پائے۔

(۴) باب اصول کے وہ اجزاء جو ہمارے معمول بہا طریق پر مزید تحقیق چاہتے تھے مثلاً :

(۱) جمع مذکر سالم میں الحاق (۲) نون ساکن وتنوین کے بعد لام ورا کے آنے پر ازرق کیلئے بھی ادغام ناقص پڑھنا (۳) بعض شراح طیبہ کا یعقوب کیلئے ادغام کبیر کو غیر معمول بہا قرار دینا وغیرہ، ان کیلئے ارباب تحقیق کی عبارات سے مستفاد گفتگو حاشیہ میں کی گئی ہے۔

(۵) ائمۂ عشرہ اور ان کے روات نیز ہر راوی کے دو دو طریق کو بھی اجمالا بیان کیا گیا ہے۔

(۶) اور اجراء اس طرح لکھا گیا کہ کسی بھی آیت کے اجراء سے قبل مختلف فیہ کلمات میں پائے جانے والے جملہ اختلافات کو مع رجال اختلاف کے لکھا گیا، جس کی وجہ سے نفس اجراء اور وجوہ کی ترتیب سہل سے سہل تر ہوجاتی ہے۔

(۷) شروع میں تو ہر اختلاف کو بالتفصیل لکھنے کا اہتمام کیا گیا ہے، لیکن بعد میں ان میں کے کثیر الوقوع اختلافات کی صرف نشان دہی کرتے ہوئے تفصیل کو حذف کردیا گیا ہے۔

(۸) ابتداءاً دو رکوع کا اجراء جمع وقفی میں کیا گیا ہے کہ طالب علم کیلئے سمجھنے میں سہولت ہوجائے پھر پارۂ اول کے ختم تک جمع عطفی میں لکھا گیا ہے۔

Scanned by CamScanner

(۹) دوران اجراء وجوہ غیر مقروءہ کی نہ صرف نشان دہی کی گئی ہے بلکہ اولاً عقلی وجوہ کو لکھا گیا، پھر ان میں کی غیر مقروءہ وجوہ کی تعین کی گئی ہے، نیز ان کے غیر مقروء ہونے کی توجیہات کا بھی اہتمام کیا گیا ہے، تاکہ ہمارے طلبۂ عزیز ان کے غیر مقروء ہونے پر اطمینان حاصل کر سکیں۔

(۱۰) جب کسی بھی آیت کی وجوہ متعددہ میں کی کئی وجوہ غیر مقروءہ ہوں گی، تو ان کو بالاستقلال الگ سے لکھا گیا اور پھر اس آیت کا اجراء لکھتے ہوئے صرف وجوہ مقروءہ ہی کو باقی رکھا گیا، البتہ کسی آیت میں ایک یا دو غیر مقروء وجوہ ہوتی ہیں تو ان کو اجراء کرتے ہوئے وجوہ مقروءہ کے ساتھ ہی لکھا گیا، مگر ان کے غیر مقروء ہونے کی وضاحت کر دی گئی ہے۔

(۱۱) بلکہ کہیں کہیں غیر مقروء ہونے کی مزید وضاحت کی غرض سے ناقلین کی نقل کا نقشہ بھی دے دیا گیا ہے، تاکہ خلط واضح ہو کر الم نشرح ہو جائے اور مزید برآں ان کیلئے حوالوں کا اہتمام بھی کیا گیا ہے۔

(۱۲) خلف عاشر کیلئے چونکہ کوئی مستقل رمز نہیں ہے، لہذا ضرورت کے جملہ مواقع میں نشان دہی کیلئے ''ف'' کو بطور رمز تو لکھا گیا اور چونکہ امام حمزہ کی رمز بھی ''ف'' ہے لہذا دونوں میں تمیز کی غرض سے خلف عاشر کی ف پر تارہ (فٛ) بنا دیا گیا ہے۔

(۱۳) پھر اخیر میں تحریرات کے عنوان سے ان ساری غیر مقروء وجوہات کو یکجا بھی کر لیا گیا ہے، تاکہ باب تحریر سے استفادہ آسان ہو جائے۔

Scanned by CamScanner

نقشۂ ائمہ عشرہ اوران کے روات وطرق

ائمہ	روات	طریق (۱)	طریق (۲)
نافع المدنی	قالون	أبونشیط ابن بویان ، القزاز	الحلوانی ابن ابی مهران ، جعفر بن محمد
	ورش	أزرق النحاس ، ابن سیف	الاصبهانی هبة الله ، المُطَوَّعِیُ
ابن کثیرالمکی	بزی	أبوربیعه النقاش ، ابن بَنان	ابن الحباب احمد بن صالح ، عبد الواحد
	قنبل	ابن مجاهد سامری ، صالح	ابن شنبوذ ابوالفَرَج ، الشَّطُوی
أبوعمروالبصری	دوری	ابوالزعراء ابن مجاهد ، المُعَدَّل	ابن فرح زید بن بلال ، المُطَوَّعِیُ
	سوسی	ابن جریر عبدالله بن حسین ، ابن حبش	ابن جمهور الشُّذَائِی ، الشنبوذی
ابن عامرالشامی	هشام	حلوانی ابن عبدان ، جمال	داجونی زید ، الشذائی
	ابن ذکوان	اخفش النقاش ، ابن الاخرم	الصوری رملی ، مطوعی
عاصم الکوفی	شعبه	یحیی بن آدم شعیب ، ابوحمدون	یحیی العلیمی ابن خلیع ، الرَّزَّاز
	حفص	عبید بن صباح هاشمی ، ابوطاهر	عمر وبن صباح طریق الفیل ، زرعان

Scanned by CamScanner

حمزه الكوفى	خلف	ادريس	ادريس
		ابن[1] عثمان، ابن[2] مقسم،	ابن[3] صالح، المطوعی[4]
	خلاد	خلاد	خلاد
		ابن شاذان، ابن الهيثم	وزان، الطلحی
كسائى الكوفى	ابوالحارث	محمد بن يحیٰ	سلمه بن عاصم
		البَطِّی، القَنْطرِی	ثعلب، ابن ابوالفَرَجُ
	دورى	جعفر بن محمدالنصيبى	ابوعثمان الضرير
		ابن الجلندى، ديزويه	ابن أبى الهاشم، الشَّذَائِی
ابوجعفرالمدنى	ابن وردان	ابن شاذان	هبة الله
		ابن شعيب، ابن هارون	الحنبلی، الحمامی
	ابن جماز	أبوايوب الهاشمى	ابوعمرو الدورى
		ابن رزين، جمال	ابن النفاخ، ابن نَهْشَل
يعقوب الحضرمى	رويس	التمار عن اربعة فمنهم	التمار
		النخاس[1]، ابوالطيب[2]،	ابن[3] مقسم، الجوهری[4]
	روح	ابن وهب	الزبيرى
		المعدل، حمزه بن على	غلام بن شنبوذ، ابن حبشان
خلف البزار	إسحاق	ابن ابى عمر	اسحاق
		السوسنجردى، بكر بن شاذان	محمد بن اسحاق، البرصاطى
	إدريس	ادريس	ادريس
		طريق الشطى، طريق المطوعى	طريق ابن بويان، طريق القطيعى

Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسملہ بین السورتین کا بیان

کسی بھی سورت کو شروع کرنے کی دو صورتیں ہیں (۱) ابتداء قراءت ابتدائے سورت (۲) درمیان قراءت ابتدائے سورت، صورت اولی کا حکم یہ ہے کہ اس میں استعاذہ کے ساتھ بسملہ بالاتفاق ضروری ہے سوائے سورۂ براءۃ کے۔

صورت ثانیہ کی چار شکلیں ہیں (۱) وصل کل (۲) فصل کل (۳) وصل اول فصل ثانی (۴) فصل اول وصل ثانی، مذکورہ صورار بعہ میں کی وصل اول فصل ثانی تو بالاتفاق ناجائز ہے، باقی تین جائز ہیں جن میں سے فصل کل اور فصل اول وصل ثانی میں تو بسملہ بالاتفاق ضروری ہے، جبکہ وصل کل یعنی ایک سورت ختم کر کے دوسری سورت کو مرتبۃ یا غیر مرتبۃ بلا توقف شروع کیا جائے تو اس وقت بسملہ کے پڑھنے نہ پڑھنے میں ائمۂ قراءت کے مابین اختلاف[1] ہے اسی کو اصطلاح قراءت میں بسملہ بین السورتین کہتے ہیں۔

تفصیل جسکی یہ ہے کہ قالون، اصبھانی، ابن کثیر مکی، عاصم، کسائی، اور ابو جعفر بین السورتین بسملہ پڑھتے ہیں، جس کو اصطلاحاً فصل کہتے ہیں۔

ورش بطریق ازرق، ابوعمرو بصری، ابن عامر شامی اور یعقوب کیلئے تین وجہیں ہیں

(۱) بسملہ (۲) ترک بسملہ بدون سکتہ (۳) ترک بسملہ مع السکتہ۔

امام حمزہ کیلئے صرف وصل بلا سکتہ ہے، جبکہ خلف عاشر کیلئے وصل بلا سکتہ اور وصل مع السکتہ دو وجہیں ہیں[2]۔

---

[1] البتہ اگر شروع ہونے والی سورت ختم ہونے والی سورت سے مقدم ہو، مثلاً سورۂ یٰس شریف ختم کر کے بلا توقف سورۂ کہف شروع کی جائے تو اب بالاتفاق بسملہ ضروری ہے۔

فائدہ :- بعض اہل ادا یعنی ابن غلبون، علامہ مہدوی اور مکی جیسے حضرات نے بین السورتین سکتہ کرنے والے قراء یعنی ازرق، ابوعمرو، ابن عامر، یعقوب و خلف عاشر کیلئے اربع زہر میں بجائے سکتہ کے بسملہ کو پسند فرمایا ہے۔

اور بین السورتین وصل بدون سکتہ کرنے والوں (ازرق، ابوعمرو، ابن عامر، حمزہ، یعقوب، خلف عاشر) کیلئے سکتہ کر کے پڑھنے کو پسند فرمایا ہے۔

فائدہ :- اربع زہر سے مراد ویل للمطففین، ویل لکل، لا أقسم بیوم القیامة، لا أقسم بهذا البلد، یہ چار سورتیں ہیں۔

[2] خلف عاشر سے خُلف کی تفصیل یہ ہے کہ وصل بدون سکتہ تو اکثر متقدمین سے ہے، جبکہ وصل مع السکتہ اکثر متأخرین سے ہے (شرح نویری، ج ۱/ ۱، ص ۲۹۰/)

Scanned by CamScanner

فاتحۃ الکتاب کا بیان

مالک :امام عاصم، کسائی، یعقوب اور خلف اختیاری کیلئے مالک بالالف ہے، باقی قراء کیلئے بحذف الالف مَلِکِ ہے۔

الصراط :- کلمۂ صراط خواہ معرف باللام ہو یا غیر معرف[۱] قنبل بالخلف[۲] اور رویس بلا خلف بالسین پڑھتے ہیں اور خلف عن حمزہ ہر جگہ (معرفا کان أو منکرا) باشمام الزاء پڑھتے ہیں اور خلاد کیلئے طرق اربعہ ہیں۔

(اول) صرف سورۂ فاتحہ کے پہلے میں اشمام۔

(ثانی) فاتحہ کے دونوں میں اشمام۔

(ثالث) فاتحہ وغیر فاتحہ کے وہ کلماتِ صراط جو معرف باللام ہوں صرف ان ہی میں اشمام۔

(رابع) پورے قرآن کریم میں عدم اشمام[۳]۔

فائدہ :- لہذا ان طرق اربعہ کو جمع کر کے پڑھنے کی صورت یہ ہے کہ معرف باللام کے کل چھ مواقع اور غیر معرف میں سے صرف فاتحہ کے دوسرے کلمہ میں اس طرح کل سات مواقع میں دونوں وجوہ جاری ہوں گی اور باقی ۳۸ میں صرف صاد ہوگا۔ (کشف النظر ج ۱، ص ۴۳۷)

---

[۱] یہ کلمہ پورے قرآن میں ۴۵ جگہ واقع ہوا ہے۔

[۲] قنبل سے بطریق ابن مجاہد بالسین منقول ہے جبکہ ابن شنبوذ و دیگر ناقلینِ روایتِ قنبل سے صاد منقول ہے۔

[۳] ابن شاذان سے تین وجوہ ہیں

(۱) صرف پہلے میں اشمام (۲) صرف پہلے دو میں اشمام (۳) سب (۴۵) جگہ صاد۔

(پس ان کیلئے صرف پہلے دو میں خُلف اور باقی (۴۳) میں صرف صاد ہے اور ابن ہیثم و طلحی کیلئے ۴۵ جگہ بلا خلف صاد ہے اور وزّان کیلئے تین وجوہ ہیں (۱) صرف پہلے دو میں اشمام (۲) صرف ''ال'' والے میں اشمام (۳) ہر جگہ (۴۵) میں صاد پس ان کیلئے معرف باللام اور فاتحہ کے دوسرے کلمہ میں یعنی ان سات میں خلف اور باقی اڑتیس (۳۸) میں صرف صاد ہے۔

Scanned by CamScanner

میم جمع کا بیان

قاعدہ (۱) میم جمع کے بعد ضمیر کے علاوہ کوئی اور حرف متحرک ہوتو قالون بالخلف اور ابن کثیر مکی وابوجعفر بلاخلف صلہ کرتے ہیں، مثلاً علیهم غیر المغضوب۔

قاعدہ (۲) اور اگر میم جمع کے بعد ہمزۂ قطعیہ واقع ہوتو قراء مذکورین کے ساتھ ساتھ ورشؒ بھی اپنے دونوں طریق سے صلہ کرتے ہیں، جیسے لکم انفسکم باقی قراء کیلئے ترک صلہ ہے۔

قاعدہ (۳) اگر ضمیر ''هم'' کی میم جمع کے بعد کوئی حرف ساکن ہو اور اس هم کی ہا سے قبل کسرہ یا یاء ساکنہ ہوتو ابوعمرو بصری ھا و میم دونوں کو مکسور پڑھتے ہیں، مثلاً بهم الاَسباب ، علیهم القتال۔

اور امام حمزہ، کسائی وخلف عاشر ھا و میم دونوں کو مضموم پڑھتے ہیں اور امام یعقوب میم کو ھا کے تابع کر کے پڑھتے ہیں، یعنی اگر ھا مضموم ہوتو میم کو بھی مضموم پڑھتے ہیں، مثلاً یریهم الله، علیهم القتال وغیرہ اور اگر ہاء مکسور ہوتو میم کو بھی مکسور پڑھتے ہیں جیسے بهم الاَسباب[1]۔

---

[1] یعقوب کیلئے اگر ہاء سے قبل یاء ساکنہ ہوتو ھا مضموم ہوتی ہے اور اگر ھا سے قبل کسرہ ہوتو ھا بھی مکسور ہوتی ہے۔

Scanned by CamScanner

مفرد کے ماسوا ضمیر غائب کا بیان

قاعدہ :- ہر وہ ضمیرِ تثنیہ وجمع غائب جس سے پہلے یاء ساکنہ واقع ہو تو امام یعقوب اس ھا کو وصلا ووقفا مضموم پڑھتے ہیں، مثلاً فیهما، فیهم، یریهم، علیهن، علیهم، لدیهم۔

لیکن اگر یہ یاء کسی عامل جازم یا بناء کی وجہ سے حذف ہو جائے تو صرف رویس بضم الھاء پڑھتے ہیں اور روح بکسر الھاء پڑھتے ہیں جیسے فاتهم۔

فائدہ :- ایسے کلمات پورے قرآن میں سولہ[۱۶] ہیں جن میں سے (۱) سورۂ حجر میں یلههم الأمل (۲) غافر میں وقهم عذاب الجحیم (۳) وقهم السیئات (۴) سورۂ نور میں یغنهم الله ان مواقع اربعہ میں رویس کیلئے ہا کا ضمہ بالخلف ہے اور وجہ ثانی کسرہ ہے، جبکہ سورۂ انفال کے (۵) ومن یولهم میں بلا خلف ھا کا کسرہ ہے، بقیہ گیارہ مواقع میں بلا خلف ھا کا ضمہ ہے۔

(گیارہ کی تفصیل حاشیہ میں ملاحظہ فرمائیں) [۱]

قاعدہ :- امام حمزہ کلمات ثلثہ علیهم، إلیهم، لدیهم کو وقفا ووصلا ہر حال میں بضم الھاء پڑھتے ہیں۔

---

[۱] گیارہ کلمات کی تفصیل حسب ذیل ہے (۱) سورۂ اعراف میں (۱) فاتهم (۲) وإن یأتهم (۳) لم تأتهم (۴) سورۂ توبہ میں یخزهم (۵) أولم تأتهم (۶) سورۂ یونس میں ولما یأتهم (۷) سورۂ طٰہٰ میں أولم تأتهم (۸) سورۂ عنکبوت میں أولم یکفهم (۹) سورۂ احزاب میں اتهم (۱۰) سورۂ صٰفّٰت میں فاستفتهم أهم اشد. (۱۱) فاستفتهم الربک.

Scanned by CamScanner

ادغام کبیر کا بیان

قاعدہ - جب دو حرف متحرک بعلت[۱] ادغام خطاً[۲] ورسماً متصل ہوں، تو شرائط[۳] ادغام کے پائے جانے اور موانعِ[۴] ادغام کے موجود نہ ہونے کی صورت میں ابوعمرو بصری سے بروایت دوری وسوسی بالخلف ادغام کبیر مروی ہے مثلاً فیه هدی۔

قاعدہ :- صاحب مصباح ابوالکرمؒ نے یعقوب کیلئے بھی مثلین، متجانسین ومتقاربین کے جملہ مواقعِ ادغامِ کبیر میں ابوعمرو کی طرح ادغام بیان فرمایا ہے[۵]، جبکہ ان کے ماسوا نے یعقوب سے یہ ادغام نقل نہیں فرمایا ہے، لہذا جمع بین القولین والروایتین سے یعقوب کیلئے بھی ابوعمرو کی طرح جملہ مواقعِ ادغامِ کبیر میں ادغام بالخلف ہوکر اظہار وادغام دووجہ مقروء ہوں گی۔

---

[۱] علل ادغام تین ہیں (۱) علت تماثل (۲) علت تجانس (۳) علت تقارب۔

[۲] دوحرفوں کا باہم اتصال رسماً وکتابۃً ہونا ضروری ہے خواہ قراءۃً اتصال ہو یا نہ ہو، چنانچہ إنـه هو میں دو ها رسماً متصل ہے گو قراءۃً متصل نہیں، کیونکہ ضمۂ موصولہ یعنی واو مدہ حاجز ہے، پھر بھی ادغام ہوگا اور أنا نذير میں قراءۃً اتصال ہے مگر رسماً اتصال نہ ہونے کی وجہ سے ادغام نہ ہوگا۔

[۳] شرائط :-(۱) دوحرفوں میں اتصال رسماً ہونا ضروری ہے (۲) ایک کلمہ میں ادغام کیلئے مدغم فیہ کا ایک حرف سے زائد ہونا ضروری ہے چنانچہ خلقک میں ادغام نہ ہوگا جبکہ خلقکم میں ادغام ہوگا کہ مدغم فیہ ایک حرف سے زائد ہے.

[۴] موانع ادغام تین ہیں (۱) مدغم کا منون ہونا جیسے سميع عليم (۲) مدغم کا مشدد ہونا مثلا مسّ سقر، الحقّ كمن (۳) مدغم کا تائے ضمیر ہونا خواہ وہ ضمیر متکلم کی تا ہو یا خطاب کی مثلا كنـت تـرابا ، لقد كدت تركن، خلقت طينا وغيره۔

[۵] نوٹ :- طیبۃ النشر میں علامہ جزریؒ فرماتے ہیں ''وقيل عن يعقوب ما لابن العلا'' اس جگہ بعض

.....

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ

شراح نے شاید قیل کے ظاہر کے پیش نظر یعقوب کے اس ادغام کبیر سے متعلق یہ لکھا ''لیکن جمہور کے نزدیک یہ قوی نہیں اور اب اس پر عمل بھی نہیں''

مگر ان کا یہ نظریہ محل نظر ہے کیونکہ علامہ جزری، صاحب اتحاف، علامہ نویری، علامہ متولی ان سارے ہی مشائخ کا یعقوب کیلئے ادغام کبیر پڑھنے پڑھانے کا معمول رہا ہے، پھر امام ابوالکرم اسکو صرف رویس اور روح ہی سے نقل نہیں کرتے بلکہ امام یعقوب کے دیگر روات سے بھی اسی طرح ادغام نقل کررہے ہیں۔

النشر میں علامہ جزریؒ فرماتے ہیں صاحب المصباح الزاهر فی العشرة البواهر امام ابوالکرم الشہرزوری البغدادیؒ نے رویس وروح وغیرھما سے اور اسی طرح یعقوب حضرمی کے باقی روات سے مثلین، متجانسین اور متقاربین کے ان تمام حروف ہجا کا ادغام نقل فرمایا ہے، جن میں ابوعمرو سے ادغام نقل ہوا ہے، آپ آگے فرماتے ہیں کہ ہمارے شیخ الشیوخ استاذ ابوحیان نے بھی اس قول کو اپنی کتاب ''المطلوب فی قراءة یعقوب'' میں بیان فرمایا ہے اور ہم نے بھی ان کے تلامذہ سے اسی قول کے موافق پڑھا واخذ کیا ہے (ج ۱، ص ۳۰۲)۔

معلوم ہوا کہ مشائخ فن نے اس کو پڑھا پڑھایا ہے لہذا امام یعقوب سے ادغام کبیر کو متروک العمل کہنا صحیح نہیں ہے۔

Scanned by CamScanner

ہمزۂ ساکنہ اور ادغام کبیر کے اجتماع کا بیان

مواقع ادغام کبیر میں جس طرح ابوعمروؒ سے ادغام واظہار دو وجہیں مقروء ہیں، اسی طرح ہمزۂ منفردہ ساکنہ میں بھی ابوعمرو کیلئے تحقیق وابدال دو وجہیں ہیں، یوں اب جب کسی آیت کریمہ میں دونوں جمع ہوجائیں مثلاً ولما یأتهم تأویله کذلک کذب الذین الخ تو عقلا مندرجہ ذیل وجوہ اربعہ نکلتی ہیں اور ان میں کی تین یعنی (۱) تحقیق مع الاظہار (۲) ابدال مع الادغام (۳) ابدال مع الاظہار یہ جائز ہیں، کیونکہ مذکورہ تینوں مروی، منقول ومعقول ہیں[1]۔

---

[1] متن میں مذکور وجوہ ثلثہ جائزہ میں سے تیسری وجہ ابدال مع الاظہار سے متعلق علامہ نویری شرح طیبۃ النشر میں فرماتے ہیں یہ وجہ جمہور عراقیین کی روایت کردہ وجوہ ثلثہ میں کی ایک ہے، نیز کتاب التذکار والتجرید نے بھی سوسی کی دو وجہوں میں سے اس کو ایک قرار دیا ہے، اور علامہ دانی نے بھی تیسیر میں اس کو فارس بن احمد سے پڑھی ہوئی دو وجہوں میں سے ایک فرمایا ہے اور جامع البیان میں اس وجہ کو ابوالحسن سے بھی پڑھنے کی وضاحت فرمائی ہے اور علامہ مھدوی مکی صاحب عنوان وکافی جو کہ ابوعمرو سے ترک ادغام یعنی اظہار کو نقل کرنے والے ہیں، انہوں نے بھی اس وجہ کو روایت کیا ہے اس طرح یہ وجہ مروی ومنقول ہے، رہا اس کا معقول ہونا تو اس طور پر کہ اثقل (ہمزہ) میں تخفیف اور ثقیل (موقع ادغام) میں عدم تخفیف ہے۔

اور دوسری وجہ ''ابدال مع الادغام'' تو یہ جملہ ناقلین ادغام، دوری وسوسی دونوں سے اس کو روایت کرتے ہیں، علامہ دانی نے جامع البیان میں اسکو بیان فرمایا ہے، اسی طرح کتاب التذکرہ، مفردات دانی اور شاطبیہ وغیرہ میں بھی مذکور ہے، یہ تو ہوا اس کا روایۃً ثبوت، باقی رہا اس کا عقلاً ثبوت، تو اثقل وثقیل دونوں میں تخفیف کی وجہ سے معقول بھی ہے۔

اور تیسری وجہ اظہار مع التحقیق سے متعلق علامہ نویریؒ فرماتے ہیں کہ ابوعمرو سے یہ وجہ جملہ کتب اور عام اصحاب ابی عمرو سے ثابت ہے اور کتاب التجرید میں یہ سوسی کی وجہ ثانی ہے اور دوری کی وجہ ثانی کے طور پر ان لوگوں نے بھی ذکر کیا ہے جو ترک ادغام کے ناقل ہیں اور اس کو تیسیر میں علامہ دانی نے بھی بیان کیا ہے، باقی رہا اس کا معقول ہونا تو وہ اسطرح ہے کہ اس روایت میں تخفیف ہی نہیں ہے، نہ ثقیل میں نہ اثقل میں۔

Scanned by CamScanner

رہی چوتھی وجہ تحقیق مع الادغام یا ادغام مع التحقیق تو یہ غیر مروی اور غیر معقول ہونے کی وجہ سے ناجائز ہے[۱] البتہ امام یعقوب کیلئے یہ وجہ رابع جائز ہے[۲]۔

---

[۱] چوتھی وجہ ادغام مع التحقیق تو یہ ممنوع وغیر مقروء ہے، کیونکہ ناقلین میں سے کسی نے اس کو نقل نہیں کیا ہے، چنانچہ علامہ جزری فرماتے ہیں کہ اس چوتھی وجہ کو جملہ محققین نے ناجائز قرار دیا ہے، بلکہ آپنے ہذلی اور واسطی سے ایک روایت اس کے جواز کی بیان فرما کر اس کی مکمل تردید فرمائی ہے (النشر ج ۱ ص ۲۷۸/)

اور علامہ نویری فرماتے ہیں کہ اس کو جائز قرار دینے میں ہذلی منفرد ہیں، چنانچہ امام ہذلی فرماتے ہیں هكذا قرأنا على ابن هشام الانطاكي على ابن بدهن الخ لیکن نویری اس پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں'' الغالب انه وهم منه على ابن هشام الخ'' کیونکہ ابن ھشام جو کہ تاج الائمہ سے معروف اور مشہور وضابط استاذ ہیں، کئی مشائخ قراءت نے ان سے پڑھا ہے جیسے ابوعمرو الطلمنکی، ابن شریح، ابن فھام وغیرہ نے، مگر کسی نے بھی ابن ہشام سے یہ وجہ بیان نہیں فرمائی، اس طرح نویری نے اپنے ایک طویل مناقشہ میں کئی مشائخ کا تذکرہ فرماتے ہوئے یہ وضاحت فرمائی کہ ان میں سے کسی نے بھی یہ وجہ بیان نہیں فرمائی، بلکہ اخیر میں اسکے عدم جواز پر عقلی گفتگو فرماتے ہوئے فرمایا کہ اس میں تو ثقیل میں تخفیف اور اثقل میں عدم تخفیف ہے جو نا معقول ہے (شرح نویری ج ۱/، ۳۱۹ سے ۳۲۳۔)

[۲] یعقوب کیلئے وجہ رابع اسلئے جائز ہے کہ ان کے یہاں ادغام میں تو خلف ہے مگر ہمزہ میں صرف تحقیق ہے، ابدال اصولاً ہے ہی نہیں لہذا ادغام تحقیق ہی کے ساتھ ہوگا۔

Scanned by CamScanner

ادغام ومد منفصل کے اجتماع کا بیان

اگر کسی آیت کریمہ میں ادغام کبیر اور مد منفصل جمع ہوجائیں مثلاً قل لآ أقول لکم عندی تو ابوعمرو بصری کیلئے عقلی وجہیں چار ہوں گی، جن میں کی تین جائز اور مقروء اور ایک ناجائز اور غیر مقروء ہے۔

وجوہ جائزہ : (۱) قصر المنفصل والاظہار (۲) قصر المنفصل والادغام (۳) توسط المنفصل والاظہار۔

وجہ غیر مقروء : توسط المنفصل والادغام[۱]۔

---

[۱] اس وجہ کے غیر مقروء ہونے سے متعلق علامہ جزریؒ طیبۃ النشر میں فرماتے ہیں ''لکن بوجہ الھمز والمد امنعا'' لیکن یہ ادغام کبیر مد منفصل کے مد کے ساتھ ممنوع ہے، عامۂ شراح طیبہ نے اس کی شرح کرتے ہوئے ایک ہی آیت میں ادغام کبیر وہمزہ ساکنہ (۲) یا ادغام کبیر ومد منفصل (۳) یا ادغام کبیر ہمزۂ ساکنہ اور مد منفصل تینوں کے اجتماع کے امثلہ، نیز اجتماع سے پیدا شدہ عقلی وجوہ کو بیان فرما کر ان میں کی جائز وناجائز وجوہ کی نشان دہی فرمائی ہے اور اجمالی طور پر اس وجہ کے غیر جائز ہونے کی وجہ یہ تحریر فرمائی کہ اس کو پڑھنا خلط فی الطرق ہے جو روایۃ جائز نہیں۔

ناقلین ابوعمرو کے بالتفصیل مطالعہ کے بعد اب اس خلط فی الطرق کے اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ دراصل قرأت ابو عمرو بصری کے ناقلین میں کی ایک تعداد یعنی صاحب عنوان، صاحب کتاب المجتبی، صاحب کتاب القاصد علامہ خزرجی، صاحب کتاب الارشاد، صاحب کتاب الروضہ ابوعلی مالکی وغیرہ حضرات ہیں، جو عقلی وجوہ اربعہ میں کی پہلی وجہ یعنی مد منفصل میں قصر اور مواقع ادغام کبیر میں اظہار نقل کرتی ہے (فریدۃ الدھر ج ۱ ص ۱۵۳، ۱۵۴، ۱۵۹، ۱۶۵)۔

(۲) ناقلین قراءت ابوعمرو کی ایک تعداد مثلاً صاحب مصباح، صاحب کتاب الروضہ المعدل۔ صاحب کتاب الجامع، ابن فارس، صاحب کتاب المستنیر، صاحب کتاب کفایۃ الکبری ہیں، جو قصر مع الاظہار والادغام نقل کرتی ہے، نیز علامہ دانی نے بھی ابوالفتح سے اسی طرح پڑھا ہے (فریدہ الدھر ج ۱ ص ۱۴۷، ۱۶۹، ۱۶۱، ۱۴۴)۔

(۳) اسی طرح ایک تعداد ان ناقلین کی ہے جو مد منفصل میں فویق القصر اور توسط نقل کر کے اظہار نقل کرتی ہے اور وہ ہیں: صاحب کتاب التبصرہ، صاحب کتاب الھادی، صاحب کتاب التذکرہ ابن غلبون، صاحب تلخیص ابن بلیمہ وغیرہ (فریدۃ الدہر ج ۲ ص ۱۵۲، ۱۷۴، ۱۷۵، ۱۷۳) یوں وجوہ اربعہ مذکورہ میں کی ان تین وجہوں کو ناقلین ابوعمرو نے نقل کیا ہے یعنی روایہ ثابت ہیں، جبکہ وجہ رابع کے طور پر مد منفصل میں توسط کرتے ہوئے مواقعِ ادغامِ کبیر میں ادغام یعنی توسط مع الادغام ان ناقلین میں کا کوئی بھی نقل نہیں کرتا لہذا نقلاً وروایۃً یہ وجہ ثابت نہیں ہے اور اسی وجہ سے یہ غیر مقروء ہے۔

Scanned by CamScanner

.....

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ

البتہ ابو معشر نے اپنی تلخیص میں اسی طرح صاحب کتاب الاعلان، صاحب کتاب الغایۃ، اور صاحب کتاب الکامل نے مد منفصل میں قصر وتوسط یا فویق القصر والتوسط بیان کرتے ہوئے مواقع ادغام کبیر میں اظہار وادغام بیان کیا ہے جس کے ظاہر سے عقلاً توسط کے ساتھ ادغام کا جائز ہونا نکلتا ہے۔

لیکن علامہ جزریؒ مد منفصل کی مقدار سے متعلق مختلف مراتب کو تعیین قراء کے ساتھ بیان کرتے ہوئے فویق القصر سے متعلق فرماتے ہیں ولأبی عمرو إذا أظهر (ج ۱/۳۲۳) یعنی دیگر قراء کی طرح یہ درجہ (فویق القصر) ابوعمرو کیلئے اس وقت ہے جبکہ اظہار کیا جائے، یعنی فویق القصر پڑھتے ہوئے اظہار ہی کرنا ہوگا، ادغام صحیح نہیں، دیکھئے علامہ نے فویق القصر مع الادغام کو ممنوع قرار دیا ہے، بلکہ اور آگے مرتبۂ توسط کے تحت فرماتے ہیں "ولأبی عمرو بكماله من قراءته على الفارس والمالكي يعني من رواية الإظهار" (ج ۱/۳۲۳) یہاں بھی توسط کو اظہار کے ساتھ خاص فرمارہے ہیں، جس سے محققؒ کا توسط مع الادغام کو ممنوع قرار دینا واضح ہورہا ہے۔

نیز صاحب فریدۃ الدھر فرماتے ہیں کہ ہم نے امام المتولی کی الروض میں تلخیص سے قصر وتوسط پایا ہے، لہذا اب ہمارا معمول یہ ہے کہ ہم قصر مع الادغام اور توسط مع الاظہار کرتے ہیں، ، اور آگے کتاب الغایہ سے اختلاف ابوعمرو کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں فعلى القصر الإدغام الكبير وعلى التوسط الإظهار هكذا فهمت من التحريرات وهو واضح من البدائع بتحرير اللآئي (بسورہ الاحزاب ج ۱/۱۶۳) بلکہ اور آگے صفحہ نمبر ۱۷۷ پر کتاب المبهج سے اختلاف ابی عمرو کے تحت فرماتے ہیں "وفي النشر أن القصر خاص بالإدغام وفيه فوق القصر قليلاً وهو خاص بالإظهار فنعمل بالقصر على الإدغام وكذلك نعمل بفويق القصر مع الإظهار۔

علامہ نوری شرح طیبہ میں ادغام مع الھمز اور ادغام مع المد کے ممتنع ہونے سے متعلق اپنی مدلل گفتگو میں فرماتے ہیں "والصواب في ذلك الرجوع لما عليه الأئمة من أن الإدغام لا يكون إلا مع الإبدال وكذلك أيضا لا يكون إلا مع قصر المد المنفصل لأنه (الإدغام) إذا امتنع مع الهمز فمع المد أولى لأن الهمز يكون مع المد والقصر والإبدال لا يكون إلا مع القصر (ج ۱/ص ۳۲۱)۔

یا اس کو یوں بھی کہا جاسکتا ہے کہ ادغام ایک تخفیف ہے، جبکہ مد یعنی توسط وطول سے ہمزہ کی صفت شدت وضغطہ کو برقرار رکھا جاتا ہے جو کہ تحقیق ہے، تو اب ادغام مع المد کرنا گویا موقع ثقیل میں تخفیف اور موقع اثقل میں تحقیق یعنی عدم تخفیف جو کہ خلاف قیاس ہے، لہذا یہ وجہ عقلاً ونقلاً دونوں طرح ممنوع ہے۔

Scanned by CamScanner

کیا امام یعقوب کیلئے عام ادغام کبیر، مد منفصل کے مد کے ساتھ جائز ہے؟

سوال : امام یعقوب کیلئے ادغام کبیر اور مد منفصل کے اجتماع کے موقع پر ادغام مد منفصل کے صرف قصر کے ساتھ ہوگا یا مد کے ساتھ بھی ہوگا؟

جواب : کتب عشرۂ کبیر کو دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس باب میں ہمارے مشائخ رحمہم اللہ کے آراء مختلف ہیں، چنانچہ علامہ جزریؒ اس سے متعلق طیبۃ النشر میں فرماتے ہیں "وقیل عن یعقوب مالا بن العلا" اور النشر میں فرماتے ہیں: صاحب مصباح نے رویس وروح کیلئے مثلین ومتقاربین کے ان تمام حروف ہجا کا ادغام بیان کیا ہے جن میں ابوعمرو نے ادغام کیا ہے (ج/۱،ص/۳۰۲)

شارح طیبہ علامہ نویری فرماتے ہیں " نقل عن یعقوب أدغام کل ما ادغمه أبوعمرو من المثلین والمتقاربین ذکره صاحب المصباح عن رویس وروح وغیرهما وجمیع رواة یعقوب" (ج/۱،ص/۳۵۵)

شیخ مصطفیٰ الازمیری تحریر النشر میں فرماتے ہیں وقال فی المصباح "وروی الأهوازی عن الزبیری عن رجاله عن یعقوب إدغام جمیع حروف المعجم التی أدغمها أبوعمرو" (ص/۲۴۲)

مذکورہ بالا عبارت سے ایک بات تو یہ واضح ہوتی ہے کہ مثلین ومتقاربین کے جن جن مواقع میں ابوعمرو ادغام کرتے ہیں ان تمام مواقع میں یعقوب کیلئے بھی ادغام ہوگا، دوسری بات یہ صاف ہوری ہے کہ امام یعقوب سے ادغام کبیر بیان کرنے والے صرف صاحب مصباح امام ابوالکرم شہرزوری ہیں، جبکہ ان کے ماسوا سارے لوگ اظہار بیان کرتے ہیں۔

ادھر صاحب مصباح امام یعقوب سے مد منفصل میں صرف قصر نقل کررہے ہیں توسط نہیں، لہذا امام یعقوب کیلئے تمام مواقع میں ادغام کبیر مد منفصل کے قصر پر تو بالاتفاق صحیح ہے لیکن سوال یہ ہے، کہ مد منفصل کے توسط کے ساتھ یہ ادغام صحیح ہوگا یا نہیں؟

چنانچہ صاحب اتحاف فضلاء البشر فرماتے ہیں قال شیخنا : وذلک لأنهم لما أطلقوا

الادغام عنه، ولم يشترطوا له ما اشترطوا لأبی عمرو، دل علی إدغامه بلا شرط۔

قال: وكما دل على الإدغام مع الهمز، يدل عليه مع مد المنفصل وهو كذلك

(ج ۱/ص ۱۲۱/)

صاحب اتحاف اپنے مشائخ کی طرف نسبت کرتے ہوئے امام یعقوب کیلئے ادغام مع الھمز اور ادغام مع المد دونوں کو جائز قرار دے رہے ہیں (جو ابوعمرو کیلئے جائز نہیں تھا)۔

حضرت مولانا قاری عبداللہ صاحب توضیح العشر میں فرماتے ہیں ''قولہ وقیل عن یعقوب الخ یعقوب کیلئے صاحب اتحاف نے لکھا ہے کہ چونکہ مصنفؒ کی عبارت مطلق ہے، اسلئے جس جگہ کسی کلمہ میں ادغام، ہمزہ یا مد کے ساتھ جمع ہو تو یعقوب کیلئے وہاں بھی ادغام کریں گے، حالانکہ ابوعمرو کیلئے اس جگہ منع ہے، مگر صاحب اتحاف کے قول کی ظاہراً کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی، کیونکہ لفظ ما تو اس بات پر دال ہے کہ جو بات بھی ابوعمرو کیلئے ثابت ہے وہ سب یعقوب کیلئے ہے، ہاں! یہ جواب ہوسکتا ہے کہ یعقوب کیلئے ہمزہ مفرد کی تخفیف کا چونکہ قاعدہ ہی نہیں ہے، اسلئے ہمزہ کی تحقیق ادغام کو معارض بھی نہ ہوگی، لیکن مد کے ساتھ ادغام کے جواز کی کوئی دلیل نہیں معلوم ہوتی'' (ص ۵۲/)

چنانچہ آخری دور کے محقق شیخ محمد المتولی اپنی تصنیف فتح الکریم میں فرماتے ہیں۔

"والإدغام ليعقوب اخصصن بقصره نعم ما به خصوا رويسهم فلا

یعنی امام یعقوبؒ سے ادغام کبیر مد منفصل کے قصر ہی پر ہوگا، ہاں! رویس سے جن کلمات میں ادغام کبیر جزوی طور پر بیان ہوا ہے ان میں ادغام توسط کے ساتھ بھی جائز ہوگا (کیونکہ وہ ادغام صاحب مصباح کے علاوہ بعض ناقلین توسط سے بھی ہے) اس سے تو معلوم ہوا کہ عام ادغام کبیر یعقوب کے دونوں راویوں سے صرف قصر پر ہوگا توسط پر نہ ہوگا... لیکن تھوڑا آگے چل کر شیخ فرماتے ہیں۔

ولا مد مع الإدغام إلا لروحهم نعم ما به خصوا رويسا فاسجلا

جس کا حاصل یہ ہے کہ عام مواقع ادغام کبیر میں یہ ادغام رویس سے مد منفصل کے قصر ہی پر ہوگا توسط پر نہ ہوگا، البتہ روح کیلئے قصر و توسط دونوں پر ہوگا، گویا توسط مع الادغام روح کیلئے جائز ہے، پھر بعد کے

Scanned by CamScanner

لوگوں نے اس تحقیق کو قابل اعتماد خیال فرمایا اور اسی کا نتیجہ ہے کہ فی زماننا تمام اصحاب تحریر بطور نوٹ وملاحظہ کے اسی کو لکھ رہے ہیں۔

چنانچہ صاحب فریدۃ الدھر ایک ملاحظہ میں فرماتے ہیں لاحظ دائما ، لا مد على الإدغام إلا لروحهم (ج/۲، ص/۲۹) .

شیخ جابر مصری مختصر قواعد التحریر میں روح سے متعلق فرماتے ہیں وإدغامه جوز بمد وقصره لیکن اب تک یہ امر مغلق ہے کہ شیخ متولی مرحوم نے روح کیلئے ادغام مع المد کو کیسے جائز قرار دیا، تو اس کی طرف تھوڑا سا اشارہ شیخ ہی کی ایک تصنیف الروض النضیر میں ملتا ہے، آپ فرماتے ہیں۔

وأنا أخذنا مد يعقوب مدغما ولكن طريق النشر ماقلت أولا

ولكنه عن روحهم من طريقه فعند الزبيرى عنه من كامل حلا

اس کی شرح میں آپ فرماتے ہیں يختص الإدغام الكبير ليعقوب بالقصر فى المنفصل الخ اور آگے فرماتے ہیں وقد أخذنا ليعقوب بالمد أيضا مع الإدغام ، وطريق النشر هو الأول ولكن للزبيرى عن روح من الكامل من طريقه خلافا للأزميرى، ويجوز له أيضا مع القصر من الكامل لأن فيه المد للتعظيم وهو لا يكون إلا مع القصر والله أعلم (ص/۲۱۰)

اس اشارہ کی تفصیل صاحب فریدۃ الدھر کے بیان کردہ طرق رویس وروح کو بالتفصیل دیکھنے سے سمجھ میں آتی ہے کہ روح کے طریق معدل کے ناقلین میں صرف کتاب الکامل ہے، جو مد منفصل میں روح کیلئے قصر وتوسط دونوں بیان کرتی ہے، لیکن اس طریق میں یہ کتاب عام مواقع ادغام کبیر میں اظہار بیان کرتی ہے، یوں ادغام مع التوسط اس طریق سے بھی نہیں نکلتا، البتہ روح سے طریق ابن حبشان عن زبیری میں یہ کتاب الکامل روح کیلئے ادغام بیان کرتی ہے، اس طرح کتاب الکامل کے دونوں بیان کو ملانے سے روح کیلئے ادغام مع المد نکلتا ہے، ورنہ دیگر کتب سے ان کیلئے بھی یہ وجہ غیر منقول ہے، نیز اگر کامل کے ان دو بیان کو بھی نہ ملایا جائے تو کامل سے بھی یہ وجہ نہیں نکل سکتی۔

پوری بحث کو بغور دیکھنے سے ایک بات تو یہ واضح ہوتی ہے کہ صاحب اتحاف فضلاء البشر اور صاحب

Scanned by CamScanner

توضیح العشر کے مابین جو اختلاف ہے وہ یہ ہے کہ ایک کے یہاں مکمل یعقوب کیلئے ادغام مع المد صحیح وجائز ہے تو دوسرے کے یہاں مکمل یعقوب کیلئے ادغام مع المد غیر صحیح وغیر جائز ہے۔

جبکہ شیخ متولی علیہ الرحمہ اوران کے متبعین کے یہاں رویس کیلئے ادغام مع المد غیر صحیح اور روح کیلئے بھی عام ناقلین کی نقل پر تو غیر صحیح ہے مگر روح کیلئے طریق زبیری سے بذریعہ کتاب الکامل یہ صحیح ہو جاتا ہے۔

اور غور کرنے سے دونوں رائے میں اختلاف کی وجہ یہ معلوم ہو رہی ہے کہ پہلے دونوں بزرگوں نے ادغام مع المد کے صحیح ہونے نہ ہونے کیلئے ''مالابن العلاء'' کو مبنی قرار دیا کہ ابوعمرو کے یہاں چونکہ یہ غیر جائز ہے تو ایک نے مکمل یعقوب کیلئے بھی اس کو غیر جائز قرار دیا، تو دوسرے نے مالابن العلاء کو صرف مثلین ومتقاربین کے ادغام سے متعلق قرار دیا یعنی ابوعمرو کی طرح مثلین، متقاربین میں ادغام کبیر یعقوب کیلئے بھی ہے، لیکن ان شرائط کے ساتھ نہیں جو ابوعمرو کیلئے ہیں، لہذا ان کے یہاں ادغام مع المد مکمل یعقوب کیلئے جائز ہو گیا، جبکہ شیخ متولیؒ کی تحقیق کی بنیاد یعقوب کے ناقلین ادغام کبیر وناقلین قصر ومد ہیں۔

سہولت وتسکین خاطر کی غرض سے رویس وروح کی نقل کا نقشہ بھی ملاحظہ ہو

Scanned by CamScanner

کتاب	رویس مد منفصل	ادغام کبیر
کتاب التذکار	توسط	اظہار
کتاب مفردہ	توسط	//
کتاب الجامع	قصر	//
کتاب الکامل	توسط-قصر	//
کتاب الروضة	قصر	//
کتاب الإرشاد	قصر	//
کتاب غایة	فویق القصر	//
کتاب المستنیر	قصر	//
کتاب الجامع (للخیاط)	توسط	//
کتاب المصباح	قصر	اظہار وادغام
کتاب ابن خیرون	قصر	اظہار
کتاب المبہج	فویق القصر	//
کتاب تلخیص أبی معشر	قصر-فویق القصر	//
کتاب غایة أبی العلاء	فویق القصر - توسط	//
کتاب غایة ابن مہران	قصر	//
کتاب التذکرة	قصر	//

Scanned by CamScanner

روح

کتاب التذکار	توسط	اظہار
کتاب المفردة	توسط	//
کتاب الجامع	قصر	//
کتاب جامع ابن فارس	قصر	//
کتاب الروضة	قصر	//
کتاب الغایة	فویق القصر	//
کتاب الإرشاد	قصر	//
کتاب المستنیر	قصر	//
کتاب التلخیص	قصر-فویق القصر	//
کتاب ابن خیرون	قصر	//
کتاب المصباح	قصر	اظہار وادغام
کتاب المبہج	فویق القصر	اظہار
کتاب التذکرة	قصر	//
کتاب الغایة ابن مہران	قصر	//
کتاب الکامل للہذلی (طریق المعدّل)	توسط-قصر	اظہار
کتاب الکامل للہذلی (طریق حبشان عن زبیری)	//	ادغام

(تفصیل کیلئے دیکھئے فریدۃ الدھر ج ۱/۱، ص ۴۷۵/ سے ۵۰۰)

Scanned by CamScanner

ہائے کنایہ کا بیان

ہائے کنایہ کا ماقبل ومابعد ساکن ہو مثلاً منه اسمه المسیح یا ماقبل متحرک ہو اور مابعد ساکن ہو جیسے به الله تو جمیع قراء کیلئے ترک صلہ ہے اور اگر ماقبل ومابعد دونوں متحرک ہوں تو تمام کیلئے صلہ ہے مثلاً إنه هو۔

لیکن اگر ماقبل ساکن ومابعد متحرک ہو تو صرف ابن کثیر مکیؒ کیلئے صلہ ہے مثلاً فیه هدیً للمتقین۔

Scanned by CamScanner

مدفرعی کا بیان

مدفرعی کے اقسام مختلفہ سے مدمتصل، مدمنفصل، مدلین متصل، مدبدل، مدمبالغہ اور مدتعظیمی یہ اپنی مقدار کشش کے اعتبار سے قراء کے مابین مختلف فیہ ہیں، یہاں انہیں اقسام کا بیان مقصود ہے۔

مدمتصل :-حرف مد کے بعد ہمزہ حقیقۃً اسی کلمہ میں ہو مثلاً جآء جیٓء سوٓء

مقدار :-مدمتصل کی مقدار میں اقوال ثلثہ ہیں[1]

---

[1] علامہ جزری علیہ الرحمۃ نے طیبۃ النشر میں مدمتصل اور منفصل میں مد کرنے والے قراء کی مقدار مد سے متعلق اقوال ثلثہ ذکر فرماتے ہیں :

قول اول :- یہ ہے کہ مدمتصل میں تمام قراء کیلئے صرف طول ہے۔

دوسرا قول :- ازرق عن ورش وامام حمزہ بلا خلف اور ابن ذکوان بالخلف طول کرتے ہیں اور باقی قراء توسط کرتے ہیں البتہ ناقلین توسط کے مابین مقدار توسط سے متعلق مراتب مختلفہ ہیں، چنانچہ سب سے طویل توسط جو طول سے تھوڑا کم ہے، وہ امام عاصم سے ہے، اس سے کم ابن عامر، امام کسائی وخلف عاشر سے ہے، اس سے کم توسط قالون، اصبہانی، ابن کثیر وابوعمرو، ابوجعفر اور یعقوب کا ہے۔

تیسرا قول - یہ ہے کہ جملہ ناقلین توسط کا توسط علی التساوی یعنی مقدار توسط سب کی مساوی ہے۔

فائدہ :- ہم نے متن میں اسی توسط علی التساوی والے قول کو اختیار کیا ہے جس کیلئے صاحب اتحاف فضلاء البشر فرماتے ہیں : وهذا ينبغي أن يؤخذ به، ولايمكن أن يتحقق غيره وبه كان يقرء الشاطبي والسخاوي وعلل عدوله عن المراتب الأربعة بأنها لا يتحقق ولا يمكن الإتيان بها كل مرة على قدر السابقة (ج/۱،ص/۱۵۹)

علامہ جزریؒ فرماتے ہیں کہ میرا میلان بھی اسی قول کی طرف ہے اور میں اکثر اسی کو اختیار کرتا ہوں، آگے فرماتے ہیں مقدارِ توسط کا یہ اختلاف نصاً صحیح وثابت ہے، لیکن میرا اپنا عمل یہ ہے کہ اکثر دو مرتبوں (طول، توسط علی التساوی) والے قول ہی کو اختیار کرتا ہوں لیکن مراتب توسط پر عمل کرنے سے کسی کو روکتا بھی نہیں ہوں (النشر ج/۱)۔

شیخ احمد بن جزری شرح طیبہ میں فرماتے ہیں وبه نأخذ غالبا وعليه نعول ولذا قدمناه (ص/۸۱) خلاصۃ یہ کہ مدمتصل کی مقدار میں اقوال ثلثہ ہیں، مگر مقدار توسط میں تفاوت ومراتب والا قول بھی دیگر دو قول کی طرح ایک قول ہے اور گو صحیح ہے، تاہم تفاوت وکمی بیشی کو ہر وقت یکساں انداز میں بجالانے کو یہ حضرات بھی بہت مشکل بلکہ ناممکن فرمارہے ہیں اور توسط علی التساوی والے قول ہی کو اکثر اختیار فرماتے ہیں، ہاں! بغرض تعلیم وتوقیف کبھی کبھار تفاوت والے قول پر بھی عمل کرنا چاہیئے، غرض یہ کہ اس باب میں تنگی نہ ہونے چاہئے۔

Scanned by CamScanner

لیکن ان میں کے جس قول کو علامہ جزریؒ نے اپنا معمول بہا قرار دیا ہے، وہ یہ ہے کہ امام ورش بطریق ازرق اور امام حمزہ کیلئے بلا خلف اور ابن ذکوان کیلئے بالخلف طول ہے اور باقی قراء کیلئے توسط علی التساوی ہے اور یہی وجہ ثانی ہے ابن ذکوان کی، قصر کسی سے منقول نہیں ہے۔

ابن ذکوان سے بالخلف طول کی تفصیل یہ ہے کہ طریق نقاش عن الاخفش سے توسط وطول دو وجہیں ہیں اور طریق ابن الاخرم وطریق صوری عن ابن ذکوان سے صرف توسط منقول ہے۔

فائدہ :- یاد رکھنا چاہئے کہ طریق نقاش عن الاخفش سے جو توسط اور طول دو وجہیں منقول ہیں ان کی تفصیل یہ ہے کہ طریق حمامی عن نقاش عن الاخفش سے طول ہے جبکہ طریق علوی عن نقاش عن الاخفش توسط ہے۔

خلاصہ:- یہ کہ مد متصل میں ابن ذکوان سے جو توسط ہے وہ طریق صوری -طریق ابن الاخرم نیز طریق علوی عن نقاش تینوں سے ہے جبکہ طول صرف طریق حمامی عن نقاش سے ہے (شرح نوری ج ۱/ص ۳۸۵/)

مد منفصل :- حرف مد کے بعد حمزہ حقیقتاً دوسرے کلمہ میں ہو مثلاً بما أنزل- ها أنتم

نوٹ :- مد منفصل کی مقدار میں بھی قراء مقصرین کے ماسوا سے اقوال ثلثہ منقول ہیں۔

مقدار:- جن میں سے علامہ جزری علیہ الرحمۃ نے جس کو اپنا معمول بہا قرار دیا ہے وہ یہ ہے کہ ورش بطریق ازرق اور امام حمزہ سے بلا خلف اور ابن ذکوان سے بالخلف طول ہے، ابن ذکوان کی وجہ ثانی توسط ہے، شعبہ، کسائی وخلف عاشر کیلئے بلا خلف توسط ہے، قالون، ورش بطریق اصبہانی، ابوعمرو بصری، ہشام، حفص ویعقوب کیلئے بالخلف قصر ہے، وجہ ثانی توسط ہے، ابن کثیر مکی وابوجعفر کیلئے بلا خلف قصر ہے، اور علامہ جزریؒ کا مقدار توسط وطول کو بلا کسی اختلاف کے بیان کرنا توسط وطول علی التساوی پر دال ہے جو منجملہ اقوال ثلثہ میں کا ایک قول ہے نیز یہ آپ کا معمول بھا بھی ہے۔۔

فائدہ :- ابن ذکوان سے طول بالخلف کی تفصیل تو وہی ہے جو مد متصل کے تحت گذر گئی۔

ہشام سے قصر بالخلف کی تفصیل یہ ہے کہ ہشام سے بطریق حلوانی قصر وتوسط دونوں ہیں، جبکہ بطریق داجوانی صرف توسط ہے۔

حفص سے بالخلف قصر کی تفصیل یہ ہے کہ طریق عبید بن صباح سے صرف توسط ہے، البتہ طریق عمرو بن صباح سے قصر وتوسط دونوں ہیں۔

Scanned by CamScanner

مد بدل کا بیان

یہ باب صرف ازرق عن ورش سے متعلق ہے

قاعدہ : حرف مدہ سے قبل اسی کلمہ[1] میں ہمزۂ قطعیہ آئے (خواہ محققہ ہو یا مغیرہ[2]) تو امام ورش سے بطریق ازرق تثلیث منقول ہے مثلاً آدم ھؤلاء الھة وغیرہ لیکن ناقلین توسط وطول نے چند قواعد کلیہ اور چند کلمات مخصوصہ کو اس اصول سے مستثنیٰ قرار دیا ہے، تفصیل جس کی یہ ہے کہ مذکورہ مستثنیات کی اولاً دو قسمیں ہیں۔

(۱) اول مستثنیٰ متفق علیہ (۲) دوم مستثنیٰ مختلف فیہ

مستثنیٰ متفق علیہ: وہ دو قواعد کلیہ اور ایک کلمہ ہے جو بالاتفاق تثلیث سے مستثنیٰ ہے :

قاعدۂ اولی : ہمزہ سے قبل ساکن صحیح متصل (اسی کلمہ میں) ہو اس قسم کے کلمات پانچ ہیں :

(۱) القرء ان (۲) الظمان (۳) مسئولاً (۴) مذء وماً (۵) مسئولون۔

قاعدۂ ثانیہ : ہمزہ کے بعد الف مبدل من التنوین ہو مثلاً سواءً ماءً[3]

ایک کلمۂ مستثنیٰ تو وہ کلمۂ یؤاخذ ہے جس طرح اور جہاں کہیں واقع ہو توسط وطول سے بالاتفاق مستثنیٰ ہے مثلاً لا یؤاخذکم الله لا تؤاخذنا وغیرہ۔

خلاصہ یہ کہ ان تینوں میں بالاتفاق صرف قصر ہوگا۔

متستثنیٰ مختلف فیہ : ایک اصل کلی اور تین کلمات ہیں جن سے متعلق ناقلین توسط وطول کے مابین

---

[1] چنانچہ اگر حروف مدہ اور ہمزہ الگ الگ کلمہ میں جمع ہوں مثلاً أولیاء اولئک ، جآء أجلهم میں ورش کیلئے چونکہ ہمزۂ ثانیہ کا ابدال بالمد بھی ایک وجہ ہے تو اب أُوْلِيَاءُ وْلٰئِکَ ، جآءَ جَلُهُمْ ہوگا تو یہ گو صورۃً مد بدل ہے، مگر دونوں کے الگ الگ کلمہ میں ہونے کی وجہ سے تثلیث نہ ہوگی۔

[2] ہمزہ قبلیہ مغیرہ کی تین شکلیں ہیں (۱) مغیرہ بالابدال ھؤلاء الھة (۲) مغیرہ بالنقل بالإیمان (۳) مغیرہ بالتسہیل جاء ال۔

[3] تنوین کا الف سے یہ ابدال وقف میں ہوتا ہے۔

Scanned by CamScanner

اختلاف ہے۔

اول :- کلمۂ اسرٰءیل جہاں کہیں واقع ہو۔

ثانی :- کلمۂ الئٰن استفہامیہ [1]

ثالث :- کلمۂ عاداً لولی۔

رہی ایک اصل کلی تو وہ حرف مدہ سے قبل ہمزۂ وصلیہ کا ہونا ہے مثلاً ایتونی ، ایذن لی ، نتیجہ یہ کہ ان چاروں کے استثناء میں اختلاف ہے یعنی بعض ناقلین توسط وطول نے اس میں بھی توسط وطول کو دیگر کلمات کی طرح جاری کیا ہے، تو بعض ناقلین توسط وطول نے ان کو مستثنی قرار دیا ہے، لہذا صرف قصر کرتے ہیں۔

[1] الئٰن استفہامیہ میں تثلیث سے متعلق جو اختلاف ہے اس کا محل الفِ ثانی ہے نہ کہ اول کیونکہ الف اول کا جو مد ہے اس کے بعد سکون لازم ہے جس کی بنا پر مد لازم ہوتا ہے اور مد لازم قوی ہے مد بدل سے، لہذا قوی کا اعتبار ہوگا اور اب ہمزۂ قبلیہ کی وجہ سے جو تثلیث ہوتی ہے اس میں قصر و توسط جائز نہیں ہے، البتہ نقل کے بعد آئی حرکت کا اعتبار کرتے ہیں تو قصر ہوگا۔

Scanned by CamScanner

مد بدل والفات ذوات الیاء کے اجتماع کا بیان

مد بدل والفات ذوات الیاء کے اجتماع کے نتیجہ میں مد بدل کی وجوہ ثلثہ کو الفات ذوات الیاء کی دو وجہ (فتح وتقلیل) میں ضرب دینے سے کل عقلی وجہیں چھ بنتی ہیں۔

پھر مشائخ قراءت نے ایسے اجتماع کی صورت میں دونوں کے ناقلین کو مدنظر رکھ کر طریق طیبہ للجزری سے تخمیس یعنی چھ میں کی پانچ وجوہ کو جائز قرار دیا ہے اور ان کیلئے وجہ جواز کے طور پر اجمالاً یہ فرمایا کہ یہ نقلاً وروایۃً ثابت ہونے کی وجہ سے جائز ہیں یعنی ناقلین سے نقلا ثابت ومروی ہیں اور وجہ سادس یعنی قصر مع التقلیل کو غیر مقروء قرار دیا ہے کہ یہ نقلاً وروایۃً ثابت نہیں ہے۔

جیسا کہ صاحب اتحاف فضلاء البشر، عثمان الناشری سے نقل فرماتے ہیں : قال انشدنی لنفسه شیخنا العلامه محمد بن الجزری

کآتی لورش افتح بمد وقصره وقلل مع التوسط والمد مکملا

لحرز وفی التلخیص فافتح ووسطن وقصر مع التقلیل لم یک للملا

آگے آپ اس وجہ غیر مقروء سے متعلق فرماتے ہیں وهی قصر البدل مع التقلیل فلایصح من کلا الطریقین لان کل من روی القصر فی البدل لم یرو التقلیل (ج ۱/ص ۲۶۴)

لیکن بغرض تفصیل اس جگہ اولاً تو یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ وجوہ خمسہ مقروءہ جو کہ منقول ہیں تو ان کا نقلاً ثبوت کس طرح ہے اور وہ ناقلین کون ہیں جو ان وجوہ خمسہ کو نقل کرتے ہیں۔

ثانیاً یہ بھی جاننا چاہئے کہ وجہ سادس اگر اسلئے غیر مقروء ہے کہ اس کا نقلاً ثبوت نہیں تو نقلاً ثابت نہ ہونے کی تفصیل کیا ہے، یعنی وہ ناقلین کون ہیں جو مد بدل میں قصر تو نقل کرتے ہیں مگر الفات ذوات الیاء میں تقلیل نقل نہیں کرتے یا ذوات الیاء میں تقلیل تو نقل کرتے ہیں مگر مد بدل میں قصر نقل نہیں کرتے، مذکورہ دونوں جزو کے حل کیلئے مد بدل کی وجوہ ثلثہ اور فتح وتقلیل کے ناقلین کی تعیین ضروری ہے جس کو ذیل میں بالتفصیل بیان کیا جارہا ہے۔

قصر :- صاحب اتحاف فرماتے ہیں وذهب إلى القصر طاهر بن غلبون وبه قرأ الدانی

Scanned by CamScanner

علیه وهو فی تلخیص ابن بلیمة واختاره الشاطبی والجعبری والثلاثة جمیعا فی اعلان الصفراوی والشاطبیة (ج۱/ص۱۶۲)

صاحب فریدۃ الدھر نے امام مکی کی کتاب التبصرہ سے تینوں وجہیں بیان کی ہے اسی طرح کتاب الإرشاد لأبی طیب ابن غلبون سے بحوالۂ شیخ ازمیری قصر وتوسط دو وجہیں بیان کی ہیں (ج۱/ص۹۲،۹۳)۔

توسط :- تقریب النشر میں ہے وبالتوسط قرأنا من طریق التیسیر والتلخیص لابن بلیمة والوجیز (ص۵۱/)

اتحاف میں غلام الھراس کا اضافہ ہے (ج۱/ص۱۶۲)

تو ناقلین توسط کے طور پر صاحب کتاب الاعلان شاطبیہ اور کتاب التبصرہ بھی ہوں گے کہ وہ وجوہ ثلاثہ بیان کرتے ہیں، صاحب فریدۃ الدھر نے تلخیص لابن بلیمہ سے قصر وتوسط دونوں بیان کیا ہے (ج۱/ص۸۵)

اسی طرح بیان فریدۃ الدھر کے بموجب کتاب الارشاد سے بھی توسط ہے (ج۱/ص۹۳)۔

طول :- تقریب النشر میں ہے فبالمد قرأنا من طریق العنوان والتبصرة والکافی والهدایة والتجرید والهادی وغیرها، صاحب اتحاف نے ناقلین طول میں ابن سفیان صاحب هادی والهذلی (صاحب الکامل) والخزاعی (ابوالفضل) اور ابو الحسن الحصری کا اضافہ فرمایا ہے (ج۱/ص۱۶۲) تو صاحب فریدۃ الدھر نے شاطبیہ، کتاب المجتبی للطرطوسی، اور طریق ابی النصر الموصلی من طریق أبی معشر فی غیر التلخیص کو بھی ناقلین طول میں بیان کیا ہے (ج۱/ص۷۸/ سے۹۴ تک)

فتح : تقریب النشر میں فتح کے ناقلین کے طور پر ابن غلبون، مکی، کتاب الکافی لابن شریح، کتاب الهادی لابن سفیان، کتاب الهدایة للمهدوی، کتاب التجرید لابن الفهام وابن بلیمه کو بیان فرمایا ہے (ص۹۲/)

تقلیل : کتاب العنوان، کتاب المجتبی لطرطوسی، أبو الفتح۔

مزید برآں النشر میں علامہ جزریؒ روایت تقلیل سے متعلق فرماتے ہیں وابو الفتح فارس بن

Scanned by CamScanner

أحمد، وأبو القاسم خلف بن خاقان وغيرهم وهو الذى ذكره الدانى فى التيسير والمفردات وغيرهما،(النشر ج۲/ص۵۰) (شرح نوری ج۱/ص۵۹۱)

نیز صاحب فریدۃ الدھر نے کامل سے فتح وتقلیل دونوں بیان کیا ہے (ج۱/ص۸۲)

گوعلامہ جزری نے تلخیص سے صرف فتح بیان فرمایا ہے مگر شیخ متولی الروض النضیر میں فرماتے ہیں فقد وجد نا فى تلخيص ابن بليمة تقليل ذلك وجها واحدا إلا ما كان من ذلك من سورة أواخر آيها (هاالف) فالفتح كما سيأتى (ص/۲۳۸) پھر آپ رءوس الآیات کے امالہ کے بیان میں فرماتے ہیں وهو (التقليل) مذهب ابن بليمة على ماوجدنا فى تلخيصه(ص/۲۵۶)

بلکہ علامہ جزری فرماتے ہیں وأطلق الوجهين له فى ذلك الدانى فى جامعه وغيره وابو القاسم الشاطبى والصفراوى ومن تبعهم والوجهان صحيحان (النشر ج۲/ص۵۰، شرح نوری-ج۱/ص۵۹۱) اس کی مزید وضاحت کے خاطر اب ہم مد بدل کی وجوہ ثلثہ اور فتح وتقلیل کے ناقلین کا نقشہ بھی خدمت شائقین میں پیش کر رہے ہیں ملاحظہ ہو۔

Scanned by CamScanner

مد بدل اور ذوات الیاء کا اجتماع

شاطبیہ	وجوہ ثلثہ	فتح و تقلیل
کتاب الهدایه	ط	فتح
کتاب التجرید	ط	فتح
کتاب الکامل	ط	فتح و تقلیل [1]
کتاب التذکرہ لابن غلبون	ق	فتح
کتاب الکافی لابن شریح	ط	فتح
کتاب التبصرة	ق ت ط	فتح
کتاب المجتبی للطرطوسی	ط	تقلیل
کتاب التلخیص لابن بلیمة سے	تقریب النشر میں ت	جزری فتح ، متولی تقلیل۔
// // سے	النشر واتحاف میں ق ت دونوں	''فتح'' (تقریب ۹۲)
کتاب العنوان	ط	تقلیل
کتاب الاعلان لابی القاسم الصفراوی	ق ت ط النشر ج ۱/ص ۳۴۰/	فتح و تقلیل (النشر ج ۲/ص ۵۰/)
کتاب المفردات		تقلیل
الوجیز للاهوازی	ت	
أبو علی الهراس	ت	
ابن خاقان	ت	تقلیل
کتاب الهادی لابن سفیان	ط	فتح
ابو الفضل خزاعی	ط	
کتاب المجتبی لفارس بن أحمد		تقلیل
المستنیر		
ابو القاسم الهزلی	ط	

[1] فریدۃ الدھر نے کامل سے فتح و تقلیل دونوں بیان فرمایا ہے'' التقلیل مطلقا فی ذات الیاء ورؤوس الآی وله مذهب آخر وهو التقلیل فی رؤوس الآی فقط سوی ما فیه ضمیر مؤنث فالفتح کما لم یکن رأس آیة (ج ۱/ص ۸۲/)

Scanned by CamScanner

فائدہ : مد بدل میں ازرق کے ناقلین تثلیث اور الفات ذوات الیاء میں ناقلین فتح وتقلیل کی اس تفصیل کے بعد اب تمام وجوہ ستہ کی روایتی حیثیت اور ان سے متعلق مقروء ہونے نہ ہونے کی وضاحت ہوجائے گی بالخصوص وجہ سادس یعنی قصر مع التقلیل کا مسئلہ بھی صاف ہوجائے گا۔

(۱) **قصر مع الفتح** : اتحاف میں ہے : طریق وجیز الاهوازی واحد طریقی تلخیص العبارات واختاره الشاطبی۔

ایک خلش : صاحب اتحاف کے اس بیان میں ایک خلش یہ ہے کہ آپ نے مد بدل کے بیان میں اہوازی کو تو ناقلین توسط سے قرار دیا ہے پھر قصر مع الفتح کو طریق اہوازی سے کیسے کہا جارہا ہے (اتحاف ج ۱/ص ۱۶۲/)

بہر حال ان کے علاوہ یہ وجہ کتاب التبصرۃ، کتاب التذکرۃ، کتاب الارشاد، کتاب الاعلان سے بھی منقول ہے۔

(۲) **توسط مع الفتح**: اتحاف میں ہے : طریق وجیز الاهوازی واحد طریقی تلخیص العبارات ان کے علاوہ مندرجہ بالا نقشہ سے یہ وجہ شاطبیہ، کتاب الارشاد، کتاب التبصرۃ اور تیسیر للدانی سے بھی نکلے گی، یہ وہ وجہ ہے جس کو علامہ جزری نے وجہ خامس کے طور پر جائز قرار دیا ہے۔

(۳) **طول مع الفتح** : اتحاف میں ہے : من کافی لابن شریح ، وهداية للمهدوی، وتجرید لابن فحام، وتبصره للمکی ان کے علاوہ نقشۂ بالا سے کتاب الکامل اور شاطبیہ سے بھی یہ وجہ منقول ہے۔

(۴) **طول مع التقلیل** : اتحاف میں اس وجہ کو کتاب العنوان سے بیان فرمایا ہے جبکہ نقشہ سے یہ وجہ کتاب المجتبی للطرطوسی، شاطبیہ اور کتاب الکامل سے بھی نکلتی ہے۔

(۵) **توسط مع التقلیل** : اتحاف میں ہے من التیسیر و به قرأ الدانی علی ابن خاقان وابی الفتح، تو نقشہ میں یہ وجہ، تلخیص لابن بلیمۃ اور شاطبیہ اور کتاب الاعلان سے بھی نکل رہی ہے

(۶) **قصر مع التقلیل** : سے متعلق صاحب اتحاف فرماتے ہیں تصریح بامتناع الطریق

Scanned by CamScanner

السادس وهی قصر البدل مع التقلیل فلا یصح من کلا الطریقین (الشاطبی والجزری) لإن کل من روی القصر فی البدل لم یرو التقلیل (ج/۱،ص۲۶۴)

لیکن نقشہ پر نظر کرنے سے یہ وجہ تلخیص لابن بلیمۃ ، کتاب الاعلان، اور شاطبیہ سے نکل رہی ہے، کیونکہ اولاً تو خود علامہ جزریؒ اور صاحب اتحاف نے تلخیص لابن بلیمہ سے قصر وتوسط دونوں بیان کیا ہے، اب رہی تقلیل تو گو جزری نے ان سے فتح ہی بیان کیا ہے مگر شیخ محمد متولیؒ نے تلخیص سے تقلیل بیان فرمائی ہے (دیکھئے نقشہ) اس طور پر یہ وجہ ابن بلیمہ سے بھی منقول ہے۔

خلاصہ یہ کہ شیخ متولیؒ اور ان کے متبعین کے نزدیک جملہ وجوہ ستہ منقول ہونے کی وجہ سے جائز ہیں، چنانچہ صاحب فریدۃ الدھر نے بھی اجراء میں ساری وجوہ کو مقروء اور جائزہ قرار دیتے ہوئے پڑھنے کو فرمایا ہے (دیکھئے ! ج/۲،ص/۵۹-۶۲)

Scanned by CamScanner

مدلین متصل کا بیان

قاعدہ: حرف لین کے بعد ہمزہ اسی کلمہ میں واقع ہو مثلاً شیء ، کهیئة ، سوء ة، السَّوْء وغیرہ تو امام ورش سے بطریق ارزق توسط وطول دو وجہیں ہیں، لیکن کلمۂ موئلاً اور موء ودة اس سے مستثنی ہیں لہذا ان دونوں میں صرف قصر ہوگا[1]۔

فائدہ: بعض اہل ادا[2] نے حرف لین کے بعد ہمزۂ متصلہ کے آنے پر مدلین کو صرف شیء و شیئا کے ساتھ خاص کیا ہے، لہذا ان کے یہاں کهیئة، سوء ة، السَّوْء میں ارزق کیلئے صرف قصر ہوگا توسط وطول نہ ہوگا (اتحاف ج/۱،ص/۱۷۰) (النشر ج/۱،ص/۳۴۷)(کشف النظر ج/۲،ص/۲۱۲)

خلاصہ: یہ ہے کہ طریق ارزق سے ورش کیلئے شیء، شیئا میں تو توسط وطول یہ دو وجہ متفق علیہ ہیں اور موئلا و موء ودة کے دو کلمہ بالاتفاق مستثنی ہیں لہذا ان میں صرف قصر ہوگا باقی کلمات مثلا کهیئة ، سوء ة ، السَّوْء میں توسط وطول مختلف فیہ ہے یعنی بعض کے نزدیک صرف قصر ہے، اور بعض کے نزدیک توسط، طول ہے۔

قاعدہ: بعض مصری اور مغربی مشائخ نے شیء، شیئا میں امام حمزہ سے خلف نقل کیا ہے، چنانچہ بعض نے سکتہ نقل کیا ہے، تو دیگر بعض نے بجائے سکتہ کے توسط نقل کیا ہے۔

نوٹ: شیء، شیئا میں امام حمزہ کیلئے سکتہ ہوگا یا توسط لیکن دونوں کو جمع کرنا یعنی توسط کرتے ہوئے سکتہ کرنا صحیح نہیں ہے۔

تنبیہ: شیء، شیئا میں امام حمزہؒ کیلئے توسط ان ہی میں کے بعض حضرات نے نقل کیا ہے، جنہوں نے مفصول عام وخاص میں سکتہ نقل کیا ہے، لہذا مفصول عام وخاص میں سکتہ کے ساتھ ہی شیء، شیئا میں توسط جائز ہوگا، مفصول عام وخاص کی تحقیق کے ساتھ توسط جائز نہ ہوگا (مستفاد من النشر ج/۱،ص/۳۴۸- کشف النظر ج/۲،ص/۲۱۲)۔

---

[1] ابن فحام نے تجرید میں موئلا کو مستثنی نہیں کیا ہے جو ازرق کے جملہ ناقلین کے خلاف ہے اور یہ صرف ان کا تفرد ہے لہذا قابل عمل نہیں (النشر ج/۱،ص/۳۴۷، کشف النظر ج/۲،ص/۲۱۱)

[2] بعض اہل ادا سے مراد ابوالحسن طاہر ابن غلبون، ابوطاہر صاحب عنوان، ابوالقاسم طرطوسی، ابن بلیمہ صاحب تلخیص اور ابوالفضل خزاعی وغیرہم حضرات ہیں۔

Scanned by CamScanner

مد معنوی کا بیان

مد فرعی کے اولا دو سبب ہیں (۱) سبب لفظی (۲) سبب معنوی، سبب لفظی سے متعلق گفتگو ماقبل میں گذر چکی، رہا سبب معنوی تو وہ برائے تعظیم یا نفی میں مبالغہ کی غرض سے قصر سے زیادہ مد کرنا۔

علامہ جزریؒ فرماتے ہیں کہ گو قراء کے یہاں یہ سبب معنوی بنسبت سبب لفظی کے ضعیف ہے مگر عند العرب معتبر ہے میں نے یہ وجہ پڑھی ہے اور اسے اختیار بھی کرتا ہوں۔

اس کی دو قسمیں ہیں (۱) مد تعظیمی (۲) مد مبالغہ

مد تعظیمی : اس مد کو کہتے ہیں جو برائے تعظیم یا معبودان باطلہ کی الوہیت کی نفی میں مبالغہ کی غرض سے ایک الف سے زائد مد کیا جائے جیسے لا اله إلا انت ، لا إله إلا هو وغیرہ۔

یہ مد تعظیمی و مبالغہ مد منفصل کے اصحاب قصر ہی سے منقول ہے[1]۔

---

[1] عام کتب عشرۂ کبیر میں تو اجمالی انداز میں رجال مد تعظیمی کے طور پر مد منفصل کے اصحاب قصر کو کہا گیا ہے چنانچہ علامہ جزریؒ طیبۃ النشر میں مد تعظیمی سے متعلق فرماتے ہیں ''والبعض للتعظیم عن ذی القصر مد'' کہ یہ مد تعظیمی اصحاب قصرِ مد منفصل سے ہے لیکن عبارت میں اصحاب قصر کی کوئی تفصیل و تعیین نہیں ہے، اتباع جزریؒ میں سارے مشائخ نے اجمال ہی سے کام لیتے ہوئے رجال مد تعظیمی کے طور پر صرف اصحاب قصر کو فرمایا ہے، حالانکہ مد منفصل کے اصحاب قصر کی دو قسمیں ہیں (۱) مقصرین بلا خلف اور وہ ابن کثیر و ابو جعفر ہیں (۲) مقصرین بالخلف تو وہ قالون، اصبہانی، ابو عمرو، ہشام، حفص اور یعقوب ہیں۔

اب سوال یہ ہے کہ مد تعظیمی ان میں کے فریق اول کیلئے ہے یا فریق ثانی کیلئے یا دونوں کیلئے ہے؟ لہذا ضرورت اس بات کی ہے کہ اس اجمال کی تفصیل کر کے مراد جزری کی تعیین کی جائے کہ وہ اصحاب قصر کون کون ہیں جن کیلئے مد تعظیمی کیا جائے گا ؟

جواب اس کا یہ ہے کہ مواقع تعظیم میں مقصرین بلا خلف یعنی ابن کثیر مکی و ابو جعفر مدنی اور مقصرین بالخلف میں کے بعض یعنی ابو عمرو بصری، حفص اور یعقوب کیلئے مد ہوگا اور مقصرین بالخلف میں قالون، اصبہانی اور ہشام کیلئے یہ مد نہ ہوگا، معلوم ہوا کہ عبارت جزریؒ ''عن ذی القصر مد'' کی مراد میں صرف مقصرین علی الاطلاق مراد لینا بھی صحیح نہیں کہ ان میں کہ قالون، اصبہانی و ہشام سے یہ مروی نہیں ہے، لہذا اس جگہ مندرجہ ذیل نکات کو ذہن نشیں کرنا ضروری ہے۔

Scanned by CamScanner

حاشیہ صفحہ گذشتہ

(۱) مد تعظیمی صرف اصحاب قصر سے منقول ہے اصحاب توسط سے نہیں۔ (۲) رجال قصر بالخلف کے ناقلینِ توسط مد تعظیمی نقل نہیں کرتے بلکہ یہ مد تو ناقلین قصر ہی نقل کرتے ہیں۔ (۳) اصحاب قصر بالخلف کے جملہ ناقلینِ قصر بھی اس مد تعظیمی کو نقل نہیں کرتے بلکہ صرف صاحب کامل امام ہذلی اور ابو معشر طبری صاحب تلخیص ہی مد تعظیمی نقل کرتے ہیں۔ (۴) پھر یہ دونوں شیخ تمام اصحاب قصر کیلئے قصر کو نقل نہیں کرتے بلکہ ان میں کے بعض کیلئے بجائے قصر کے توسط نقل کرتے ہیں، اب ظاہر ہے کہ توسط کے ساتھ مد تعظیمی ہوتا نہیں ہے لہذا یہ دونوں حضرات کسی بھی قاری کیلئے توسط نقل کرتے ہوئے مد تعظیمی بیان نہیں کریں گے۔

رہا یہ سوال کہ جب قالون اصبہانی اور ہشام ان تینوں سے قصر ثابت ہے اور مد تعظیمی کو اصحاب قصر کیلئے کہا گیا ہے تو پھر ان تین حضرات سے مد تعظیمی کیوں نہیں؟

تو اس کا جواب یہ ہے کہ قالون سے یہ مد اسلئے نہیں ہے کہ دراصل مد تعظیمی کے ناقل امام ابوالقاسم ھذلی صاحب کامل اور ابو معشر صاحب تلخیص یہ دو ہیں اب صاحب کامل قالون کیلئے مد منفصل میں قصر بیان ہی نہیں کرتے، بلکہ فویق القصر یعنی توسط بیان کرتے ہیں اور توسط کے ساتھ مد تعظیمی کا ہونا ممکن نہیں، رہے ابو معشر صاحب تلخیص تو وہ قالون سے مد منفصل میں قصر تو نقل کرتے ہیں مگر مد تعظیمی نقل نہیں کرتے۔

اصبہانی : تو اسی طرح اصبہانی کیلئے بھی صاحب کامل امام ھذلیؒ مد منفصل میں بجائے قصر کے توسط نقل کرتے ہیں لہذا ھذلی اب ان کیلئے مد تعظیمی تو بیان کریں گے نہیں، اور اسی طرح ابو معشر بھی اصبہانی سے مد منفصل میں فویق القصر یعنی توسط بیان کرتے ہیں، اب یہی دونوں حضرات تو مد تعظیمی کو بیان کرنے میں اصل ہیں، اور یہ دونوں تو توسط بیان کرتے ہیں گو اور حضرات اصبہانی سے قصر نقل کرتے ہیں مگر وہ مد تعظیمی کے ناقل نہیں ہیں، اسی وجہ سے صاحب فریدۃ الدھر لکھتے ہیں

”لیس لرواة قصر المنفصل عن الأصبهانی مدالتعظیم، وهذا هو التحقیق فی هذه المسئلة، لأن الهذلی له فی المنفصل التوسط، فلا داعی لذکر مدالتعظیم من کامله“ (ج ۱، ص ۱۰۳)

ہشام سے بھی صاحب کامل مد منفصل میں توسط نقل کرتے ہیں اور صاحب تلخیص ابو معشر قصر تو نقل کرتے ہیں مگر مد تعظیمی بیان نہیں کرتے۔

معلوم ہوا کہ اصحاب قصر بالخلف میں کے ان تینوں سے مد تعظیمی منقول و مروی نہیں ہے لہذا اب ان کیلئے مد تعظیمی کرنا خلاف نقل و خلاف روایت ہے۔

Scanned by CamScanner

خلاصہ یہ کہ مد تعظیمی مکی، بصری، حفص، ابوجعفر ویعقوب کیلئے ہوگا۔

حاشیہ صفحہ گذشتہ

تنبیہ : بعض حضرات نے ان اصحاب قصر کی وضاحت وتعیین فرماتے ہوئے لکھا کہ وہ ''قالون، بصری، ہشام، حفص یہ بالخلف اور مکی وابوجعفر بلا خلف قصر کرتے ہیں، پس ان کیلئے منفصل کے دیگر مواقع میں قصر کرتے ہوئے ،لا إله إلا الله کے سب مواقع میں دو یا تین الفی مد بھی جائز ہے، اس کو ہذلی، ابن مہران وغیرھما نے نصاً بیان کیا ہے

مگر ان کا یہ بیان چند وجوہ سے محل نظر ہے

اولاً تو ان حضرات نے اصحاب قصر میں اصبہانی ویعقوب کو ذکر نہیں کیا جبکہ یہ بھی تو اصحاب قصر ہیں۔

ثانیاً : مد تعظیمی نہ صرف مقصرین بلا خلف کیلئے ہیں اور نہ ہی جملہ مقصرین بالخلف کیلئے، بلکہ مقصرین بلا خلاف کے ساتھ ساتھ مقصرین بالخلف میں سے بھی بعض کیلئے ہے، نیز ان میں کے قالون، اصبہانی اور ہشام کیلئے مد تعظیمی ہے ہی نہیں جبکہ یہ حضرات تو قالون کیلئے بھی مد تعظیمی کو فرما رہے ہیں۔

ثالثاً : امام یعقوب جو اصحاب قصر سے بھی ہیں اور ان سے مد تعظیمی بھی مروی ہے ان کا تو اس تفصیل میں نام ہی نہیں، اور شاید یعقوب کا نام اسلئے نہیں ہے کہ ان حضرات نے طیبہ کی شرح میں رمز کلمی سے متعلق عبارت جزری (حماً) سے صرف ابوعمرو کو مراد لیا ہے (جبکہ حماً سے تو مراد بصریان یعنی ابوعمرو ویعقوب دونوں ہیں)۔

Scanned by CamScanner

(۲)**اصحاب مد تعظیمی** :- مد تعظیمی ابن کثیر مکی، ابوعمرو بصری، حفص، ابوجعفر اور یعقوب کیلئے بالخلف ہوگا یعنی قصر توسط دو وجہیں ہوگی۔

مقدار مد تعظیمی: اس کی مقدار توسط ہے۔

فائدہ (۱):- مد تعظیمی اور مد منفصل کے ایک آیت میں جمع ہونے پر مثلاً لا إله إلا انت سبحنک یا اس کے برعکس مد منفصل و تعظیمی ایک آیت میں جمع ہوجائے مثلاً اتبع ماأوحی إلیک من ربک لا إله إلا هو تو عقلاً چار وجہیں نکلتی ہیں ان میں سے (۱) مد تعظیمی میں قصر کرتے ہوئے منفصل میں قصر (۲) مد تعظیمی میں توسط، منفصل میں قصر (۳) مد تعظیمی میں توسط اور مد منفصل میں بھی توسط یہ وجوہ ثلاثہ تو جائز ہیں البتہ وجہ رابع یعنی مد منفصل کے توسط کے ساتھ مد تعظیمی میں قصر یہ جائز نہیں ہے۔

کیونکہ منفصل میں توسط تو صرف ہمزۂ منفصلہ کے سبب سے ہے، جبکہ مد تعظیمی میں تو ہمزہ منفصلہ اور تعظیم دو دو سبب جمع ہیں، اب جبکہ ایک سبب سے توسط ہوتا ہو تو دو دو سبب کے جمع ہونے پر تو بدرجۂ اولی توسط ہی ہونا چاہئے اور قصر کرنا تو گویا سببین پر سبب واحد کو ترجیح دینا ہے۔

اور دوسری وجہ یہ ہے کہ جس ہمزۂ منفصلہ کے سبب ناقلین، توسط نقل کرتے ہیں وہی ہمزۂ منفصلہ مد تعظیمی میں بھی ہے پھر یہاں قصر کیوں؟

علامہ جزریؒ نے طیبۃ النشر میں تو ان کے مد کو مطلقاً ذکر فرمایا ہے، اور کسی متعینہ مقدار کو بیان نہیں فرمایا مگر النشر میں فرماتے ہیں ''قلت : وقدر المد فی ذلک فیما قرأنا به وسط لا یبلغ الإشباع'' (ج/۱،ص/۳۴۵) اور صاحب اتحاف لکھتے ہیں'' لا یبلغ به الإشباع بل یقتصر فیه علی التوسط لضعف سببه بالهمز'' (ج/۱،ص/۱۶۸) لہذا اس کی مقدار توسط ہے۔

Scanned by CamScanner

مد تعظیمی وجمع مذکر سالم میں الحاق

نوٹ : امام یعقوب کیلئے مد تعظیمی کرتے ہوئے جمع مذکر سالم میں وقفا الحاق ہائے سکتہ ممنوع ہے کیونکہ یعقوب سے مد تعظیمی نقل کرنے والے امام ابوالقاسم ھذلی صاحب کامل اور ابن بلیمہ صاحب تلخیص یہ دو ہی حضرات ہیں اور ان میں کا ہر ایک یعقوب سے جمع مذکر سالم میں عدم الحاق نقل کرتا ہے لہذا جمع مذکر سالم میں الحاق کے ساتھ مد تعظیمی یا مد تعظیمی کے ساتھ الحاق نہ ہوگا ، چنانچہ علامہ متولیؒ ''الروض النضیر'' میں فرماتے ہیں ''ولا یأتی مع هاء السکت لیعقوب لأنها لم تکن من طریق التلخیص والکامل'' (ص/۲۰۹)

مزید وضاحت کیلئے مندرجہ ذیل نقشہ ملاحظہ ہو

رویس

جمع مذکر سالم	موقع تعظیم
کامل میں عدم الحاق	مد تعظیم
تلخیص میں لم بم فیم مم عم کے علاہ میں عدم الحاق (جمع مذکر سالم میں عدم الحاق)	مد تعظیم

روح

کامل میں مطلقا عدم الحاق	مد تعظیم
تلخیص میں نون مؤنث اور لم بم کے کلمات خمسہ کے ماسوا میں عدم الحاق	مد تعظیم

Scanned by CamScanner

(۳) مد مبالغہ لائے نفی جنس کے بعد آنے والا وہ اسم مفتوح جو غیر منون ہو تو نفی میں مبالغہ کیلئے ایک الف سے زائد جو مد کیا جاتا ہے اس کو مد مبالغہ کہتے ہیں جیسے لاَ رَيْبَ فِيْهِ، لاَ شِيَةَ فِيْهَا، لاَ مَرَدَّ لَهُ، ایسے مواقع میں امام حمزہ سے بالخلف توسط ہے اور وجہ ثانی دیگر قراء کی طرح قصر ہے[1]۔

فائدہ :- قاری محمد طاہر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کشف النظر میں تحریر فرماتے ہیں ''البتہ جہاں لفظی ومعنوی دونوں سبب جمع ہو جائیں جیسے فَلاَ إِثْمَ عَلَيْهِ ، لاَ إِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ وغیرہ تو وہاں قوی سبب پر عمل کرتے ہوئے صرف طول ہوگا (ج ۲/ص ۲۰۶)

[1] گو صاحب اتحاف نے تو شیخ علی محمد ضباع سے اس کے کل ۴۳ مواقع قرآن کریم میں بیان فرمائے ہیں مگر یہ وہ عدد ہے جس میں صرف مد مبالغہ ہے ورنہ جہاں مد مبالغہ و مد منفصل دونوں جمع ہو گئے ہوں ایسے چند مواقع اور بھی ہیں جیسے لاَإِكْرَاهَ ، فَلاَ إِثْمَ عَلَيْهِ چونکہ ان میں سبب قوی پر عمل کرتے ہوئے صرف طول ہوتا ہے توسط نہیں ہوتا اور شیخ علی محمد ضباع کو صرف مد مبالغہ کے مواقع بیان کرنا مقصود ہے لہذا آپ نے ۴۳ ہی پر اکتفا کیا۔

Scanned by CamScanner

ہمزتین فی کلمۃ کا بیان

ایک کلمہ میں دو ہمزہ جمع ہونے کی تین صورتیں ہیں (۱) دونوں مفتوح ہوں مثلاً ءَ اَنْذَرْتَهُمْ ، (۲) اول مفتوح ثانی مکسور مثلاً ءَ إِذَا (۳) اول مفتوح ثانی مضموم ہو مثلاً ءَ اُنْزِلَ۔

اگر دونوں مفتوح ہوں تو قالون، ابوعمرو وابوجعفر کیلئے تسہیل مع الادخال ہے ورش کیلئے بطریق ازرق تسہیل محض وابدال بالالف یہ دو وجہیں ہیں اور ورش بطریق اصبہانی نیز ابن کثیر مکی اور رویس کیلئے تسہیل محض ہے، ہشام کیلئے طریق حلوانی سے تسہیل مع الادخال وتحقیق مع الادخال دو وجہیں ہیں اور طریق داجونی سے صرف تحقیق محض اس طرح کل تین[1] وجہیں ہیں اور باقون یعنی ابن ذکوان، عاصم، حمزہ، کسائی، روح وخلف بزار کیلئے صرف تحقیق ہے۔

اور اگر اول مفتوح اور ثانی مکسور ہے مثلاً ءَ إِنَّکَ ، ءَ إِذَا تو قالون، ابوعمرو بصری اور ابوجعفر کیلئے تسہیل مع الادخال اور ورش (دونوں طریق سے) ابن کثیر مکی اور رویس کیلئے تسہیل محض ہے، ہشام کیلئے تحقیق محض اور تحقیق مع الادخال یہ دو وجہیں ہیں[2] تعیین طرق کے ساتھ تفصیل اس کی یہ ہے کہ ہشام کیلئے بطریق حلوانی عن جمال تحقیق محض اور طریق حلوانی عن ابن عبدان اور طریق داجونی سے تحقیق مع الادخال ہے اور باقی قراء کیلئے تحقیق محض ہے۔

---

[1] طیبہ کی عبارت کے ظاہر سے تو عقلا چار وجہیں نکلتی ہیں (۱) تحقیق محض (۲) تحقیق مع الادخال (۳) تسہیل محض (۴) تسہیل مع الادخال مگر ان میں سے تین مقروء اور ایک غیر مقروء ہے جس کی تفصیل یہ ہے کہ دونوں مفتوح کی صورت میں ہشام سے بطریق حلوانی عن ابن عبدان تسہیل وادخال مروی ہے اور ہشام سے بطریق حلوانی عن جمال تحقیق وادخال ہے جبکہ بطریق داجونی تحقیق وعدم ادخال ہے۔

یوں صور ثلاثہ مذکورہ تو منقول ومروی ہونے کی وجہ سے مقروء ہیں، باقی رہی وجہ رابع یعنی تسہیل محض تو یہ غیر مقروء ہے اس واسطے کہ ناقلین تسہیل جو کہ حلوانی عن ابن عبدان ہیں وہ عدم ادخال نقل نہیں کرتے۔

[2] البتہ ءَ إِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ جو سورۂ فصلت میں ہے ہشام کیلئے بجائے دو وجہوں کے تین وجوہ ہیں :-
(۱) تحقیق مع الادخال (۲) تسہیل مع الادخال (۳) تحقیق محض۔

Scanned by CamScanner

اور اگر اول مفتوح ثانی مضموم ہو مثلاً ءَ اُنْزِلَ[1] تو قالون وابوعمرو بصری کیلئے تسہیل محض اور تسہیل مع الادخال دو وجہیں ہیں، ورش (اپنے دونوں طریق سے) مکی اور رویس کیلئے تسہیل محض ہے، ابوجعفر کیلئے تسہیل مع الادخال ہے ہشام کیلئے موقع اول یعنی آل عمران کے قُلْ ءَ اُنَبِّئُكُمْ میں تحقیق مع الادخال اور تحقیق محض دو وجہیں ہیں جبکہ موقع ثانی سورۂ ص کے ءَ اُنْزِلَ اور موقع ثالث سورۂ قمر کے ءَ اُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ میں تحقیق مع الادخال، تحقیق محض اور تسہیل مع الادخال یہ تین وجہیں ہیں باقی قراء کیلئے تحقیق محض ہے۔

[1] اول مفتوح ثانی مضموم کے پورے قرآن مجید میں تین مواقع متفق علیہ ہیں اول سورۂ آل عمران میں قُلْ ءَ اُنَبِّئُكُمْ، ثانی سورۂ ص میں ءَ اُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ، ثالث سورۂ قمر میں ءَ اُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ، جبکہ ایک اور موقع سورۂ زخرف میں ءَ اُشْهِدُوْا ہے جو مختلف فیہ ہے کہ اس کو صرف نافع اور ابوجعفر دو ہمزوں سے پڑھتے ہیں باقی قراء ایک ہی ہمزہ سے پڑھتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

ہمزتین فی کلمتین متفق الحرکت کا بیان

دوکلموں میں دوہمزوں کے اجتماع کی اولاً دوقسمیں ہیں (۱) متفق الحرکت (۲) مختلف الحرکت۔

پھر متفق الحرکت کی تین صورتیں ہیں (۱) دونوں مفتوح (۲) دونوں مضموم (۳) دونوں مکسور۔

اول: دونوں مفتوح ہوں مثلاً جَاءَ أَمْرُنَا تو قالون، بزی اور ابوعمرو بصری کیلئے بلا خلف اور قنبل[1] ورویس کیلئے بالخلف ہمزۂ اولی کا اسقاط ہے، وجہ ثانی ہمزۂ ثانیہ کی تسہیل ہے، ورش کیلئے اپنے دونوں طریق سے ہمزۂ ثانیہ کی تسہیل ہے جبکہ بطریق ازرق وجہ ثانی ہمزۂ ثانیہ کا ابدال بالمد بھی ہے لیکن بصورت ابدال تثلیث نہ ہوگی اور یہی وجہ ثالث قنبل[2] کیلئے ہے، ابوجعفر کیلئے تسہیل ثانی ہے اور باقون یعنی ابن عامر، عاصم، حمزہ، کسائی، روح، خلف عاشر کیلئے تحقیق محض ہے۔

دوم: دونوں مضموم ہوں مثلاً أَوْلِيَاءُ أُولَٰئِكَ تو قالون، بزی کیلئے ہمزۂ اولی کی تسہیل مع المد والقصر ہے، اور قنبل ورویس کیلئے بالخلف اور ابوعمرو بصری کیلئے بلا خلف ہمزۂ اولی کا اسقاط مع القصر والمد ہے، قنبل ورویس کیلئے وجہ ثانی ہمزۂ ثانیہ کی تسہیل ہے، قنبل کیلئے وجہ ثالث دوسرے ہمزہ کا ابدال بالمد بھی ہے، ورش کیلئے اپنے دونوں طریق سے نیز ابوجعفر کیلئے ہمزۂ ثانیہ کی تسہیل ہے جبکہ طریق ازرق سے دوسری وجہ ابدال بالمد بھی ہے، باقون کیلئے تحقیق ہے۔

سوم: اور اگر دونوں ہمزہ مکسور ہوں مثلاً من السماء إن تو قالون بزی کیلئے ہمزۂ اولی کی تسہیل مع المد والقصر ہے، قنبل، رویس کیلئے بالخلف اور ابوعمرو بصری کیلئے بلا خلف ہمزۂ اولی کا اسقاط مع القصر والمد ہے، قنبل ورویس کیلئے وجہ ثانی ہمزۂ ثانیہ کی تسہیل ہے، ورش کیلئے دونوں طریق[3] سے ہمزۂ ثانیہ کی تسہیل ہے جبکہ طریق ازرق سے ابدال بالیاء المدیۃ بھی ہے اور یہی ابدال بالمد قنبل کی وجہ ثالث ہے۔

لیکن هٰؤُلَاءِ إِنْ (بقرہ) عَلَى الْبِغَاءِ إِنْ أَرَدْنَ (نور) ان دونوں مواقع میں ورش کے ناقلین تسہیل میں کے اکثر نے ابدال بالیاء المکسورۃ نقل کیا ہے جبکہ بقیہ نے عام اصول کے بموجب ان میں بھی تسہیل نقل کی ہے اسطرح ان دونوں مواقع میں ورش کیلئے مجموعی طور پر تین تین وجوہ منقول ہیں، باقی قراء کیلئے دونوں کی تحقیق ہے۔

---

[1] قنبل سے اسقاط ابن شنبوذ کے اکثر طرق سے اور تسہیل ابن مجاہد کے جملہ طرق اور ابن شنبوذ کے بعض یعنی ابن سوار سے ہے، اور رویس کیلئے اسقاط ابوطیب کے طریق سے اور تسہیل ... طریق ابوطیب کے ماسوا یعنی بطریق نخاس ہے۔ (المرأۃ النیرۃ ص/۹۶، کشف ج/۲-ص/۳۲۶)۔

[2] قنبل سے یہ ابدال بطریق ابن شنبوذ ہے، اور یہ تمام اہل مصر و اہل بغداد سے ہے (اتحاف ج/۱-ص/۹۴)

ہمزتین فی کلمتین مختلف الحرکت کا بیان

اجتماع ہمزتین فی کلمتین مختلف الحرکت کی مجموعی چھ صورتیں ہیں جن میں کی وہ پانچ جن کا وقوع قرآن کریم میں ہے مندرجہ ذیل ہے۔

(۱) اول مفتوح ثانی مکسور جیسے شُهَدَاءَ إِذَا۔

(۲) اول مفتوح ثانی مضموم جیسے جَاءَ أُمَّةٌ۔

(۳) اول مضموم ثانی مفتوح جیسے اَلسُّفَهَاءُ أَلَا۔

(۴) اول مضموم ثانی مکسور جیسے يَشَاءُ إِلٰى۔

(۵) اول مکسور ثانی مفتوح جیسے مِنَ النِّسَاءِ أَوْ۔

ان میں پہلی دو کا حکم یہ ہے کہ امام نافع، مکی، ابوعمرو بصری، ابوجعفر اور رویس ہمزۂ ثانیہ کی تسہیل کرتے ہیں جبکہ صورت ثالثہ میں قراء مذکورین کیلئے ہمزۂ ثانیہ کا واو مفتوح سے ابدال ہے۔

صورت رابعہ میں مذکورین کیلئے ہمزۂ ثانیہ کی تسہیل اور ابدال بالواو المکسورۃ دو وجہیں ہیں۔

اور صورت خامسہ کا حکم یہ ہے کہ ان کیلئے ہمزۂ ثانیہ کا ابدال بالیاء المفتوحۃ ہوگا۔

مذکورہ پانچوں صورتوں میں باقی قراء کیلئے بلا خلف صرف تحقیق ہے۔

اور چھٹی صورت یعنی اول مکسور ثانی مضموم کا وقوع قرآن کریم میں نہیں ہے۔

Scanned by CamScanner

ہمزۂ منفردہ ساکنہ کا بیان

قاعدہ (۱) ہر ہمزہ منفردہ ساکنہ (خواہ فا، عین، یا لام کلمہ میں ہو) جبکہ اس کا ماقبل متحرک ہوتو ورش بطریق اصبہانی وابوجعفر بلا خلف اور ابوعمرو بصری (مکمل) بالخلف ہمزہ کا ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت سے ابدال کرتے ہیں مثلا یأمرون، بئس، جئت، تسوء کم، إن یشأ سوائے مخصوص مستثنیات کے [۱]

---

[۱] مستثنیات کی تفصیل یہ ہے کہ اصبہانی کیلئے اصول ابدال سے دس مواقع مستثنی ہیں جن میں کہ پانچ اسماء ہیں اور پانچ افعال۔

پانچ اسماء یہ ہیں (۱) البأس، البأساء (۲) اللؤلؤ، لؤلؤا، جہاں کہیں آجائے (۳) ورئیا سورۂ مریم میں (لہذا رؤیاک، رؤیای، الرؤیا میں ہر جگہ ابدال ہوگا) (۴) کأس، کأسا جس طرح اور جس جگہ واقع ہو (۵) رأس جس طرح اور جس جگہ بھی ہو، ان پانچوں میں بجائے ابدال کے تحقیق ہے۔

افعال خمسہ :(۱) جئت اور اس باب کے جملہ کلمات جیسے أجئتنا، جئناهم، جئتمونا، جئتكم وغیرہ

(۲) نبئ اور اس مادہ کے تمام کلمات أنبئهم، نبئهم، نبئتكما وغیرہ

(۳) قرأت اور اس مادہ کے تمام کلمات مثلاً قرأنا، إقرأ، قرأنه وغیرہ

(۴) هيئ يهيئ دونوں کہف میں

(۵) تؤوی اور تؤویه میں تحقیق ہے لہذا مأوی، فأوٰا وغیرہ میں ابدال ہوگا (النشر ج۱/ص۳۹۱، کشف النظر ج۲/ص۳۴۲، اتحاف ج۱/ص۱۹۹)

اور ابوعمرو بصری سے پانچ قسم کے پندرہ کلمات ہیں جو پینتیس (۳۵) جگہ واقع ہیں ابدال سے مستثنی ہیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے (۱) مجزوم یعنی وہ کلمات جن کا ہمزہ بوجہ جزم ساکن ہو اور یہ چھ کلمات ہیں جو انیس ۱۹ جگہ ہیں، یشأ دس ۱۰ جگہ جن میں سے إن یشأ سات جگہ، ومن یشأ یجعله اور من یشأ اللہ سورۂ انعام میں فإن یشأ اللہ شوری میں ان نشأ تین جگہ شعراء، سبا، ویٰس میں، تسوء تین جگہ آل عمران، توبہ، مائدہ (۱۷) اور ننساها بقرہ میں (۱۸) ویهيئ لكم کہف میں (۱۹) أم لم ينبأ نجم میں۔

(۲) امر وبناء یعنی جن کلمات میں ہمزہ کا سکون بوجہ امر بنائی ہو ایسے کلمات چھ ہیں جو گیارہ جگہ آئے ہیں۔

(۱) أنبئهم بقرہ میں (۲) ارجه دو جگہ اعراف وشعراء میں (۳) نبئنا سورۂ یوسف میں (۳) نبئ تین جگہ نبئ عبادی حجر میں نبئهم حجر وقمر (۵) اقرأ تین جگہ، اسراء میں ایک، علق میں دو جگہ (۶) وهيئ لنا کہف میں۔

(۳) ثقل یعنی جن کلمات میں ابدال کرنے سے کلمہ ثقیل ہو جاتا ہو یہ ایک کلمہ ''تؤوی'' ہے جو دو جگہ آیا ہے تؤوی إليك احزاب میں اور تؤويه معارج میں۔

Scanned by CamScanner

قاعدہ (۲) ورش بطریق ازرق صرف اس ہمزۂ ساکنہ کا ابدال کرتے ہیں جو فائے فعل میں ہو مثلاً يأمرون، يؤمنون، والمؤتفكت وغيره[1]

بقیہ اگلے صفحہ کا

(۴) معنوی التباس واشتباہ یعنی ابدال کرنے سے ایک لغت دوسرے لغت سے ازراہ معنی ملتبس ہو جائے یہ صرف ایک کلمہ ہے ورئیا سورۂ مریم میں۔

(۵) اشتقاقی ولغوی التباس : ابدال کرنے سے ایک لغت دوسرے لغت سے ازراہ مادۂ اشتقاق ملتبس ہو جائے یہ ایک کلمہ ہے جو دو جگہ آیا ہے مؤصدة سورۂ بلد وھمزہ میں اور ایک کلمہ "بارئکم" جو سورۂ بقرہ میں دو جگہ آیا ہے وہ بھی ابدال سے مستثنی ہے (النشر ج ۱، ص ۳۹۲) (کشف النظر ج ۲ ص ۳۴۶)

اور ابو جعفر کے مستثنیات کی تفصیل یہ ہے کہ أنبئهم سورۂ بقرہ میں اور نبئهم دو جگہ یعنی سورۂ حجر وقمر میں یہ تین کلمے بلا خلف مستثنی ہیں لہذا صرف تحقیق ہوگی اور نبئنا جو سورۂ یوسف میں ہے ان کیلئے ابدال بالخلف ہے وجہ ثانی تحقیق ہے۔

حاشیہ صفحہ ھذا

[1] لیکن ایواء کے مشتقات ابدال سے مستثنی ہیں لہذا ابدال نہ ہوگا بلکہ تحقیق ہوگی مثلاً مأوى، فأوٰا، تؤوى چنانچہ علامہ جزریؒ طیبہ میں فرماتے ہیں ولفا- فعل سوى الإيواء الازرق اقتفى۔

Scanned by CamScanner

نقل حرکت کا بیان

ساکن صحیح کے بعد ہمزۂ قطعیہ دوسرے کلمہ میں واقع ہوتو اس کو مفصول عام کہتے ہیں مثلاً قد افلح اور لام تعریف کے بعد ہمزۂ قطعیہ کے آنے کو مفصول خاص کہتے ہیں جیسے الارض۔

قاعدہ : مفصول خاص وعام میں ورش اپنے دونوں طریق سے نقل حرکت کرتے ہیں بشرطیکہ وہ ساکن حرف مدہ ومیم جمع نہ ہو، البتہ ملء الارض سے ملء میں باوجود ایک کلمہ ہونے کے طریق اصبہانی سے نقل وترک نقل دونوں ہیں جبکہ طریق ازرق سے صرف ترک نقل یعنی تحقیق ہے۔

نوٹ : کتابیہ إنی میں ورش کے دونوں طریق سے خلف مروی ہے البتہ ترک نقل کا قول قوی اور مختار ہے چنانچہ علامہ جزریؒ فرماتے ہیں ''قلت وترک النقل فیه هوالمختار عندنا والأصح لدینا والأقوی فی العربیة وذلک أن هذه الهاءَ هاءُ سکتٍ وحکمها السکون'' الخ (النشر ج/۱،ص/۴۰۹)۔

Scanned by CamScanner

سکتہ کا بیان

قراءت کے دوران سانس توڑے بغیر لمحۂ قلیلہ کیلئے آواز روک لینے کو اصطلاح میں سکتہ کہتے ہیں، اب اگر یہ سکتہ تقویۂ للہمز یا تلفظ کی دشواری کے حل کے طور پر ہے تو یہ سکتۂ لفظی ہے۔

اور اگر معنوی پیچیدگی کے حل کی غرض سے ہے تو یہ سکتۂ معنوی ہے۔

سکتۂ معنوی وقف کے حکم میں ہے جبکہ سکتہ لفظی وصل کے حکم میں ہے۔

سکتۂ لفظی :حرف ساکن[1] کے بعد ہمزۂ قطعیہ آئے (خواہ یہ ہمزہ متصلہ ہو یا منفصلہ) مثلاً القرء ان، قد أفلح، الأخرة، شیء وغیرہ تو ایسے سواکن پر سکتہ کرنے کو سکتۂ لفظی کہتے ہیں۔

ابن ذکوانؒ، حفصؒ اور ادریسؒ کے سکتۂ لفظی کا بیان

ابن ذکوان، حفص اور ادریس رحمھم اللہ کیلئے سکتۂ لفظی سے متعلق تین طرق ہیں۔

طریق اول : حروف مدہ کے ماسوا صرف ساکن منفصل[1]، الف[2] لام تعریف اور شیء[3] شیئا میں سکتہ مثلا قد افلح، الانسان، شیء، شیئا۔

طریق ثانی : مذکورہ مواقع کے ساتھ ساکن متصل جیسے القرء ان، الظمآن میں سکتہ۔

طریق ثالث : مذکورہ تمام قسموں میں عدم سکتہ یہی زیادہ مشہور وعند الجمہور مختار بھی ہے۔

تنبیہ : امام حفصؒ کیلئے سواکن مذکورہ پر سکتہ مد منفصل کے مد ہی کے ساتھ ہوگا قصر کے ساتھ نہ ہوگا کیونکہ امام حفصؒ سے بطریق عبید بن صباح مد منفصل میں صرف توسط ہے اور اسی طریق کے بعض ناقلین سکتہ نقل کرتے ہیں ورنہ امام حفصؒ سے بطریق عمرو بن صباح مد منفصل میں گو قصر و توسط دونوں منقول ہیں مگر اس طریق کا کوئی بھی ناقل سکتہ نقل ہی نہیں کرتا لہذا قصر کے ساتھ سکتہ ممنوع ہے۔ (تفصیل کیلئے دیکھئے النشر، فریدۃ الدھر)

خلاصہ : یہ کہ ابن ذکوان، حفص اور ادریس رحمھم اللہ کیلئے جمع بین الاقوال کے بعد مذکورہ جملہ مواقع میں سکتہ بالخلف ہے۔

---

[1] یہاں ساکن کو مطلق رکھا گیا اور صحیح کی قید نہ لگائی گئی اس کی وجہ یہ ہے کہ یہاں مقصود بالبیان بلا تخصیص روایت صرف سکتہ لفظی کی تعریف ہے جس میں جآء، الآإنهم جیسے مواقع کا سکتہ بھی سکتۂ لفظی ہونے کی وجہ سے داخل ہو جائے۔

Scanned by CamScanner

کیا ابن ذکوان کیلئے مد متصل و منفصل کے طول پر بھی ساکن صحیح میں سکتہ صحیح ہے؟

علامہ جزری علیہ الرحمۃ ''النشر'' میں فرماتے ہیں ''والسکت من هذه الطرق کلها مع التوسط إلا من الارشاد فانه مع المد الطویل فاعلم ذلک'' (ج ۱، ص ۴۲۳) یعنی ابن ذکوان کے جملہ طرق سے ساکن صحیح پر سکتہ مد متصل و منفصل کے توسط پر ہوگا البتہ کتاب الارشاد سے ابن ذکوان کے یہاں یہ سکتہ طول پر بھی صحیح ہے، تحقیق جس کی یہ ہے کہ علامہ جزریؒ اس سے قبل ابن ذکوان کیلئے ساکن پر سکتہ سے متعلق اقوال مختلفہ کو نقل فرماتے ہوئے فرماتے ہیں صاحب ارشاد ابوالعز اور ابوالعلاء ان دونوں نے ابن ذکوان سے یہ سکتہ صرف طریق علوی سے نقل کیا ہے جس کو علوی نے بطریق نقاش عن اخفش روایت کیا ہے۔

نیز آپ نے سکتہ کے باب میں اور ایک قول بھی اسی سند سے نقل فرمایا ہے جس کی سند اس طرح ہے ابو العلاء عن ابی العز عن ابی علی واسطی عن علوی عن نقاش عن اخفش حاصل جس کا یہ ہے کہ سکتۂ ابن ذکوان بطریق علوی عن نقاش عن اخفش ہے۔

ادھر مقدار مد کی تفصیل کے تحت طول سے متعلق آپ فرماتے ہیں کہ یہ طول ابوالعز کی ارشاد میں دو حضرات سے ہے (۱) حمزہ (۲) ابن ذکوان بطریق اخفش، محققؒ آگے فرماتے ہیں ''ابوالعز ہی کی کفایہ کبری میں یہ طول چار کیلئے ہے، حمزہ، اعمش، قتیبہ اور ابن عامر بطریق حمامی یعنی بروایت ابن ذکوان (النشر ج ۱، ص ۳۲۵)

سکتہ اور مقدار مد کی تفصیل بالا کو بغور دیکھنے سے سمجھ میں آتا ہے کہ صاحب ارشاد نے ابن ذکوان سے ساکن منفصل میں سکتہ بطریق علوی عن نقاش عن اخفش نقل فرمایا ہے اور ابن ذکوان سے مقدار مد کے طور پر طول سے متعلق فرماتے ہیں کہ ابوالعز نے اپنی ارشاد میں طول کو مطلقا بطریق اخفش بیان فرمایا ہے دونوں کو

Scanned by CamScanner

ملانے سے گو بیان ارشاد کے بموجب طریق اخفش سے طول مع السکت جائز ہوتا ہے مگر صاحب ارشاد ہی نے اپنی دوسری تصنیف کفایہ میں طول سے متعلق یہ صراحت فرمائی ہے کہ ابن ذکوان سے طول بطریق حمامی ہے۔

چنانچہ علامہ نوریؒ بھی شرح طیبۃ النشر میں علامہ جزریؒ کی بیان کردہ اس طول مع السکت والی وجہ پر تبصرہ فرماتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اخفش کے تمام طرق سے طول کو کسی نے بھی بیان نہیں فرمایا بلکہ کفایہ میں اس طول کو طریق حمامی عن نقاش عن اخفش کے ساتھ خاص کر کے بیان فرمایا ہے، معلوم ہوا کہ نقاش عن اخفش کے دو طریق ہیں (۱) طریق علوی عن نقاش عن اخفش (۲) طریق حمامی عن نقاش عن اخفش، اب ان میں طریق علوی عن نقاش میں ابن ذکوان سے صرف توسط ہے اور اسی طریق سے سکتہ بھی ہے جبکہ طریق حمامی عن نقاش میں ابن ذکوان سے طول ہے مگر طریق حمامی میں ابن ذکوان سے سکتہ نہیں ہے لہذا طول مع السکت غیر مقروء ہے ورنہ خلط فی الطرق لازم آئے گا (شرح طیبہ للنوری ج ۱/ص ۳۸۵)

Scanned by CamScanner

امام حمزہ کے سکتۂ لفظی کا بیان

سکتۂ لفظی سے متعلق امام حمزہ سے دیگر تمام قراء سے زیادہ تفصیل واہتمام ہے اور اس بارے میں ان کے اصحاب سے مختلف طرق اور متعدد مذاہب منقول ہیں۔

چنانچہ اس سکتہ سے متعلق آپ سے سات طرق آئے ہیں

اول : مکمل حمزہ (خلف وخلاد دونوں) سے صرف مفصول خاص اور شیء ، شیئا میں سکتہ۔

ثانی : مکمل حمزہ سے مفصول خاص، شیء ، شیئا کے ساتھ مفصول عام میں بھی سکتہ۔

ثالث : پورے حمزہ سے مفصول خاص، شیء شیئا، مفصول عام کے ساتھ ساکن متصل مثلاً مسئولا، الأفئدة میں بھی سکتہ۔

رابع : پورے حمزہ سے مواقع مذکورہ کے ساتھ مد منفصل میں بھی سکتہ۔

خامس : پورے حمزہ سے مواقع مذکورہ کے ساتھ مد متصل میں بھی سکتہ۔

سادس : مذکورہ اقوال خمسہ کے جملہ مواقع میں صرف خلف سے سکتہ اور خلاد سے ترک سکتہ۔

سابع : مذکورہ تمام مواقع میں پورے حمزہ یعنی خلف وخلاد دونوں سے عدم سکتہ۔[1]

---

[1] فائدہ : امام حمزہ کے سکتۂ لفظی سے متعلق طرق سبعہ مذکورہ کو جمع کرنے سے مندرجہ ذیل امور بطور نتیجہ نکلتے ہیں۔

(۱) جمع الجمع میں امام حمزہ کیلئے جملہ مواضع سکتہ میں سکتہ بالخلف ہوگا یعنی وجہ ثانی تحقیق بھی مقروء ہوگی۔

(۲) تحقیق وسکتہ میں سے کسی ایک پر اکتفاء کرنے سے تکمیل قراءت نہ ہوگی۔

(۳) جمع الجمع میں بوقت اجراء کسی جگہ مفصول عام اور مد منفصل جمع ہو جائیں مثلاً وإذا قيل لهم آمنوا كما آمن الناس الخ تو تحقیق مع التحقیق، اور سکتہ مع السکتہ پڑھ لینا کافی نہ ہوگا بلکہ تحقیق مع التحقیق کے علاوہ جب مفصول عام میں سکتہ پڑھا جائے تو مد منفصل میں اولا مد بدون سکتہ پڑھنا ہوگا پھر وجہ ثانی کے طور پر مفصول عام کے سکتہ پر عطف کرتے ہوئے مد مع السکتہ پڑھنا ہوگا یوں وجوہ ثلثہ مقروء ہوں گی اور رہی وجہ رابع یعنی مفصول عام کی تحقیق کے ساتھ مد منفصل میں سکتہ تو یہ غیر مقروء ہے کیونکہ طرق سبعہ میں یہ وجہ کسی سے بھی منقول نہیں ہے۔

(۴) اور اگر مفصول خاص اور مد منفصل جمع ہو جائیں مثلاً وإذا قيل لهم لا تفسدوا في الأرض قالوآ إنما نحن مصلحون تو وہاں بھی اسی طرح پڑھا جائے گا۔

Scanned by CamScanner

.....

حاشیہ صفحۂ گذشتہ

(۵) اور اگر مد منفصل و متصل جمع ہوں مثلاً ألا إنهم هم السفهاء ولكن لا يعلمون تو حمزہ کیلئے مجموعی عقلی وجہیں چار ہوں گی جن میں کی تین مقروء ہوں گی جو درج ذیل ہیں :-

(۱) ترک سکتہ مع ترک سکتہ (۲) منفصل میں مد مع السکتہ اور متصل میں مد بدون سکتہ (۳) مد مع السکتہ مد مع السکتہ، البتہ وجہ رابع یعنی مد منفصل میں مد بدون سکتہ پڑھتے ہوئے متصل میں مد مع السکتہ پڑھنا صحیح نہیں ہے کیونکہ طرق سبعہ میں کے کسی سے بھی یہ وجہ منقول نہیں ہے۔

(۶) اسی طرح اقوال مختلفہ کے جمع ہونے کی صورت میں خیال رکھا جائے کہ خلط فی الطرق نہ ہو اور کوئی وجہ ترک نہ ہونے پائے، خیال نہ رکھنے سے خلط فی الطرق یا غیر منقول وجہ کے پڑھ لینے کا احتمال رہتا ہے۔

(۷) خیال نہ رکھنے سے خلط فی الطرق لازم آئے گا مثلاً مفصول عام میں سکتہ کرتے ہوئے مد منفصل میں بھی صرف سکتہ پڑھنا ناقلین سکتہ فی المد المنفصل کیلئے تو صحیح ہے کہ وہ مفصول عام میں بھی سکتہ کرتے ہیں مگر وہ ناقلین جو مفصول عام میں تو سکتہ نقل کرتے ہیں لیکن مد منفصل میں سکتہ نقل نہیں کرتے ان کیلئے سکتہ کرنا لازم آئے گا جو روایۃً صحیح نہیں ہے

Scanned by CamScanner

امام حمزہ کیلئے مد متصل و مد منفصل میں مد کے ساتھ سکتہ کرنے کا بیان

امام حمزہ کیلئے سکتہ لفظی سے متعلق طرق سبعہ مذکورہ میں سے چوتھے اور پانچویں طریق میں مد منفصل و متصل کے حرف مدہ میں سکتہ کو بیان کیا گیا ہے نتیجۃً جآء اور فی انفسکم جیسے امثلہ میں دو اصول جمع ہوتے ہیں یعنی ایک مد بالطّول کا اور دوسرا سکتہ کا، اب چونکہ سکتہ بالخلف ہے لہذا عقلاً حمزہ کیلئے دو وجہ نکلتی ہیں اول طول بدون سکتہ دوم طول مع السکتہ اور دونوں وجہیں مشائخ کے یہاں معمول بہا ہیں، مگر علامہ جزریؒ النشر میں تحریر فرماتے ہیں کہ گو میں نے یہ ساتوں طرق سے پڑھا ہے مگر میرا اختیار اور پسندیدہ طریقہ یہ ہے کہ مد کے ماسوا سوا کن پر سکتہ کرتا ہوں اور حروف مدہ میں ترک سکتہ تا کہ نص واداء اور قیاس جمع ہو جائیں مثلاً روایت تو یہ ہے کہ ہم نے خلف وخلاد عن سلیم عن حمزہ نیز ان دو کے ماسوا سے بھی عن سلیم عن حمزہ یہ قول روایت کیا ہے کہ جب ہمزہ سے قبل حرف مدہ میں مد کرلو گے تو یہ مد سکتہ کی طرف سے کافی ہو جائے گا، نیز سلیم فرماتے ہیں کہ امام حمزہ حرف مدہ میں مد کرنے کے بعد ہمزہ ادا کرنے سے قبل سکتہ نہیں کرتے تھے[1]۔

اور یہ معقول بھی ہے کیونکہ مد متصل و منفصل میں مد سے مقصود مابعد والے ہمزہ کی تحقیق ہے اور جو لوگ ہمزہ سے قبل حرف ساکن پر سکتہ کرتے ہیں ان کا مقصود بھی تحقیق ہمزہ ہی ہے لہذا مواقع مد متصل و منفصل میں جب مد کرنے سے مقصد (تحقیق ہمزہ) حاصل ہو جاتا ہے تو اب مد کے بعد بھی سکتہ کرنا تحصیل حاصل ہے چنانچہ علامہ دانیؒ فرماتے ہیں " وهذا الذى قاله حمزة من ان المد يجزي من السكت "معنى حسن لطيف دال على وفور معرفته ونفاذ بصيرته" (مستفاد از النشر ج ۱/ص ۴۲۲) معلوم ہوا کہ علامہ جزریؒ کی رائے میں مذکورہ دو وجہوں میں سے وجہ ثانی یعنی مد بالطّول کے بعد سکتہ یہ غیر مختار ہے۔

---

[1] فقد روينا عن خلف وخلاد وغيرهما عن سليم عن حمزة قال اذا مددت الحرف فالمد يجزى من السكت قبل الهمزة قال وكان اذا مد ثم اتى بالهمز بعد المد لا يقف قبل الهمز۔

Scanned by CamScanner

وقف حمزہ وہشام کا بیان

کلمات مہموز پر وقف سے متعلق ائمہ عشرہ کے مابین اختلاف ہے کہ امام حمزہ وہشام سے تقاضۂ وقف کے تحت اس ہمزہ مین مختلف قسم کے تغیرات منقول ہیں جن کو اصطلاحاً تخفیف کہتے ہیں جبکہ دیگر قراء رحمہم اللہ سے یہ تخفیف مروی نہیں ہے بلکہ تحقیق ہی سے وقف منقول ہے۔

نوٹ : ۱ لیکن تخفیف حمزہ وہشام میں یہ تفصیل ہیکہ امام حمزہ سے تو علی الاطلاق ہر ہمزہ میں یعنی خواہ مبتدءہ ہومتوسطہ ہو یا متطرفہ یہ تخفیف مروی ہے جبکہ ہشام سے یہ تخفیف صرف ہمزات متطرفہ ہی میں منقول ہے مبتدءہ ومتوسطہ میں نہیں۔

۲ ہمزات متطرفہ میں ہشام سے جو تخفیف منقول ہے وہ بالخلف ہے یعنی ایک وجہ تحقیق بھی ہے۔

۳ مذکورہ تخفیف بالخلف کی تفصیل یہ ہے کہ ہشام سے بطریق حلوانی تخفیف وتحقیق دونوں ہیں جن میں تخفیف طریق حلوانی کے اکثر سے اور تحقیق بعض سے، جبکہ ہشام سے طریق داجونی کے جملہ ناقلین سوائے صاحب کافی ہمزہ متطرفہ میں وقفاً تحقیق نقل کرتے ہیں، ہاں صرف صاحب کافی تخفیف نقل فرماتے ہیں[1] (فریدۃ الدھر ج ۱، ص ۲۶۷ سے ۲۸۴)

اس تخفیف کی دو قسمیں ہیں: (۱) تخفیف قیاسی (۲) تخفیف رسمی۔

تخفیف قیاسی : اصول عربیت کے مطابق تغیر کرنا اور یہ پانچ قسم پر ہے (۱) تسہیل (۲) ابدال (۳) حذف (۴) نقل (۵) ادغام۔

تخفیف رسمی :- اتباع رسم یعنی رسم الخط کے مطابق تغیر کرنا اور یہ ابدال وحذف دو قسم پر ہے[2]

---

[1] اختلاف طرق کا ثمرہ : جب کسی جگہ مد منفصل اور ہمزۂ متطرفہ جمع ہوجائیں مثلاً کما امن • السفهاء تو ہشام سے بطریق حلوانی مد منفصل میں قصر وتوسط دو وجہ ہیں اور ہمزۂ متطرفہ میں تحقیق وتخفیف دونوں ہیں لہذا مجموعی طور پر وجوہ اربعہ ہوں گی، جبکہ ہشام کیلئے داجونی کے طریق سے مد منفصل میں صرف توسط ہے اور ہمزۂ متطرفہ میں سوائے صاحب کافی کے جملہ ناقلین صرف تحقیق بیان کرتے ہیں لہذا اس اعتبار سے طریق داجونی میں توسط کے ساتھ صرف تحقیق پڑھیں گے توسط مع التخفیف طریق داجونی سے منقول نہ ہونے کی وجہ سے غیر مقروء ہے البتہ صاحب کافی سے یہ وجہ بھی صحیح ہوجائے گی۔ (تفصیل کیلئے دیکھئے فریدۃ الدھر ج ۱، ص ۲۶۷ سے ۲۸۴)

[2] بعض مواقع میں تسہیل بھی اتباع رسم سے ہوتی ہے مثلاً تفتؤا میں تسہیل مع الروم کہ یہ رسم کے مطابق کالواو ہوتی ہے۔

Scanned by CamScanner

محل وقوع کے اعتبار سے ہمزہ کی تین قسمیں ہیں (۱) مبتدءہ (۲) متوسطہ (۳) متطرفہ۔

فائدہ : ان میں سے ہمزۂ متوسطہ اور متطرفہ کی تخفیف تو طریق حرز (شاطبی) سے بھی منقول ہے لہذا اس کو ہم یہاں حذف کرتے ہیں لیکن طریق طیبہ سے ہمزۂ مبتدءہ میں بھی تخفیف مروی ہے اسلئے یہاں صرف اسی کا بیان مقصود ہے۔

ہمزۂ متوسطہ کی کل چار قسمیں ہیں (۱) متوسطہ حقیقی (۲) متوسطہ حکمی (۳) متوسطہ بزوائد حرفی (۴) متوسطہ بزوائد کلمی،

(۱) متوسطہ حقیقی جیسے تأكل، الذئب، يسئمون، يتساءلون وغیرہ۔

(۲) متوسطہ حکمی دراصل وہ ہمزۂ متطرفہ ہے جو کسی ضمیر یا تنوین کی وجہ سے وسط میں آجائے مثلاً نسائكم، أبناءنا، سواءً، بناءً

(۳) متوسطہ بزوائد حرفی: وہ ہمزہ مبتدءہ ہے جو کسی حرف زائد[1] کے ملحق ہونے کی وجہ سے وسط میں آجائے۔ مثلا هأنتم، بأمره، الأخرة، وغیرہ

متوسطہ کی مذکورہ تینوں صورتوں کی تخفیف طریق حرز سے بھی منقول ہے لہذا بوجہ تکرار یہاں اس کو بیان سے حذف کیا جارہا ہے۔

رہی چوتھی قسم متوسطہ بزوائد کلمی : تو وہ دراصل ہمزۂ مبتدءہ ہے لیکن کلمۂ ماقبل سے وصل کی وجہ سے وہ وسط میں آکر متوسطہ کہلاتا ہے طریق طیبہ سے اسمیں بھی تخفیف مروی ہے جسکی تفصیل یہ ہے کہ اس ہمزۂ مبتدۂ کا ماقبل حرف متحرک ہوگا یا ساکن مثلاقال أولم، قد أفلح، قالوا امنا، ابنی ادم وغیرہ۔

اب اگر ہمزہ کا ماقبل حرف ساکن ہے تو وہ ساکن صحیح ہوگا یا لین یا مدہ، اگر ساکن صحیح ہے یا لین مثلاً قدأفلح، خلو إلى، ابنی ادم وغیرہ تو اکثر اہل ادا سے نقل اور بعض اہل اداء سے تحقیق مروی ہے (اتحاف فضلاء البشر ج ۱، ص ۲۳۱)

---

[1] ایسے حروف زوائد قرآن کریم میں گیارہ آئے ہیں (۱) ھاء تنبیہ مثلاً هأنتم (۲) یاء ندا مثلاً یادم (۳) لام ابتدائیہ مثلاً لأنتم (۴) باجارہ مثلاً بأمره، باخرين (۵) ہمزۂ استفہام مثلاً ءأنذرتهم (۶) سین مثلاً سأصرف (۷) کاف مثلا كأنهم (۸) فا مثلاً فامنوا (۹) واو مثلاً واما (۱۰) لام تعریف الأخرة (۱۱) لام جارہ مثلاً لأبويه ان مین صرف امام حمزہ بالخلف تخفیف کرتے ہیں جن میں کی ایک وجہ تحقیق تو متعین ہے جبکہ دوسری وجہ احوال مختلفہ کے بموجب کبھی تسہیل ہوگی تو کبھی ابدال تو کبھی نقل۔

Scanned by CamScanner

نوٹ : البتہ اگر کلمۂ ماقبل کا وہ ساکنِ آخر میم جمع ہے تو جملہ ناقلین نقل نے اس کو نقل سے مستثنیٰ قرار دیا ہے مثلاً علیکم أنفسکم وغیرہ

اور اگر ماقبل کا وہ ساکن واؤ یا یا مدہ ہو مثلاً قالوا آمنا، فی أنفسکم تو نقل وادغام دو وجہ تخفیف کی ہیں جبکہ تحقیق کی بھی دو وجہیں ہیں (۱) تحقیق بدون سکتہ (۲) تحقیق مع السکتہ[1] یوں کل وجوہ اربعہ ہیں۔

اور اگر ماقبل کا وہ ساکن الف مدہ ہے مثلاً بما أنزل ، فلما أضاء ت تو اس وقت بھی امام حمزہ سے وقفاً دو وجہ تحقیق کی تو دو تسہیل کی یوں وجوہ اربعہ منقول ہیں، تحقیق کی دو وجہ اس طور پر کہ (۱) الف میں مد بدون سکتہ اور ہمزہ کی تحقیق (۲) الف میں مد مع السکتہ اور ہمزہ کی تحقیق، اور تسہیل کی دو وجہ یہ ہیں (۱) الف میں مد اور ہمزہ میں تسہیل (۲) الف میں قصر اور ہمزہ میں تسہیل۔

اور اگر ہمزۂ مبتدءہ سے قبل کلمہ کا آخری حرف متحرک ہے تو اس کی کل نو[9] صورتیں اسطرح ہیں کہ خود ہمزہ کی حرکات ثلاثہ اور کلمۂ ماقبل کے آخری حرف کی حرکات ثلاثہ دونوں کو باہم ضرب دینے سے نو[9] صورتیں بنیں گی۔

(۱) مفتوح ماقبل مضموم مثلاً تربص أربعة اس صورت میں ابدال بالواو اور تحقیق دونوں ہیں۔

(۲) مفتوح ماقبل مکسور مثلاً ثلاثةِ أیام اسمیں تحقیق وابدال بالیاء دو وجہیں ہیں

(۳) مفتوح ماقبل مفتوح مثلاً قال أولم.

(۴) مکسور ماقبل مکسور مثلاً واللیل إذا.

(۵) مکسور ماقبل مضموم مثلاً الإنسانُ إذا، یرفعُ إبراهیم۔

(۶) مکسور ماقبل مفتوح مثلاً نعلیک إنک

(۷) مضموم ماقبل مضموم مثلاً کلُّ أُولئک.

(۸) مضموم ماقبل مفتوح مثلاً جاء أُمة.

(۹) مضموم ماقبل مکسور مثلاً الصلحت أولئک.

تین سے لیکر نو تک کی سات صورتوں میں تحقیق وتسہیل دو دو وجہیں ہیں۔

[1] تحقیق کی ان دو وجہوں میں ماقبل کے حرف مدہ میں مد بالطّول ہوگا۔

Scanned by CamScanner

کیا مفصول خاص میں وقفاً تحقیق بھی ہے؟

الأرض، الأنهار جیسے مواقع مفصول خاص میں امام حمزہ کیلئے وقفا دو وجہیں نقل وسکتہ تو مشہور ہیں البتہ وجہ ثالث تحقیق سے متعلق مشائخ فن کے مابین اختلاف ہے۔

قائلین عدم تحقیق اور ان کے دلائل.... چنانچہ صاحب اتحاف فضلاء البشر (ج ۱/ص ۲۳۰) میں لکھتے ہیں وذهب جماعة إلى الوقف بالتحقيق فى القسمين، والوجهان فى الشاطبية كأصلها، لكن وجه التحقيق فى لام التعريف لا يكون إلا مع السكت، لما تقدم فى باب السكت عن النشر، أن الوقف على نحو (الأرض) بوجهين فقط، النقل ، والسكت، وتقدم وجهه (ج/ ۱، ص ۲۳۰)

شارح طیبہ شیخ نویری فرماتے ہیں وإن كان الهمز فى كلمة اخرى ، فإن الذى مذهبه تخفيف المنفصل كما سيأتى ينسخ تخفيفه بسكتة، وعدمه بحسب مايقتضيه التخفيف، ولذلك ليس له فى نحو (الأرض) فى الوقف، إلا النقل والسكت، لان من سكت عنه على لام التعريف وصلا اختلفوا : فمنهم من نقل وقفا كأبى الفتح عن خلف، والجمهور عن حمزه، ومنهم من ينقل من أجل تقدير انفصاله، فيقرؤه على حاله كما لووصل كابن غلبون وصاحب "العنوان" ومكى، وغيرهم، وأما من لم يسكت عليه: كالمهدوى، وابن سفيان عن حمزه،وكأبى الفتح عن خلاد،فإنهم مجمعون على النقل وقفا (ج/۱، ص/٤٨٧)

بلکہ شیخ نویری نے جعبری سے تحقیق کو بیان کر کے اس کی تردید فرمائی ہے اور مذکورہ دونوں بزرگوں کی یہ رائے دراصل علامہ جزریؒ کے فکر کی ترجمانی ہے چنانچہ آپ النشر میں فرماتے ہیں ولذلك لم يتأت له فى نحو (الأرض والانسان) سوى وجهين وهما النقل والسكت لان الساكتين عنه على لام التعريف وصلا منهم من ينقل وقفا كأبى الفتح عن خلف والجمهور عن حمزة ومنهم من لا ينقل من اجل تقدير انفصاله فيقرؤه على حاله كما لووصل كابن غلبون وابى الطاهر صاحب العنوان ومكى وغيرهم وأما من لم يسكت عليه كالمهدوى وابن سفيان عن حمزه وكأبى الفتح عن خلاد فإنهم مجمعون على النقل وقفاليس عنهم فى

Scanned by CamScanner

ذلک خلاف (ج/۱، ص/۴۲۷) پھرایک جگہ آپ فرماتے ہیں وحکی فیه وجه الثالث وهو التحقیق من غیرسکت کالجماعة ولا اعلمه نصا فی کتاب من الکتب ولا فی طریق من الطرق عن حمزة ولا عن اصحاب عدم السکت علی لام التعریف عن حمزة او عن احد من رواته حالة الوصل مجمعون علی النقل وقفا لااعلم بین المتقدمین فی ذلک خلافا منصوصا یعتمد علیه وقد رأیت بعض المتأخرین یأخذ به لخلاد اعتمادا علی بعض شروح الشاطبیة ولا یصح ذلک فی طریق من طرقها والله اعلم (ج/۱، ص/۴۸۶)

معلوم ہوا کہ مفصول خاص میں وصلا تحقیق بیان کرنے والے جملہ ناقلین بالاتفاق وقفا بجائے تحقیق نقل ہی کوفرماتے ہیں لہذا وقفا تحقیق کسی کیلئے بھی نہیں۔

قائلین تحقیق اوران کے دلائل...لیکن فی زماننا بعض حضرات وجہ ثالث کے طور پر تحقیق کو بھی فرماتے ہیں چنانچہ صاحب فریدۃ الدھر لکھتے ہیں ولا حظ اننا عملنا علی الوقف علی أل بالتحقیق کما حرر المتولی بالروضة (ج/۲، ص/۲۲) تحریرات طیبہ میں شیخ جابر مصری فرماتے ہیں کما زادت فی بعض التحریرات تحقیق فی نحو الأرض وقفا عند ترک السکت (ص/۳۰) پھراورایک جگہ فرماتے ہیں واجیز عن الروض تحقیق مع عدم السکت فی نحو الأرض وقفا عند عدم السکت مطلقا (ص/۴۱)

دور حاضر کے ان دونوں صاحب فن کی عبارتوں سے اول تو یہ واضح ہورہا ہے کہ یہ حضرات وجہ ثالث کے طور پر تحقیق کے قائل ہیں، ثانیاً یہ کہ ان دونوں کے اس رجحان کی بنیاد دراصل شیخ متولیؒ کی رائے ہے جس پر آپ نے اپنی کتاب الروض النضیر میں بالتفصیل گفتگوفرما کر وقفا تحقیق کو ثابت ومدلل کرنے کی سعی فرمائی ہے، چنانچہ آپ لکھتے ہیں کہ جیسے ''أؤنبئکم'' کا ہمزۂ ثانیہ ہمزۂ اولی زائدہ کی وجہ سے متوسط ہے اسی طرح ارض کا ہمزہ ''ال'' زائدہ کی وجہ سے متوسط ہے لہذا دونوں متوسط بزوائد ہیں اب جب ''أؤنبئکم'' کے ہمزۂ ثانیہ میں وقفا (تسہیل کے ساتھ) تحقیق ہے تو الارض میں تو بدرجۂ اولی تحقیق ہونی چاہیئے کے الأرض میں تو دو ہمزوں کے مابین لام فاصل بھی ہے اور اس کو اصطلاح میں ساکن آخر یعنی دوسرے کلمے میں ہونا کہا گیا، جب اجتماع کے بعد بھی تحقیق جائز ہوسکتی ہے تو فصل کے ساتھ تو تحقیق کو بدرجہ اولی جائز ہونا چاہئے۔

ثانیاً نیز علامہ مہدویؒ نے اپنی کتاب شرح ہدایہ میں بھی ہمزۂ متوسط بزوائد میں تحقیق کو بیان

فرمایا ہے نیز مکیؒ نے اپنی تبصرہ میں اسکوذکر فرمایا ہے اور علامہ دانیؒ نے تیسیر میں اس کو ابوطیب سے نقل بھی فرمایا ہے۔

ثالثا پھر علامہ جزریؒ نے جو تحقیق کو وقفا منع فرما کر نقل کو فرمایا تو اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ نے تحقیق کے باب میں ابوطیب کو منفرد پایا اور مکی اور ابن سفیان بھی جو بیان کرتے ہیں تو یہ بھی صرف ابوطیب سے اور مہدوی جو تحقیق بیان کرتے ہیں تو وہ بھی ابن سفیان سے لے رہے ہیں، معلوم ہوا کہ اوپر میں تو یہ تحقیق صرف ابوطیب سے ہے جو رجل واحد کی حیثیت سے ہیں اور رجل واحد اجماع کا مقابل نہیں ہوسکتا۔

لیکن شیخ متولیؒ کے رائے یہ ہے کہ اس کو کسی کا تفرد قرار دینا یوں صحیح نہیں ہے کہ مکی نے اپنے بیان سے اس تحقیق کو مشہور کر دیا ہے لہذا اب اس کو آحاد یا انفراد سے قرار دینا صحیح نہیں ہے اور دیکھئے! جزریؒ نے اسی وجہ سے النشر میں تو اس کے خلاف اجماع کو بیان فرما کر تحقیق کو آحاد سے قرار دیا مگر تقریب النشر میں تحقیق کے بجائے نقل پر اجماع کو بیان نہیں فرمایا اور کوئی نکیر بھی نہیں بلکہ وجہ تحقیق کو بھی ایک جماعت سے نقل فرمایا چنانچہ آپ فرماتے ہیں وذهب جماعة من أهل الاداء إلى الوقف عليه بالتحقيق واجروه مجرى المبتدأ وهذا مذهب مكى وابى الحسن بن غلبون وبه قرأ الدانى عليه (ص/۷۵) اور تقریب النشر علامہ جزری کی وہ کتاب ہے جو النشر کے بعد لکھی گئی لہذا اسی کا اعتبار ہونا چاہئے، اور اس اختلاف بیان کی وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ بعد میں علامہ جزری کی رائے بدل گئی ہو یعنی ترک سکتہ والی وجہ آحاد سے نہ رہی ہو۔

خلاصہ :- مکمل بحث پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے مشائخؒ کے یہاں الارض جیسے مواقع میں وقفا وجہ تحقیق سے متعلق اختلاف ہے صاحب اتحاف شارح طیبہ شیخ نوریؒ اور علامہ جزریؒ کے یہاں تو وقفا تحقیق صحیح نہیں ہے جبکہ شیخ متولیؒ اور ان کے متبعین کا نظریہ وقفا تحقیق کے جواز کا ہے، ناظرین باشوق دونوں کے مطالعہ کے بعد ان میں موازنہ بھی کر سکتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

الحاق ہائے سکتہ کا بیان

فائدہ : وقفا ہائے سکتہ کا یہ الحاق پانچ اصول وضوابط اور چار کلمات مخصوصہ میں جاری ہوتا ہے۔

(۱) وہ ما استفہامیہ جس پر حرف جر داخل ہو اور اس کا الف رسم سے حذف کر دیا گیا ہو تو اس پر بزّی ویعقوب وقفاً بالخلف الحاق ہائے سکتہ کرتے ہیں اور وجہ ثانی عدم الحاق ہے۔ ایسے کلمات پانچ ہیں فِیمَ، مِمَّ، عَمَّ، بِمَ، لِمَ

(۲) ضمیر جمع مؤنث کا نون مشدد مثلا أَيْدِيَهُنَّ، عَلَيْهِنَّ، مِنْهُنَّ، فَامْتَحِنُوهُنَّ پر یعقوبؒ کیلئے وقفا بالخلف الحاق ہائے سکتہ ہے [۱]۔

(۳) متکلم کی وہ یاء مشددہ جو فتحہ والی ہو مثلاً إِلَيَّ، بِيَدَيَّ، بِمُصْرِخِيَّ اس پر بھی یعقوب کیلئے وقفاً بالخلف الحاق ہائے سکتہ ہے۔

---

[۱] خواہ یہ ضمیر جمع مؤنث فعل کے ساتھ ہو مثلاً علمتموهنّ، فامتحنوهنّ، لا تخرجوهنّ وغیرہ یا حرف کے ساتھ ہو مثلاً لهنّ، بهنّ، عليهنّ وغیرہ یا اسم کے ساتھ ہو جیسے بیوتهنّ، أبصارهنّ وغیرہ۔

نوٹ : عبارت میں ضمیر جمع مؤنث کی قید سے إنّ، كأنّ، لكنّ جیسے کلمات نکل گئے کہ گو ان کا نون مشدد ہے مگر ضمیر جمع مؤنث نہیں ہے لہذا اصول الحاق سے خارج ہے۔

نوٹ : علامہ جزریؒ کی رائے میں اس ضمیر جمع مؤنث کا ضمیر غائب ہونا ضروری ہے لہذا ضمیر جمع مؤنث حاضر مثلاً لستنّ، طلقكنّ، منكنّ میں الحاق نہ ہوگا۔

چنانچہ آپ النشر میں فرماتے ہیں وقد أطلقه بعضهم وأحسب أن الصواب تقييد بما كان بعدهاء كما مثلوا الخ (ج ۲/ص ۱۳۵)، کہ گو مشائخ نے نون جمع مؤنث کو مطلق رکھا ہے مگر امثلہ سب ہی نے جمع مؤنث غائب کی پیش کی ہیں اور کسی نے حاضر کی مثال پیش کی ہی نہیں لہذا میرے نزدیک صواب اور صحیح یہی ہے کہ اس الحاق کو ضمیر جمع مؤنث غائب کے ساتھ خاص کر دیا جائے اور مؤنث حاضر میں الحاق کو جاری نہ کیا جائے لیکن اگر کوئی اس کے سوا اور کوئی مثال حاضر کی بطور نص کے پیش کر دے تو ہم اس سے رجوع کر لیں گے (ج ۲/ص ۱۳۵) چنانچہ ہمارے مشائخ عظام کا عمل فی زماننا اسی پر ہے۔

البتہ شیخ محمد المتولیؒ کی رائے یہ ہے کہ جب اصول میں نون جمع مؤنث کو مطلق رکھا ہے تو پھر اس کو مؤنث غائب کے ساتھ مقید کرنے کی ضرورت نہیں ہے جیسا کہ آپ ''الوجوہ المسفرہ'' میں اس کی وضاحت یوں فرماتے ہیں وكذا على كل اسم مشدد نحو عليّ، والىّ، ولديّ، عليهنّ، ومنهن ومن كيد كن على قول عامة اهل الاداء (بیان الوقف علی مرسوم الخط)

نیز شیخ مصطفیٰ الازمیری المتوفی ۱۱۵۰ھ وقفاً مواقع الحاق ھاء سکتہ کے تحت فرماتے ہیں ''ومثل فى المفردتين بطلقكن وعليهن'' (کتاب اتحاف البررۃ بما سکت عنہ نشر العشرۃ ص ۲۴۶/)

(۴) جمع مذکر سالم کے اخیر میں آنے والے نون مفتوحہ پر غیر جمہور کی روایت سے یعقوب کیلئے وقف الحاق ہائے سکتہ سے ہوگا، البتہ جمہور کے یہاں وقف بغیر الحاق کے ہوگا[1] مثلاً الذین، العلمین، المفلحون وغیرہ

(۵) واحد مذکر ومؤنث کی ضمیر ھو اور ھی جہاں کہیں اور جس طرح واقع ہو مثلاً وھو، لھو، یمل ھو، ماھی، وھی، لھی وغیرہ تو یعقوب کیلئے وقفاً بلا خلف الحاق ہے۔

(۶) رہے چار کلمات تو وہ یٰویلتٰی، یٰحسرتٰی، یٰأسفیٰ، اور ثَمَّ ظرفیہ (بفتح الثاء) ہیں ان پر صرف رویس کیلئے وقفاً بالخلف الحاق ہوگا، لہذا وجہ ثانی عدم الحاق ہے۔

نوٹ : یہ وہ کلمات اربعہ ہیں جن میں جزئی طور پر صرف رویس کیلئے بالخلف الحاق ہے۔

(بقیہ صفحہ گذشتہ کا)

یعنی ایک تو ابن الفحام عبد الرحمٰن بن ابی بکر بن عتیق المتوفی ۵۱۶ھ نے اپنی کتاب ''مفردۃ یعقوب'' میں اور دوسرے علامہ دانیؒ نے اپنی کتاب ''مفردہ'' میں (جو کہ اب تک غیر مطبوعہ ہے) یوں ان دونوں حضرات نے علیھن کے ساتھ طلقکن کی مثال بھی پیش کی ہے، اب چونکہ جزریؒ کا بیان تو یہ تھا کہ کسی نے بھی مؤنث حاضر کی مثال پیش نہیں کی ہے لہذا ہم اس کو مؤنث غائب کے ساتھ خاص کرتے ہیں تاہم اگر کوئی نص مثالِ جمع مؤنث حاضر کی مل جائے تو ہم رجوع کریں گے، تو شیخ مصطفیٰ الازمیریؒ کو دونوں مفردہ میں طلقکن کی مثال مل گئی لہذا آپ نے اس کو بھی الحاق ہائے سکتہ میں شامل فرمالیا اور شیخ محمد المتولیؒ کو شیخ مصطفیٰ الازمیری کی تحقیق پر اطمینان ہوا تو آپ نے بھی اس کو اپناتے ہوئے مطلق رکھا کہ خواہ مؤنث غائب ہو یا حاضر دونوں جگہ وقفاً یعقوب کیلئے الحاق ہوگا نیز مشائخ قراءت میں کے کسی نے جمع مؤنث حاضر مثلاً طلقکن میں الحاق کو نصاً منع بھی تو نہیں فرمایا ہے۔

[1] علامہ جزریؒ النشر میں فرماتے ہیں وحکاہ ابوطاہر بن سوار وغیرہ ورواہ ابن مھران عن رویس وھو لغۃ فاشیۃ مطردۃ عند العرب ، یعنی ابن سوار نے مکمل یعقوب سے اور ابن مہران نے صرف رویس سے اس کو نقل فرمایا ہے اور یہ ایسا لغت ہے جو عرب میں شائع ذائع اور عام ہے، البتہ آگے چل کر فرماتے ہیں ''والجمھور علی عدم إثبات الھاء عن یعقوب فی ھذا الفصل وعلیہ العمل'' (ج/۲، ص/۱۳۶)

نوٹ :امام یعقوب سے جمع مذکر سالم میں وقفاً ہونے والا الحاق ادغام کبیر کے ساتھ ممنوع ہے چنانچہ لاریب فیہ ھدی للمتقین میں ادغام کبیر کرتے ہوئے للمتقین میں الحاق صحیح نہیں ہے چنانچہ شیخ متولیؒ فرماتے ہیں

وھاء السکت فی کالعلمین الذین ان تکن مدغما للحضرمی فأھملا

امام یعقوب کیلئے ادغام کبیر کے ساتھ جمع مذکر سالم میں الحاق

جب ایک آیت میں موقع ادغام کبیر اور جمع مذکر سالم جمع ہو جائیں تو امام یعقوب کیلئے چونکہ ادغام اور جمع مذکر سالم میں الحاق دونوں بالخلف ہیں لہذا عقلا مجموعی طور پر مندرجہ ذیل چار وجہیں نکلتی ہیں۔

(۱) اظہار وعدم الحاق (۲) اظہار والحاق (۳) ادغام وعدم الحاق (۴) ادغام والحاق۔

جسکی وضاحت کیلئے اولاً نقشہ ذیل ملاحظہ ہو

		مواقع ادغام کبیر	مواقع جمع مذکر سالم	
رویس	کتاب المستنیر لابن سوار	اظہار عام	الحاق	جبکہ دیگر تمام ناقلین رویس نے اظہار وعدم الحاق نقل فرمایا ہے
	غایۃ ابن مھران	اظہار عام	الحاق	
	مصباح الظاہر لابی الکرم	اظہار وادغام	الحاق وعدم الحاق	

		مواقع ادغام کبیر	مواقع جمع مذکر سالم	
روح	ابن سوار	اظہار عام	الحاق	جبکہ روح کے دیگر تمام ناقلین اظہار وعدم الحاق نقل کرتے ہیں
	ابن مہران	اظہار عام	ترک الحاق	
	مصباح الظاہر	اظہار وادغام	الحاق وعدم الحاق	

نقشہ کو بغور دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مذکورہ چاروں وجہیں جائز ہیں

وجہ اول	اظہار	وعدم الحاق	دیگر ناقلین سے
وجہ ثانی	اظہار	والحاق	ابن سوار سے
وجہ ثالث	ادغام	وعدم الحاق	صاحب مصباح
وجہ رابع	ادغام	والحاق	صاحب مصباح

ہمارے یہاں چاروں کا پڑھنا پڑھانا معمول بہا ہے اور کسی وجہ کے عدم جواز سے متعلق کوئی وضاحت نہیں، البتہ آخری دور کے محقق فن شیخ محمد المتولیؒ نے ان میں کی چوتھی یعنی ادغام مع الحاق کو ممنوع اور غیر مقروء قرار دیا ہے چنانچہ آپ فرماتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

وهاء السكت في كا لعٰلمين الذين ان تكن مدغما للحضرمي فأمهلا (فتح الكريم للمتولی)

اسی طرح آپ اپنے ایک اور منظومہ ''عزوالطریق'' میں فرماتے ہیں

هاء السكت في كالعٰلمين وردا من غاية لنجل مهران لدى

رويسهم والحضرمي من مستنير مصباح ان يظهر بخلفه يا بصير

اوراسی کی شرح فرماتے ہوئے ''الروض النضیر'' میں فرماتے ہیں تمتنع هاء السكت في نحو العٰلمين وقفا ليعقوب مع الادغام الكبير لان هاء السكت في هذا النوع لرويس من غاية ابن مهران، وليعقوب من المستنير وكذا من المصباح في احد الوجهين على عدم الادغام الكبير ، والادغام ليعقوب من المصباح في وجه عدم الهاء، وللزبيري عن روح من الكامل، وليس في الكامل (هاء) السكت أصلا (الروض النضیر ص۱۷۲/۲)

یعنی یعقوب کے راوی رویس کیلئے تو الحاق غایۃ ابن مھران اور کتاب المستنیر لابن سوار دونوں سے ہے جبکہ دوسرے راوی روح کیلئے یہ الحاق صرف کتاب المستنیر سے ہے اوران میں کے کسی سے ادغام کبیر منقول نہیں، اورروح کیلئے بطریق زبیری کتاب الکامل سے ادغام ہے مگر کامل سے الحاق بالکل ثابت ہی نہیں، اورصاحب مصباح نے امام یعقوب کے دونوں راویوں کیلئے اصولاً ادغام کبیر اور جمع مذکر سالم میں الحاق وعدم الحاق دونوں وجہیں بیان فرمائی ہیں اس طرح ادغام کبیر کے ساتھ الحاق والی وجہ کتاب المصباح کے ظاہر سے صحیح ہوجاتی ہے مگر چونکہ ناقلین نے مصباح سے جمع مذکر سالم میں وقفاً الحاق کواظہار کے ساتھ خاص ومقید فرمایا ہے اسلئے مصباح سے بھی ادغام کے ساتھ الحاق والی وجہ مقروء نہ ہوگی اور شیخ متولیؒ کی عبارت ''وكذا من المصباح في احد الوجهين على ادغام الكبير والادغام ليعقوب من المصباح في وجه عدم الهاء'' کا حاصل بھی یہی ہے اور فریدۃ الدھر میں بھی دونوں راویوں کیلئے الحاق کواظہار کے ساتھ خاص کیا گیا ہے۔(تفصیل کیلئے دیکھئے ج۱ ص۴۸۲/۴۹۷)

اوراب اسی پر اعتماد کرتے ہوئے فی زماننا سارے مشائخ تحریرات نے کتب تحریر میں اس وجہ کو غیر مقروء قرار دیا ہے چنانچہ شیخ جابر مصری ''قواعد التحریر'' میں فرماتے ہیں

وهاء السكت في كالعٰلمين له اخصصا بقصر واظهار وكن متأملا

یہی وضاحت تحریرات الطیبۃ ص۱۴/ تدریب الطلبۃ علی تحریرات الطیبۃ ص۳۴ پر ہے۔

Scanned by CamScanner

کیا جمع مذکر سالم میں وقفا الحاق متروک العمل ہے؟

فی زماننا جمع مذکر سالم کے مواقع میں وقفا ہائے سکتہ کے الحاق کو بعض حضرات وجہ ضعیف وغیر معمول بہا قرار دے رہے ہیں جس کی وجہ شاید طیبۃ النشر کی تعبیر والبعض نقل بنحو عالمین یوفون وقل۔

نیز النشر کی عبارت والجمهور على عدم إثبات الهاء عن يعقوب في هذا الفصل وعليه العمل (ج ۲،ص ۱۳۶) تو کشف النظر میں بطور تعلیق یہ عبارت ہے العالمین جیسی مثالوں میں الحاق والا قول عمل کے لحاظ سے نادر وقلیل اور غیر مشہور وغیر معمول بہ ہے اور عمل جمہور ہی کی روایت پر ہے (کشف النظر ج ۳،ص ۳۵۶)

ایسی عبارات ہی سے بعض حضرات نے جمع مذکر سالم میں ہائے سکتہ کے الحاق کو ضعیف وغیر معمول بہا اور متروک العمل قرار دیا ہے، مگر ضرورت اس بات کی ہے کہ اس مسئلہ سے متعلق عبارات کا بنظر غائر مطالعہ کیا جائے مثلاً ''کشف النظر'' جو کہ دراصل ''النشر'' کا ترجمہ ہے لیکن جگہ جگہ عبارات کی تشریح وضرورت کے مواقع میں ضروری ومفید تعلیقات بھی ہیں البتہ انداز تعلیق کچھ ایسا ہے کہ بعض مرتبہ تعلیق کو بھی اصل عبارت کا ترجمہ خیال کرلیا جاتا ہے لہذا اس جگہ اگر مزید غور کر کے النشر کی عبارت اور تعلیق کو ملایا جائے تو واضح ہوگا کہ تعلیق میں اس الحاق کو جو نادر وغیر مشہور قرار دیا ہے یہ شاید مقصد جزری پر زیادتی ہے کیونکہ اس سے قبل جزریؒ نے اس کو'' لغة فاشية مطردة عند العرب ''فرما کر اس کے شائع وذائع ومشہور ہونے کو بیان فرمایا ہے، پھر یہ نادر وغیر مشہور کیسے ہوگیا، نیز طیبۃ النشر میں اس سے متعلق جو'' والبعض اور قل ''فرمایا ہے اس کو بھی سمجھنے کی ضرورت ہے کہ بعض قراء نے امام یعقوب سے نقل کیا ہے اور اس کو اپنانے اور اخذ کرنے والے لوگ قلیل ہیں لیکن یہ لفظ بعض اور قلیل ضعیف کے معنی میں نہیں بلکہ مفہوم یہ ہے کہ تقریباً پندرہ سولہ ناقلین قراءت یعقوب میں سے تین نے جمع مذکر سالم میں وقفا الحاق نقل کیا ہے جبکہ بقیہ بارہ تیرہ نے عدم الحاق کو نقل کیا ہے یوں الحاق کے ناقلین بنسبت ناقلین عدم الحاق کے قلیل ہیں، لیکن جنہوں نے نقل کیا ہے مثلاً ابن سوار، ابن مہران اور ابوالکرم شہرزوری یہ تینوں ناقلین معتمد اور قابل اعتبار ہیں لہذا یہ وجہ صحیح ہے چنانچہ الھادی شرح طیبہ میں ہے وقف الباقون بعدم هاء السكت وهو الوجه الثاني ليعقوب وهو الراجح عنه. والوجهان صحيحان وقد قرأت بهما (ج ۱،ص ۳۷۴)

اور ہم نے بھی حضرت الاستاذ سے جمع مذکر سالم میں دونوں وجہیں پڑھی ہیں، نیز مشائخ عرب ومصر کے

Scanned by CamScanner

یہاں بھی دونوں وجہیں فی زماننا رائج ہیں چنانچہ ''المهذب فی القراء ات العشر'' میں دکتور محمد سالم جمع مذکر سالم میں یعقوب کیلئے الحاق وعدم الحاق دونوں کو بیان فرماتے ہیں لہذا اس کو متروک العمل کہنا کیونکر صحیح ہوگا۔

پھر غور طلب امر یہ بھی ہے کہ اگر ناقلین کی کمی کی وجہ سے ہی جمع مذکر سالم میں الحاق نادر وعملا متروک ہے تو متکلم کی یاء مشددہ مفتوحہ میں الحاق نقل کرنے والوں کی تعداد بھی اتنی ہی ہے یعنی ترک الحاق کے ناقلین کی تعداد بارہ اور الحاق نقل کرنے والے دو یا تین ہی ہے، لہذا تعداد ناقلین کے اعتبار سے دونوں مساوی ہیں اب اگر ناقلین کی قلت ہی جمع مذکر سالم میں الحاق کے متروک العمل ونادر ہونے کا باعث ہے تو یہی وجہ یائے مشددہ میں بھی ہے اس کو متروک العمل ونادر کیوں نہیں کہا جاتا؟

خلاصہ یہ کہ جمع مذکر سالم میں ناقلین الحاق کو جمہور جیسی اکثریت حاصل نہیں ہے مگر جو حضرات نقل کررہے ہیں وہ قابل اعتبار ہیں۔

پھر غور طلب امر یہ بھی ہے کہ فی زماننا جو حضرات جمع مذکر سالم میں الحاق ہائے سکتہ کو ناقلین کی قلت یا عدم الحاق سے متعلق علامہ جزریؒ کے فرمان (وعلیه العمل) کے تحت متروک العمل قرار دے رہے ہیں وہ حضرات امام حمزہ کیلئے مد متصل ومنفصل میں طول مع السکتہ کرتے ہیں حالانکہ علامہ جزریؒ نے مد بالطول کے ساتھ سکتہ کی تردید فرمائی اور اس کو تحصیل حاصل قرار دے کر دونوں میں سے کسی ایک پر اکتفاء کو فرمایا ہے اور دونوں کے اجتماع کو منع فرمایا ہے اس کے باوجود یہی لوگ طول مع السکت کررہے ہیں جبکہ الحاق کے باب میں اس طرح کی کوئی تردید بھی جزریؒ سے نہیں ہے پھر الحاق کو متروک العمل کیوں قرار دیا جارہا ہے؟

پھر جمع مذکر سالم میں الحاق کو (والبعض سے بیان کرنے کی وجہ) منع فرمانے والے یہ حضرات امام حمزہ سے نفی میں مبالغہ کے مواقع میں توسط اختیار کررہے ہیں حالانکہ اسکو بھی تو علامہ جزریؒ طیبۃ النشر میں والبعض سے بیان فرمارہے ہیں چنانچہ فرماتے ہیں

..... والبعض مد ☆ لحمزة فی نفی لا کلا مردّ

پھر خلاد عن حمزہ سے تو یہ مد مبالغہ بیان کرنے والے صرف صاحب کتاب المستنیر ہیں باقی سارے ناقلین تو صرف قصر ہی نقل کرتے ہیں پھر بھی یہ حضرات خلف کی طرح خلاد سے بھی نفی میں مبالغہ کی غرض سے مد بالتوسط پر عمل رکھتے ہیں۔

اگر مذکورہ وجوہات کے ناقلین بعض واقل ہونے کے باوجود یہ متروک العمل نہیں ہیں تو پھر الحاق ہائے سکتہ ہی متروک العمل کیوں؟

Scanned by CamScanner

امالہ کا بیان

(۱) کلمات ذوات الیاء کے الفات متطرفہ خواہ مرسوم بالیاء ہوں یا نہ ہوں اسماء میں ہوں یا افعال میں مثلاً الهوى، الفتى، أتى، الزنا۔

(۲) الفات تانیث مثلاً الدنیا، الأنثى، إحدى، أسارى، كسالىٰ، يتمٰى[1]۔

(۳) الفات مبدلہ من الیاء کے مشابہ مثلاً موسى، عيسى، يحيىٰ۔

(۴) وہ الفات متطرفہ جو مرسوم بالیاء ہوں (خواہ واوی ہوں یا یائی) مثلاً متىٰ، بلىٰ، عسىٰ، يولتىٰ، يٰحسرتىٰ [2]۔

(۵) ان کلمات کے الفات جو مزید بن جانے کی وجہ سے ذوات الیاء ہو گئے ہوں مثلاً الاعلى الادنى ابتلى انجى وغیرہ۔

(۶) ان واوی کلمات کے الفات جو مکسور الاول یا مضموم الاول ہوں مثلاً الربوا القوى العلى۔

(۷) سورا حدی عشر کے فواصل کے وہ الفات جو ھاء کے ساتھ ہوں خواہ اصلاً واوی ہوں یا یائی تو مذکورہ تمام الفات میں ازرق عن ورش سے بالخلف تقلیل ہے۔

البتہ گیارہ سورتوں کے فواصل کے وہ الفات جو بلا ھاء کے ہوں تو ان میں ازرق عن ورش سے صرف تقلیل ہے مثلاً والضحىٰ، وتولّى وغیرہ۔

اور مذکورہ تمام الفات میں امام حمزہ، کسائی اور خلف عاشر رحمھم اللہ امالۂ کبری کرتے ہیں۔

---

[1] الف تانیث وہ الف ہے جو مؤنث حقیقی یا مجازی پر دلالت کی غرض سے کلمہ میں چوتھی یا اس سے زائد جگہ پر واقع ہو اور فَعلٰى فِعلٰى فُعلٰى یا فعالٰى فُعالٰى کے وزن پر ہو۔

[2] لیکن حتّٰى على إلى لدى ماز کی اس سے مستثنیٰ ہیں۔

Scanned by CamScanner

کلمات ذوات الراء کے امالہ کا بیان

قاعدہ : الفات ذوات الراء خواہ افعال میں ہوں یا اسماء میں، سوراحدی عشر میں ہوں یا ان کے ماسوا میں ہاء کے ساتھ ہوں یا بلاہاء کے مثلاً اشتری، یتوارٰی، تتمارٰی، بشرٰی، ذکرٰی، النصارٰی، افترٰی، ذکرٰھا وغیرہ تو ورشؒ سے بطریق ازرق بلا خلف تقلیل ہے ابوعمرو، حمزہ، کسائی اور خلف عاشر کیلئے بلا خلف اور ابن ذکوان کیلئے بالخلف امالہ ہے جس کی تفصیل یہ ہے کہ بطریق صوری عن ابن ذکوان امالہ ہے اور بطریق اخفش عن ابن ذکوان فتح ہے[1]

امالہ بوجہ کسرہ کا بیان

وہ الفات جن کے بعد راء متطرفہ حقیقۃً مجرور ہوں مثلاً الدار، الکفار، أبصارھم، آثارھم تو ورش بطریق ازرق بلا خلف تقلیل کرتے ہیں جبکہ ابوعمرو بصری اور دوری علی کیلئے بلا خلف امالۂ کبری ہے اور ابن ذکوان کیلئے بالخلف امالۂ کبری ہے۔

الف بین الرائین کے امالہ کا بیان

الف جب بین الرائین ہو اور الف کے بعد والی راء متطرفہ مکسورہ ہو مثلا الأبرار ، الأشرار، القرار وغیرہ تو ابوعمرو بصری، کسائی وخلف عاشر کیلئے بلا خلف اور ابن ذکوان وحمزہ کیلئے بالخلف امالہ ہے۔

ابن ذکوان کی وجہ ثانی فتح ہے اور حمزہ کی وجہ ثانی تقلیل ہے جبکہ خلاد کیلئے فتح، تقلیل وامالہ اس طرح وجوہ ثلاثہ ہیں اور ازرق کیلئے بلا خلف تقلیل ہے۔

---

[1] البتہ صاحب فریدۃ الدھر نے طریق صوری عن ابن ذکوان سے فتح وامالہ دونوں وجہ بیان کی ہیں جبکہ طریق اخفش عن ابن ذکوان سے صرف فتح بیان کیا ہے (ج ۱/ص ۲۸۴ سے ص ۳۱۷)

Scanned by CamScanner

افعال عشرہ کے امالہ کا بیان

ثلاثی مجرد کے افعال عشرہ ماضیہ کے[۲] الفات متوسطہ میں امام حمزہ کیلئے امالہ ہے، ابن ذکوان کیلئے جآء شاء اور پہلے زاد یعنی سورۂ بقرہ کے فزادھم اللہ میں بلا خلف امالہ ہے جبکہ اس کے علاوہ تمام زاد اور خاب میں بالخلف امالہ ہے، ہشام کیلئے جاء، شاء، زاد، خاب میں بالخلف امالہ ہے، باقون کیلئے صرف فتح ہے۔

کلمات خمسہ کے امالہ کا بیان

کلمات خمسہ یتٰمٰی کُسالٰی اسرٰی نصارٰی سکاری کے الف اول یعنی عین کلمہ کے الف میں بھی امام کسائی سے بطریق ابوعثمان الضریر امالہ بالخلف مروی ہے اور وجہ ثانی فتح ہوگی، یہ امالہ الف ثانی کے امالہ کی وجہ سے ہے جس کو امالہ بوجہ امالہ کہتے ہیں۔

نوٹ: لہذا جب لام کلمہ کا امالہ نہ ہو تو عین کلمہ میں بھی امالہ نہ ہوگا مثلاً یتٰمٰی النساء، النصارٰی المسیح میں جب وصلاً الف ثانی اجتماع ساکنین کی وجہ سے حذف ہو جائے گا تو اب الف اول میں بھی امالہ نہ ہوگا۔

---

[۲] افعال عشرہ ماضیہ جاء، شاء، زاد، خاف، خاب، ضاق، راق، طاب، زاغ، ران۔

Scanned by CamScanner

ہائے تانیث کے امالہ کا بیان

اسماء مؤنثہ کے اخیر کی وہ تاء جو تانیث کی ہو یا مشابہ تانیث کے لیکن مرسوم بصورت ''ہ'' ہو نیز وقف میں ہاء ساکنہ سے بدل جاتی ہو مثلاً نعمة، رحمة، كاشفة، لمزة، خليفة وغیرہ[1] تو امام کسائی سے ایسی تاء میں وقفاً امالہ سے متعلق دو قول ہیں (۱) تفصیلی (۲) اجمالی۔

قول تفصیلی :- ہائے تانیث سے پہلے آنے والے حرفوں کی باعتبار امالہ دو قسمیں ہیں۔

متفق علیہ (۱) اگر ہائے تانیث سے پہلے ''فجثت زينب لذود شمس'' کے پندرہ حرفوں میں سے کوئی حرف آئے ہو تو وہاں بحالت وقف بالاتفاق صرف امالہ ہوگا جیسے خليفة ،زجاجة، خبيثة وغیرہ۔

(۲) ہائے تانیث سے قبل اکھر کے چار حرفوں میں سے کوئی حرف آئے اور ان سے قبل کسرہ یا یائے ساکنہ ہو خواہ کسرہ اور ان حرفوں کے مابین کوئی حرف ساکن حاجز کیوں نہ ہو تو اس ھاء کے امالہ پر سب کا اتفاق ہے جیسے فئة ، كهيئة، خطيئة، وِجهة، الملٰئكة۔

(۲) مختلف فیہ (۱) ہاء تانیث سے قبل خص، ضغط، قظ، حع کے نو حرفوں میں سے کوئی حرف آئے تو جمہور اہل ادا سے صرف فتح ہے جبکہ غیر جمہور سے امالہ ہے جیسے النطيحة، سعة، لاطاقة، موعظة گویا ان میں فتح و امالہ دو وجہیں ہیں مگر امالہ کے بنسبت فتح قوی ہے۔

(۲) اسی طرح اگر ہائے تانیث سے پہلے اکھر کے چار حرفوں میں سے کوئی حرف آئے اور ان سے پہلے فتحہ یا ضمہ ہو تو جمہور اہل ادا کے یہاں صرف فتح ہی ہے البتہ غیر جمہور سے ان میں بھی امالہ ہے اس طرح یہاں بھی امالہ کی بنسبت فتح قوی ہے جیسے التهلكة ، سفاهة[2]، جهرة۔

---

[1] كاشفة، لمزة، وخليفة کی تاء تانیث کی نہیں ہے پھر بھی امالہ ہوگا اسی طرح ان تاءات میں بھی کسائی کیلئے امالہ ہوگا جو مجرور یعنی لمبی لکھی گئی ہے مگر کسائی اس پر وقف بالھاء کرتے ہیں مثلاً نعمت الله، معصيت، بقيت وغیرہ۔

[2] ایک جماعت کی رائے یہ ہے کہ جس طرح ''حاع'' میں امالہ نہیں ہے اس طرح ''ھمزہ، ہاء'' کے آنے پر بھی امالہ نہیں ہوگا اسلئے کہ یہ بھی حروف حلقی ہیں، اور یہ مذہب ابوالحسن بن فارس اور ابوطاہر بن سوار اور ابوالعز القلانسی اور ابوالفتح ابن شیطا اور ابوالقاسم الفحام اور ابوالعلاء الھمدانی وغیرہ کا ہے اور ان میں سے ہمدانی ھاء کا امالہ کرتے ہیں جبکہ وہ کسرۂ متصلہ کے بعد واقع ہو جیسے فاكهة، اور اگر کسرۂ منفصلہ کے بعد واقع ہو تو فتح پڑھتے ہیں جیسے وِجُهَةٌ (النشر ص/۴۲۷)۔

Scanned by CamScanner

متفق علیہ فتح :- (یعنی ترک امالہ) جبکہ ہائے تانیث سے قبل الف واقع ہوتو بالاتفاق صرف فتح ہے(امالہ نہ ہوگا) جیسے الصلوۃ، الزکوۃ وغیرہ۔[1]

اجمالی قول

یہ ہے کہ ہائے تانیث سے قبل آنے والے ۲۹ حرفوں میں سے الف کے ماسوا ۲۸ حرفوں میں سے کوئی حرف مفتوح واقع ہوتو کسائی کیلئے وقفاً امالہ ہے، اورالف کے آنے پر امالہ نہ ہوگا مثلاً الصلوۃ۔

قاعدہ :- ہائے تانیث میں وقفا امالہ سے متعلق امام حمزہ کیلئے دوقول ہیں (۱) فتح (۲) امالہ۔ جمہور اہل ادا سے تو فتح ہی ہے، البتہ بعض اہل ادا نے امام حمزہ کیلئے بھی ہائے تانیث میں اسی تفصیل کے ساتھ (جو کسائی کیلئے بیان ہوئی) امالہ بیان کیا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ امام حمزہ کیلئے ہائے تانیث میں جب بھی امالہ ہوگا تو بالخلف ہوگا یعنی فتح وامالہ دونوں وجہیں ہوں گی۔

---

[1] مگر التورۃ، تقـہ اور مرضاۃ اس سے مستثنی ہے(اتحاف ج۱،ص۲۹۲)
نیز النشر میں مزجۃ اور مشکوۃ کا بھی اضافہ ہے (ص۴۲۵)

Scanned by CamScanner

نون ساکن اور تنوین کا بیان

قاعدہ :نون ساکن اور تنوین کے بعد حروف حلقی میں سے کوئی حرف آئے تو امام ابوجعفر کے علاوہ تمام ائمہ قراءت سے نون ساکن اور تنوین کا اظہار مروی ہے جیسے اَنْعَمْتَ، عَلِیْماً، حَکِیْماً،

البتہ ابوجعفر مدنیؒ کیلئے نون ساکن اور تنوین کے بعد غ، خ میں سے کسی حرف کے آنے پر بجائے اظہار کے اخفاء ہوگا جیسے مِنْ غِلٍّ ، عَفُوًّاغَفُوْراً ، مِنْ خَیْرٍ، مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَیْراً لیکن ابوجعفر کے ان ناقلین اخفاء میں کے بعض نے تین کلمات اِنْ یَّکُنْ غَنِیاً، (نساء) والمنخنقة(مائدة) اور فسینغضون (اسراء) کواس سے مستثنی قرار دیا ہے

جبکہ دیگر بعض نے مذکورۃ الصدر کلمات ثلاثہ کا استثناء نہیں کیا ہے[1] نتیجہ یہ ہے کہ ان تین کلمات میں دونوں وجہیں (اظہار واخفاء) پڑھی جائیں گی[2]۔

قاعدہ : نون ساکن اور تنوین کے بعد لام، را میں سے کوئی حرف آئے تو ورش بطریق ازرق اور صحبۃ یعنی شعبہ، حمزہ، کسائی اور خلف عاشر کیلئے نون ساکن اور تنوین کا صرف ادغام تام ہے مثلا من لدنه، هدى للمتقين، من ربهم ، غفور رحيم جبکہ غیر ازرق وغیر صحبۃ یعنی قالون، ورش بطریق اصبہانی، مکی، ابوعمرو بصری، شامی،

---

[1] امام ابوجعفر سے بروایت ابن وردان مذکورہ تینوں کلمات کو بطور استثنا بیان کرنے والے صاحب کتاب الارشاد ابوالعز، صاحب کتاب الغایۃ ابوالعلاء، صاحب کتاب المصباح، صاحب کتاب الروضۃ المعدل، صاحب کتاب الجامع، ابن فارس، صاحب کتاب التذکار ابن شیطا، اور صاحب تلخیص ابومعشر ہیں لہذا یہ حضرات ان تینوں کلمات میں بجائے اخفاء کے اظہار نقل کرتے ہیں جبکہ ان کلمات کا استثناء نہ کرنے والے صاحب کتاب المستنیر، صاحب الکامل، صاحب غایۃ ابن مہران ہیں لہذا یہ حضرات ان کلمات ثلثہ میں اخفاء ہی نقل کرتے ہیں۔

رہے ابوجعفر کے دوسرے راوی ابن جماز تو ان سے صاحب کامل نے تینوں کو مستثنی بیان فرمایا ہے جبکہ صاحب مصباح اور صاحب کتاب المستنیر نے إن یکن غنیا، اور فسینغضون کو مستثنی قرار دیا ہے البتہ والمنخنقة کا استثناء نہ فرما کر اس میں اخفاء بیان کیا ہے۔

[2] علامہ جزریؒ فرماتے ہیں ہم نے ابوجعفر کیلئے دونوں ہی روایتوں سے ان تینوں کلمات میں اظہار واخفاء دونوں وجوہ پڑھی ہیں اور اصول اخفاء سے ان تینوں کا استثناء (اخفاء نہ کر کے اظہار کرنا) یہ مشہور تر ہے جبکہ عدم استثناء (اخفاء کرنا) قیاس کے زیادہ قریب ہے (النشر ج ۲/۲-۲۲، شرح نوریہ ج ۱/ص ۵۵۶)

Scanned by CamScanner

حفص، ابوجعفر و یعقوب کیلئے بروایت جمہور ادغام تام ہے اور غیر جمہور کی روایت سے ادغام ناقص بھی ہے[1]۔

[1] نون ساکن اور تنوین کے بعد لام را میں سے کوئی حرف آئے تو نون ساکن اور تنوین کے ادغام تام یعنی بلا غنہ پر تو سارے ہی ائمۂ قراءت کا اتفاق ہے، البتہ قالون اصبھانی، مکی، ابوعمرو بصری، شامی، حفص، ابوجعفر اور یعقوب سے ادغام تام کے ساتھ ناقص بھی مروی ہے، البتہ یہاں ایک سوال یہ ہے کہ ازرق عن ورش سے ادغام ناقص ہے یا نہیں؟

جواب : طیبۃ النشر میں ہے وھی لغیر صحبۃ ایضا تری، حضرات شراح فرماتے ہیں کہ غیر صحبۃ یعنی سماشامی حفص کیلئے ادغام مع الغنہ بھی ہے، گویا طیبہ میں مجمل انداز میں ادغام ناقص کی روایت اور اس کے رجال کو بیان فرمایا اور النشر میں ادغام ناقص سے متعلق جزریؒ فرماتے ہیں کہ بہت سے اہل ادا نے اکثر ائمۂ قراءت مثلاً نافع، ابن کثیر مکی، ابوعمرو بصری، ابن عامر، عاصم،، ابوجعفر اور یعقوب سے ادغام ناقص روایت کیا ہے (ج ۱/ص ۲۳/)

اور اسی سے متعلق اخیر میں فرماتے ہیں (قلت) وقد وردت الغنة مع اللام والراء عن كل من القراء وصحت من طريق كتبنا نصا واداء اً عن اهل الحجاز والشام والبصرة وحفص (ج ۱/ص ۲۴/)

اسی طرح صاحب اتحاف فضلاء البشر فرماتے ہیں وروا ذلک عن اكثر القراء ، نافع وابن كثير وابى عمرو وابن عامر وعاصم وكذا ابو جعفر ويعقوب وغيرهم۔ (ج ۱/ص ۱۴۴/)

بلکہ آگے فرماتے ہیں وصحت من طرق النشر التى هى طرق هذا الكتاب نصا واداءً عن اهل الحجاز والشام والبصرة وحفص (ج ۱/ص ۱۴۴/)

علامہ نوریؒ بھی اسی مصرعہ کی شرح میں تقریباً ان دو عبارات بالا پر اکتفا کر کے مزید تفصیل کیلئے نشر کا حوالہ دے رہے ہیں (ج ۱/ص ۵۵۷/)

لیکن طیبہ کی ایک شرح ''الھادی'' نے اس مقام پر ایک تنبیہ یہ تحریر فرمائی ہے کہ ''لم يذكر ابن الجزرىؒ الازرق مع مدلول صحبة فى نظمه الطيبة الا انه نبه على ذلک فى النشر وهذا هو الذى تلقيته وقرأت به'' (ج ۱/ص ۲۸۶/)

جنانچہ علامہ جزریؒ نے النشر میں علامہ ابوالقاسم ھذلی کی ''الکامل'' سے یہ نقل کیا ہے کہ یہ ادغام مع الغنہ جہاں اور ائمہ سے بیان فرمایا وہیں یہ وضاحت ہے کہ یہ غنہ روایت ورش میں طریق ازرق کے ماسوا سے ہے ازرق سے نہیں (ج ۱/ص ۴۲/)

فریدۃ الدھر میں طریق ازرق کو بہت سی کتب مثلاً شاطبیہ، التیسیر، کتاب الارشاد، کتاب التبصرة لمكى، كتاب المجتبى، العنوان، كتاب التذكرة، تلخيص لابن بليمه، كتاب الكامل، كتاب الهداية وغیرہ کتب سے صفحہ ۷۸ سے لیکر صفحہ ۹۴ تک بیان کیا ہے مگر ان میں کی کسی بھی کتاب نے ازرق کیلئے ادغام مع الغنہ کو بیان نہیں کیا پھر آپ ہی نے جلد ثانی میں یہ نوٹ لکھا ولاحظ أن الغنة فى اللام والراء لغير الازرق عن ورش (فریدۃ الدھر ج ۲-ص ۱۸/)

Scanned by CamScanner

فائدہ : البتہ صاحب مصباح نے رویس کیلئے صرف لام میں غنہ بیان کیا ہے راء میں نہیں، چنانچہ

(حاشیہ جاری صفحہ گذشتہ کا)

بلکہ علامہ محمد المتولیؒ نے تو اس پر مستقل ایک رسالہ " البرهان الاصدق والصراط المحقق فی منع الغنة للازرق " کے نام سے مرتب فرمایا۔

نیز شیخ متولی اپنی ایک تصنیف الروض النضیر میں فرماتے ہیں واماالأزرق عن ورش فلاغنة له اصلا والی ذلک الاشارة بقولنا ولا غنة عن ازرق قط ای خلافا للمنصوری ومن تابعه ممن قصرت همته عن تحریر الطرق.

ومبلغ القول ان طریق الازرق من التیسیر والشاطبیة وتلخیص ابن بلیمه وارشاد ابی الطیب والتجرید، والهدایة والکامل والعنوان وتذکرة ابن غلبون والتبصره والکافی وطریق ابی معشر فی غیر تلخیص وقراء ة الدانی علی ابن غلبون وابی الفتح وابن خاقان کما تقدم، ولم یذکر فی النشر الغنة رأسا من هذه الطرق الا الکامل فذکرها منه لورش وغیره سوی الازرق عنه، آگے فرماتے ہیں وقد بینا ذلک اتم بیان فی رسالتی البرهان الاصدق (البرهان الاصدق والصراط المحقق فی منع الغنة للازرق) والشهاب الثاقب (۱۹۷)

چنانچہ علامہ جزریؒ نے بھی گو اجمالی گفتگو میں تو پورے نافع سے فرمایا ہو لیکن جب اس پر مفصل کلام فرمایا ہے تو وہاں بصراحت ورش سے بطریق ازرق غنہ بیان نہیں فرمایا، بلکہ ابوالقاسم هذلیؒ سے نقل فرماتے ہیں کہ آپ نے غنہ سے متعلق الکامل میں ورش بطریق ازرق کا صاف استثنا فرمایا ہے جبکہ ورش بطریق اصبہانی سے بصراحت ادغام مع الغنہ نقل کیا ہے۔

دکتور ابراہیم بن سعید اپنی تالیف ''الامام المتولی وجهوده فی علم القراء ات'' میں شیخ متولیؒ کے مناقب میں لکھتے ہیں کہ جب شیخ پر کسی بھی مسئلہ میں حق واضح ہو جاتا تو رجوع فرمالیتے اور من جملہ ان مواقع کے ایک ازرق سے ادغام مع الغنہ بھی ہے جس سے متعلق فرماتے ہیں ''فالحاصل ان الغنة من طریق الازرق ممتنعة لا نعلم لها اثرا ولا ندری لها خبرا الا ما وقع فیه المنصوری ومن تابعه من الضعفاء ممن قصرت همته عن معرفة الطرق وان کنا قرأ نا بها متبعا لهم فقد رجعنا عنها تأسیا بالنصوص النشریة وما وافقها من التفحیصات الازمیریة (الامام المتولی ص/ ۹۱)

Scanned by CamScanner

آپ فرماتے ہیں الغنة فی اللام دون الراء (فریدہ الدھر ج ۱/-۴۸۳)

فائدہ : لام، را میں نون ساکن وتنوین کے ادغام ناقص سے متعلق بیان کے ختم پر علامہ جزریؒ نے ایک تنبیہ یہ فرمائی کہ جو حضرات لام میں ادغام مع الغنہ کرتے ہیں انہوں نے اپنے اس مذہب کو مطلق وعام رکھا ہے یعنی نون ساکن رسما ثابت ہو مثلاً فان لم تفعلوا یا حذف جیسے فالم یستجیبوا دونوں میں ادغام مع الغنہ ہوگا، لیکن مناسب یہ ہے کہ اس ادغام ناقص کو نون منفصل یعنی نونِ مرسوم کے ساتھ مشروط ومقید کر دیا جائے، لہذا جب نون رسماً متصل یعنی حذف وغیر مرسوم ہو اس وقت غنہ نہ ہوگا تا کہ مخالفت رسم لازم نہ آئے [1]

(حاشیہ جاری) تحریرات طیبۃ النشر میں ہے "وأما الازرق عن ورش فلا غنة له اصلاً (ص/۱۵)

صاحب فریدۃ الدھر نے بھی شیخ متولی اور شیخ ازمیری کی تحقیق پر اعتماد کرتے ہوئے تحقیقات خاصہ بطریق الازرق میں اس سے متعلق یہ نوٹ لکھا "لا غنة للازرق فی اللام والراء" (ج/۱، ص/۹۷)

شیخ متولی حاصل بحث کے طور پر فرماتے ہیں فالحاصل ان الغنة وردت عن ورش من جمیع طرقه الا من طریق الازرق وعلیه فمن قرأ لورش من طریق الازرق مع تبقیة الغنة فی اللام والراء فقد خلط فی الطرق وذلک ممنوع روایة (الامام المتولی ص/۱۹۷)

ہمارے ہندوپاک میں بھی غیر صحبہ کیلئے ادغام مع الغنہ پڑھتے ہوئے ازرق کیلئے بھی ادغام مع الغنہ پڑھا پڑھایا جارہا ہے لیکن اشاعۃ الکتب کے اس دور میں جب کبار فن وحضرات محققین کی عرق ریزی وعلمی تحقیقات شائع ہورہی ہیں تو موقع ہے کہ انکشاف حق کے بعد ہم اپنے موقف پر نظر ثانی کریں۔

نوٹ : بعض مؤلفین نے اس جگہ یہ نوٹ لکھا ہے کہ ادغام ناقص گرچہ صحیح وثابت ہے مگر مأخوذ ومعمول نہیں، یہ محل غور ہے کہ جب یہ وجہ روایۃً صحیح اور ثابت ہے پھر اسپر عمل میں کیا حرج ہے؟ کیونکہ گو جمہور سے ادغام تام ہی ہے مگر دیگر حضرات سے ادغام ناقص بھی ہے اور خود علامہ جزریؒ ودیگر مشائخ نے اسے پڑھا بھی ہے، بلکہ مشائخ نے اسکو موضوع بنا کر تحقیقات بھی پیش فرمائی ہیں، یہ خود اس کے مأخوذ ومعمول بہا ہونے کی دلیل ہے۔

[1] اطلق من ذهب الی الغنة فی اللام وعمم کل موضع وینبغی تقییده بما اذا کان منفصلا رسما نحو ان لم تفعلوا وما کان مثله مما ثبتت النون فیه، أما اذا کان متصلا رسما نحو فإلم یستجیبوا لکم ونحوه مما حذفت منه فانه لا غنة فیه لمخالفة الرسم فی ذلک وهذا اختیار الحافظ ابی عمرو الدانی (النشر ج/۲، ص/۲۸)

Scanned by CamScanner

قاعدہ :-نون ساکن اور تنوین کے بعد ینمو کے چار حرفوں میں سے کوئی حرف آئے تو جمیع قراء کیلئے ادغام ناقص ہوگا البتہ خلف عن حمزہ کیلئے واو اور یا کے آنے پر نون ساکن وتنوین میں بلا خلف ادغام تام ہے۔

اور دوری علی کیلئے نون ساکن وتنوین کے بعد یا آنے پر ادغام تام وناقص دونوں ہیں جس کی تفصیل یہ ہے کہ بطریق ابوعثمان الضریر ادغام تام ہے جبکہ بطریق جعفر بن محمد ادغام ناقص ہے۔

(حاشیہ جاری گزشتہ صفحہ کا) یعنی غیر مرسوم ومتصل نون جیسے الن نجمع وغیرہ میں بھی اگر ادغام کے ساتھ غنہ کریں گے تو ایسے حرف کی صفت (غنہ) باقی رکھنا لازم آئے گا جو رسما ثابت نہیں، یوں تلفظ رسم کے خلاف ہوگا، آگے چلکر علامہ جزریؒ فرماتے ہیں کہ گو میں نے پورے باب میں یعنی نون مرسوم یا غیر مرسوم دونوں میں اظہار غنہ سے پڑھا ہے لیکن مرسوم میں غنہ کا جواز اور غیر مرسوم میں غنہ کا عدم جواز یہی راجح ہے۔

رہی یہ بات کہ جب مشائخ نے ادغام مع الغنہ کی وجہ کو مطلق رکھا ہے اور علامہؒ نے اسی اطلاق کے ساتھ پڑھا بھی ہے تو اب علامہ جزریؒ کا ادغام ناقص کو نون مرسوم کے ساتھ مقید کر دینا کیسا ہے؟ تو اس کے جواب میں فرماتے ہیں ''ویمکن ان یجاب عن اطلاقهم بانهم انما اطلقوا ادغام النون بغنة ولا نون فی المتصل منه والله اعلم (ج/۲،ص/۲۹) نون کے باب کا اطلاق نہیں بلکہ ادغام بالغنہ کا اطلاق مراد ہے یعنی یہ نون ساکن جہاں کہیں مرسوم ہو تو ادغام بالغنہ جائز ہے یعنی ممکن ہے ان حضرات نے یہ عموم واطلاق نفس نون کیلئے اختیار کیا ہو کہ یہ نون کسی بھی جگہ اور جہاں کہیں مرسوم یعنی رسما موجود ہو اور اس کے بعد لام، را آئے تو ادغام مع الغنہ ہوگا اور اگر نون متصل ہے یعنی غیر مرسوم ہے تو غنہ نہ ہوگا اسلئے کہ غنہ تو نون کی وجہ سے ہو رہا تھا اور یہاں جب نون ہی نہیں تو غنہ کیسے ہوگا؟

لیکن شیخ محمد متولیؒ اپنی کتاب '' الروض النضیر ''میں اس پر بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جزریؒ کا یہ نظریہ محل نظر ہے کیونکہ آپ نے خود ''النشر'' میں ارکان قراءت میں اتباع رسم کی رکنیت سے متعلق ایک اصول یہ بیان فرمایا ہے کہ قراءت رسم کے موافق ہونی چاہئے اور موافقتِ رسم کی دو قسمیں ہیں (۱) موافقت حقیقۃً ہو (۲) موافقت تقدیراً ہو، دونوں میں سے جس طرح بھی موافقت ہو وہ معتبر ہے اور اتباع رسم کی رکنیت کیلئے دونوں میں سے کسی بھی ایک طرح کی موافقت کافی ہوگی، مثلاً ملک یوم الدین تمام مصاحف میں بحذف الالف مرسوم ہے اس میں حذف الف والی قراءۃ کا تو رسم حقیقۃً محتمل ہے یعنی یہ قراءۃ حقیقۃً رسم کے موافق ہے جبکہ اثبات الف والی قراءۃ کیلئے یہ رسم تقدیراً محتمل ہے اور اس کا الف اختصاراً بغرض تخفیف حذف کیا گیا ہے۔

Scanned by CamScanner

(حاشیہ جاری صفحہ گذشتہ کا)

اس پر علامہ متولیؒ فرماتے ہیں کہ جب اصول یہی ہے تو نون موصول بھی تو تقدیراً مرسوم ہی ہے لہذا اس کو بھی موجود ہی سمجھا جائے گا اور جب موجود ہوا تو اب غنہ کرنا رسم کے خلاف نہیں ہوا اور وجود تقدیری کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ اَلَّنْ نَّجْمَعَ کا لام مشدد ہے اور اس کی تشدید کا سبب ادغام ہے جو نون کا لام میں ہوا ہے جس کے نتیجہ میں لام مشدد ہے لہذا ماننا پڑیگا کہ لام کی تشدید بوجہ ادغام ہے اور یہی ادغام موجب تشدید ہے اور جب ادغام کو تسلیم کیا گیا تو یہ بھی تسلیم کرنا پڑیگا کہ کوئی مدغم ہے اور وہ نون ہے، گویا لام کا مشدد ہونا نون کے تقدیراً ثابت ہونے کی دلیل ہے اور جب نون موجود ہے تو اب ادغام مع الغنہ رسم کے خلاف کیوں کر ہوگا؟

نیز آپ فرماتے ہیں کہ الا تطغوا فی المیزان جیسے مواقع میں حالت رفعی کے نون کا حذف ہونا ان مصدریہ کے عمل کا نتیجہ ہے اور وجود عمل وجود عامل یعنی ''أن'' کے موجود ہونے پر دلالت کرتا ہے اسی طرح لئلا یکون للناس میں یکون کا نصب بھی بوجہ عمل ''أن'' ہے اور وجود عمل وجود عامل پر دال ہوتا ہے، گویا ''أن'' موجود ہے تو اب ادغام ناقص کو کیسے منع کیا جائے گا؟ پھر غور طلب امر یہ بھی ہے کہ جب ''ملک'' میں وجود الف پر کوئی دلالت نہ ہونے کے باوجود اسے تقدیراً موجود ماننا صحیح ہے تو جہاں وجود نون پر دلالت موجود ہو وہاں تو وجود نون کو بدرجۂ اولی تسلیم کرنا چاہئے اور وجود تسلیم تو اب ادغام ناقص کے صحیح ہونے میں کیا حرج ہے!

پھر یہ امر بھی غور طلب ہے کہ کئی مواقع میں رسم کی صریح مخالفت کا اعتبار نہیں ہوتا اور قراءت کو باوجود صریح مخالفت کے صحیح قرار دیا جاتا ہے مثلاً فلا تسئلن میں اثبات یا کی قراءت فلا تسئلنی کو بھی جب رسم کی مخالفت کے باوجود صحیح قرار دیا جاتا ہے تو ادغام مع الغنہ کیلئے یہ مخالفت کیسے مانع ہوگی۔ (الروض النضیر ۱۹۷)

پھر متقدمین کی عبارات کے اطلاق کو کسی قوی مضبوط نص سے مقید کیا جاتا تو صحیح ہوتا لیکن ایسی کوئی نص بھی بیان نہیں فرمائی ہے لہذا گذشتہ صدی کے محقق شیخ محمد المتولیؒ کی رائے میں ادغام مع الغنہ نون مرسوم وغیر مرسوم دونوں میں صحیح ہے جیسا کہ علامہ جزریؒ نے اپنے مشائخ سے پڑھا بھی ہے۔

Scanned by CamScanner

کیا ''لن نؤمن لک'' جیسے مواقع ادغام کبیر میں بوقت ادغام کبیر ادغام مع الغنہ صحیح ہے؟

علامہ جزری علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں ''إذا قرء بإظهار الغنة من النون الساكنة والتنوين فى اللام والراء للسوسى وغيره عن ابى عمرو فينبغى قياسا إظهارها من النون المتحركة فيهما نحو لن نؤمن لک، زين للذين، تبين له إذ النون من ذلک تُسكن أيضاللإدغام (ج/۲، ص/۲۹)

یعنی جب نون ساکن اور تنوین کے بعد لام، را کے آنے پر ادغام ناقص پڑھ رہے ہوں مثلاً من لدنه تو لن نؤمن لک جیسے مواقع میں بھی ادغام کبیر کرتے ہوئے ناقص کرنا چاہئے کہ یہ قیاسی مقتضی کے مطابق ہے کیونکہ لن نؤمن کا نون بھی اب بوجہ ادغام ساکن پڑھا جارہا ہے لہذا من لدنه اور لن نؤمن لک کے مابین اب کوئی فرق نہیں رہا اسلئے جو حکم نون ساکن اصلی کا ہے وہی حکم ادغام والے نون کا بھی ہونا چاہئے، اسی رائے کو علامہ نویریؒ نے بھی شرح طیبہ میں اختیار فرمایا ہے۔ (دیکھئے ج/۱،ص/۵۶۱)

لیکن شیخ محمد متولیؒ اپنی تصنیف ''الروض النضير'' میں اس پر محاکمہ فرماتے ہوئے فرماتے ہیں کہ یہ ایک ایسا قیاس ہے جو مختلف وجوہات سے قابل قبول ولائق اعتناء نہیں ہے۔

اول :- یہ کہ لن نؤمن لک اور تأذن ربک کا نون اصلا متحرک ہے جس کو بوجہ ادغام ساکن بنایا گیا ہے لہذا اس کا سکون عارضی ہے اور عارضی کے بارے میں عدم اعتبار ہی اصل ہے گویا ادغام کرتے ہوئے بھی اس کو متحرک فرض کرنا چاہئے اور جب اسے متحرک خیال کرلیا تو اب تام وناقص کی گفتگو ہی ختم ہوجائے گی، ہاں اس اصل کے بعد بھی عارض کے اعتبار کیلئے کوئی روایت موجود ہوتی تو یہ کہا جاتا کہ اصل تو یہی ہے کہ عارض کا اعتبار نہ کیا جائے مگر چونکہ اس کی پشت پر روایت موجود ہے تو اب (عارضی ہونے کے باوجود) اس کا اعتبار اصل ہوجائے گا لیکن ایسی کوئی روایت یہاں ہے نہیں، لہذا عارض کا اعتبار نہ ہوگا۔

دوم :- یہ کہ لن نؤمن لک کو من لدنه پر قیاس کرکے اس میں بھی ناقص کو جائز قرار دینا یوں بھی صحیح نہیں ہے کہ اس میں تو مالا یروی کو ما یروی پر قیاس کیا جارہا ہے جبکہ قراءت تو سنت متبعہ ہے جس میں يأخذ الآخر عن الاول اور لن نؤمن لک میں ادغام ناقص مشائخ عظام سے منقول وماخوذ ہے نہیں

بلکہ اس کا تو مدار ہی قیاس پر ہے۔

ہاں قراءت میں قیاس کو اجازت اس وقت ہوتی ہے جبکہ کسی مسئلہ سے متعلق کوئی روایت موجود نہ ہو اور مسئلہ میں غموض و پیچیدگی ہو اور یہاں کوئی پیچیدگی ہے نہیں کیونکہ خود علامہ جزریؒ النشر جلد اول میں تنبیہات کے تحت لن نؤمن لک میں محض ادغام تام وکامل اور عدم ناقص پر تو ناقلین کا اجماع بیان فرمارہے ہیں، چنانچہ آپ فرماتے ہیں'' وکذلک أجمعوا علی ادغام النون فی اللام والراء ادغاما خالصا کاملا من غیر غنة من روی الغنة عنه فی النون الساکنة والتنوین عند اللام والراء ومن لم یروها (ص/۲۹۹) اور جب تام وکامل پر اجماع موجود ہے تو غموض و پیچیدگی کیسی؟ اور جب غموض نہیں تو اجماع کے خلاف قیاس کا کیا جواز؟

سوم : یہ کہ جب علامہ جزریؒ کے دو کلام میں تضاد و تعارض ہو گیا یعنی جلد اول میں ''لن نؤمن لک'' جیسے مواقع میں ناقص کے عدم جواز پر اجماع اور جلد ثانی میں قیاسا ناقص کا جواز، اور ظاہر ہے کہ تعارض تو موجب تساقط ہوتا ہے لہذا علامہ جزریؒ کا قیاساً ''لن نؤمن لک'' جیسے مواقع میں ادغام ناقص کو جائز قرار دینا قابل قبول نہیں ہے۔

(پھر ساکن عارض کو ساکن اصلی پر قیاس کر کے اسی کا (ساکن اصلی) درجہ دینے والا قیاس بھی تو محل نظر ہوتا ہے!)۔

Scanned by CamScanner

تغلیظ لام کا بیان

قاعدہ (۱) : لام مفتوحہ خواہ مشددہ ہو یا مخففہ جب اس سے پہلے صاد مفتوح یا ساکن واقع ہو تو ورش سے بطریق ازرق بلا خلف تغلیظ ہے جیسے الصلوة ، فاصلح ، یصلبوا۔

قاعدہ (۲) :لام مفتوحہ مخففہ ہو یا مشددہ جب اس سے قبل طا، ظا میں سے کوئی حرف مفتوح یا ساکن واقع ہو تو روایت جمہور کے بموجب ازرق عن ورش سے صرف تغلیظ لام مروی ہے جبکہ غیر جمہور کی روایت پر بعض اہل مصر سے ایسے لام کی ترقیق ہے[۱] مثلا الطلاق ، مطلع ، ظلم ، أظلم، خلاصہ یہ ہے کہ ایسے مواقع میں تغلیظ بالخلف ہے البتہ تغلیظ عندالجمہور و ترقیق عند غیر الجمہور ہے[۲]۔

---

[۱] چنانچہ طا کے بعد ترقیق مجتبی ،ارشاد ابی طیب ،عنوان اور تذکرہ سے ہے اور ظا کے بعد ترقیق صقلی نے تجرید میں نقل کی ہے اور کافی میں دونوں وجوہ مذکور ہیں گو صحیح تغلیظ ہی ہے (النشر ج ۲/ص ۱۱۲، ۱۱۳- کشف النظر ج ۳/ص ۲۸۶)

[۲] محقق فن علامہ جزریؒ النشر میں ابن فحام صقلی کی تجرید سے لام مفتوحہ سے قبل ظا کے آنے پر خواہ یہ ظا مفتوح ہو یا ساکن مثلا ظلمونا ، أظلم تو علی الاطلاق ترقیق بیان فرمائی ہے نیز آپ نے کتاب الھدایہ سے ظاء مفتوح کے بعد لام کی ترقیق اور ساکنہ کے بعد لام کی تفخیم بیان فرمائی ہے، یوں النشر میں ظاء ساکنہ کے بعد لام میں تفخیم و ترقیق دو وجہ بیان ہوئی ہے، نیز چونکہ طیبہ میں طا اور ظا میں خلف کو مطلق بیان کیا ہے لہذا مفتوح و ساکن دونوں صورتوں میں خلف کو سارے شراح طیبہ نے بیان کیا مثلاً ابن الجزری ، علامہ نویری ، الکوکب الدری ، الھادی ، توضیح العشر ، اتحاف فضلاء البشر نے ظاء ساکنہ میں بھی دونوں وجہیں بیان فرمائی ہیں مگر شیخ مصطفیٰ الازمیری اور شیخ محمد المتولی اور ان کی اتباع میں صاحب فریدۃ الدھر کی رائے میں ازرق کیلئے ظاء ساکنہ کے وقت تغلیظ بلا خلف ہے چنانچہ شیخ متولیؒ فرماتے ہیں : ''وفخم فقط ما بعد ظاء مسکن ، علی ما علیه فی البدائع عوّلا'' پھر اس کی شرح میں آپ خود فرماتے ہیں قال الأزمیری لا خلاف عن الازرق فی تفخیم اللام المفتوحة بعد الظاء الساکنة، هکذا وجدنا فی التجرید والکافی قلت وهکذا وجدت فی التجرید" (الروض ص ۲۷۷/) یعنی شیخ مصطفیٰ الازمیری اپنی بدائع میں فرماتے ہیں کہ ظاء ساکنہ کے بعد آنے والے لام مفتوحہ کی تفخیم میں کوئی اختلاف نہیں ہے بلکہ وہ بالاتفاق پُر ہی ہوگا اسی کو شیخ ازمیری اپنی ایک تصنیف ''کتاب اتحاف البررة بما سکت عنه نشر العشرة المسمی بتحریر النشر'' میں یوں فرماتے ہیں وروی الازرق اللام المفتوحة بعد الظاء الساکنة المعجمة بالتفخیم فقط من التجرید والکافی (ص ۷۸/) یعنی محقق جزریؒ نے ابن فحام کی ''التجرید'' سے ظاء یا کنہ کے وقت لام میں ترقیق بیان فرمائی ہے لیکن شیخ ازمیری فرماتے ہیں کہ میں نے التجرید میں ظاءِ ساکنہ کے وقت لام میں صرف تفخیم ہی پائی ہے اور متولی کے مطالعہ کا حاصل بھی یہی ہے جس کو آپنے ''قلت'' سے بیان فرمایا ہے۔

Scanned by CamScanner

قاعدہ (۳) :لیکن اگر صاد، طا، ظا کے بعد آنے والا یہ لام مفتوحہ کلمہ کے اخیر میں ہو اور اس پر وقف کر دیا جائے مثلاً **فلما فصل ، أن يوصل ، بطل ، ظل۔**

۲ یا ان حروف ولام کے مابین الف فاصل ہو مثلا **فصالاً ، طال ، اَنْ يَّصَّلَحَا۔**

۳ یا لام غیر رءوس الآی کے یائی کلمات میں ہو تو ان تینوں صورتوں میں تغلیظ لام بالخلف ہے[۱]۔

البتہ اس کی ترتیب یہ ہوگی فتح کے ساتھ تغلیظ اور تقلیل کے ساتھ ترقیق مقروء ہوگی[۲]۔

---

[۱] گو مذکورہ تینوں صورتوں میں تغلیظ بالخلف ہے مگر محقق جزریؒ اور علامہ نوریؒ نے پہلی دو صورتوں میں تغلیظ ہی کو راجح قرار دیا ہے (النشر ج ۲/ص ۱۱۴/-شرح نوری ج ۲/ص ۳۸/)

[۲] چنانچہ فتح کے ساتھ ترقیق اور تقلیل کے ساتھ تغلیظ صحیح نہیں ہے۔

Scanned by CamScanner

ترقیق راء کا بیان

ترقیق را کا یہ بیان رائے مفتوحہ ومضمومہ دو ہی سے متعلق ہے۔

قاعدہ : ہر رائے مفتوحہ غیر منونہ متوسطہ ہو یا متطرفہ مشددہ ہو یا مخففہ جب اس سے پہلے کسرۂ لازمہ (خواہ یہ کسرہ متصلہ ہو یا درمیان میں کوئی حاجز ہو) یا یاء ساکنہ ہو (خواہ لین ہو یا مدہ) تو ورش بطریق ازرق اس راء کو باریک پڑھتے ہیں جیسے الأخرة ، ليغفر ، البر ، خيرات ، لا إكراه وغیرہ وغیرہ۔

قاعدہ : لیکن اگر راء مذکورہ متوسطہ کے بعد کوئی حرف مستعلیہ اسی کلمہ میں ہو مثلاً صراط، فراق یا راء مکرر ہو جیسے مدرار ا، وغیرہ، یا راء مذکورہ کلمات عجمیہ میں ہو جیسے ابراهيم، اسرائيل، عمران اسی طرح را مفتوحہ (منونہ ہو یا غیر منونہ) اور کسرہ کے مابین صاد، طا، قاف، تین حرفوں میں سے کوئی حاجز ہو تو ازرق بجائے باریک پڑھنے کے پر پڑھتے ہیں جیسے اصرهم، اصراً، وقراً، قطراً۔

قاعدہ : راء منونہ منصوبہ سے قبل کسرۂ متصلہ یا یاء ساکنہ ہو تو بحالت وصل اکثر اہل ادا ازرق عن ورش سے اس راء کو مفخم نقل کرتے ہیں اور وقفاً ترقیق نقل کرتے ہیں

(۲) اور بعض اہل ادا راء مذکورہ کو حالین میں باریک (مرقق) نقل کرتے ہیں۔

(۳) اور دیگر بعض نے حالین میں مفخم بیان کیا ہے مثلاً شاكرا، صابرا، طيرا، سيرا قديرا، (الهادی ج ۱/، ص ۳۴۳/)

راء منونہ منصوبہ سے قبل کسرہ ہو مگر کسرہ اور را کے درمیان کوئی حرف ساکن فاصل ہو مثلا سترا، ذكرا، وزرا، اصراً، حجراً، صهراً[۲] تو "صهرا" کے ماسوا پہلے پانچ کلمات میں ازرقؒ سے خلف مروی ہے یعنی

---

[۱] کسرۂ لازمہ یعنی ایسا کسرہ جس کا کلمہ کی درستی کیلئے کلمہ کے ساتھ رہنا ضروری ہو، مثلا الأخرة لہذا لازم کی قید سے لرب لرسول جیسے امثلہ نکل گئے کہ یہ کسرہ کلمہ کیلئے لازم نہیں ہے بلکہ اس کو جدا کر دینے سے بھی کلمہ درست رہتا ہے لازم کی قید سے کسرہ کا اسی کلمہ سے ہونا بھی مراد ہے چنانچہ دوسرے کلمہ کا کسرہ بظاہر گو متصل ہے مگر کلمہ کی درستی اس پر موقوف نہیں ہے لہذا وہ کلمہ کیلئے لازم بھی نہیں ہے مثلا لحكم ربك ۔

[۲] اسکی پورے قرآن کریم میں یہی چھ مثالیں ہیں۔

Scanned by CamScanner

تفخیم وترقیق دونوں منقول ہیں اور دونوں صحیح ہیں ،البتہ ان پانچ میں تفخیم اکثر سے ہے اور ترقیق بعض سے، جبکہ صھرا میں اکثر سے ترقیق اور بعض سے تفخیم ہے[1]۔

قاعدہ : را مضمومہ متوسطہ ہو یا متطرفہ مشددہ ہو یا مخففہ منونہ ہو یا غیر منونہ جب اس سے قبل کسرۂ لازمہ یا یاء ساکنہ ہو خواہ کسرہ اور را کے مابین کوئی حاجز کیوں نہ ہو مثلا لا یبصرون قدیرٌ، ذکرٌ وغیرہ تو اکثر اہل ادا نے ازرق سے اس راء کو باریک نقل فرمایا ہے جبکہ بعض اہل اداء نے اس کو پر نقل کیا ہے۔

خلاصہ یہ کہ راء مذکورہ میں ازرق سے ترقیق وتفخیم دونوں مروی ہیں البتہ ترقیق عندالاکثر ہے۔

[1] کیونکہ ساکن حاجز ''ھا'' ہے جو حرف خفی وضعیف ہے لہذا اس کا فصل غیر معتبر ہے۔

Scanned by CamScanner

یاءات اضافت کا بیان

یاءات اضافت ان یاءات زوائد کو کہتے ہیں جو اسماء، افعال اور حروف کے اخیر میں دلالت علی المتکلم کی غرض سے ملحق کی جاتی ہیں یہ مصاحف میں مرسوم ہوتی ہیں ان کا اختلاف فتح وسکون کا ہوتا ہے۔

فائدہ (۱) یاءات اضافت اور یاءات زوائد کے مابین چار فرق ہیں

(۱) یاءات اضافت رسما (باجماع) ثابت ہوتی ہیں اور یاءات زوائد محذوف الرسم ہوتی ہیں۔

(۲) یاءات اضافت کلمہ کے حروف اصلیہ میں شامل وداخل نہیں ہوتیں جبکہ یاءات زوائد کبھی اصل تو کبھی زائد ہوتی ہیں

(۳) یاءات اضافت کا اختلاف فتحہ وسکون کا ہوتا ہے جبکہ یاءات زوائد کا اختلاف حذف واثبات کا ہوتا ہے۔

(۴) یاءات اضافت اسماء، افعال وحروف تینوں کے ساتھ آتی ہیں جبکہ یاءات زوائد صرف اسماء وافعال کے ساتھ ہوتی ہیں حروف کے ساتھ نہیں۔

یاءات اضافت کی تین قسمیں ہیں (۱) بالاتفاق ساکن (۲) بالاتفاق مفتوح (۳) مختلف فیہ

ان اقسام ثلثہ میں سے تیسری قسم ہی کو یہاں بیان کیا جائے گا، اس کے بعد جانو کے مختلف فیہ یاءات اضافت (جن کی تعداد ۲۱۲/دوسوبارہ ہے) اپنے مابعد کے اعتبار سے یہ چھ طرح واقع ہوئی ہے۔

(۱) وہ یاءات اضافت جن کے بعد ہمزات قطعیہ مفتوحہ ہوں مثلاً ''إنی أعلم'' یہ کل ننانوے/۹۹ ہیں۔

(۲) وہ یاءات اضافت جن کے بعد ہمزات قطعیہ مکسورہ ہوں مثلاً ''منی إلا'' یہ کل باون/۵۲ ہیں۔

(۳) وہ یاءات اضافت جن کے بعد ہمزات قطعیہ مضمومہ ہوں مثلا ''إنی أمرت'' یہ کل دس/۱۰ ہیں۔

(۴) وہ یاءات اضافت جن کے بعد ہمزات وصلیہ لام تعریف کے ساتھ ہوں مثلاً ''عهدی الظالمین'' یہ کل چودہ/۱۴ ہیں۔

(۵) وہ یاءات اضافت جن کے بعد ہمزات وصلیہ بغیر لام تعریف کے ہوں مثلا إنی اصطفیتک یہ کل سات/۷ ہیں

(۶) وہ یاءات اضافت جن کے بعد ہمزہ کے علاوہ اور کوئی حرف ہو مثلاً ''وجهی لله'' یہ کل تیس/۳۰ ہیں۔

فائدہ (۲) ان کے اختلاف کی تفصیل اتحاف فضلاء البشر (ج/۱، ص/۳۳۳) اور کشف النظر (ج/۳، ص/۴۲۱) وغیرہ میں موجود ہے۔

Scanned by CamScanner

یاءات زوائد کا بیان

فائدہ (۱) : یاءات زوائد ان یاءات کو کہتے ہیں جس کو قراءِ کرام نے بوجہِ روایت مصاحفِ عثمانیہ پر زیادہ کی ہیں ان کو زوائد کہا ہی اسلئے جاتا ہے کہ وہ زائد علی الرسم مقروء ہوتی ہیں یعنی مصاحف میں مرسوم نہ ہونے کے بعد بھی قراء نے بوجہِ روایت ان کو قراءۃً ثابت رکھا ہے قراء کا ان میں اختلاف حذف واثبات کا ہوتا ہے باقی جب بھی ثابت ہوں گی ساکن ہی پڑھی جائے گی۔

فائدہ (۲) : یاءات زوائد اصلیہ بھی ہوتی ہیں یعنی کلمہ کے حروف اصلیہ میں لام کلمہ کی جگہ ہوتی ہے مثلاً الداع۔

تو کبھی زائدہ بھی ہوتی ہیں یعنی کلمہ کے حروفِ اصلیہ میں نہیں ہوتی بلکہ موقعِ یاءِ متکلم میں بغرضِ اضافت زیادہ کی جاتی ہے لہذا درحقیقت یہ یاءِ اضافت ہی ہے غیر مرسوم ہونے کی وجہ سے زائدہ کہلاتی ہے مثلاً دعاء، عباد۔

یاءاتِ زوائد اسماء میں بھی ہوتی ہیں اور افعال میں بھی مثلاً الجوار، المتعال، یات، نبغ، یتق، یسر وغیرہ۔

یہ یاءات رأسِ آیات میں بھی ہوتی ہیں اور درمیان آیت میں بھی مثلاً متاب، عقاب، کالجواب وسط آیت کی یاءات زوائد کل پینتیس ۳۵ ہیں جن میں کی تیرہ ۱۳ اصلیہ اور باقی بائیس ۲۲ غیر اصلیہ زائدہ ہیں[1]۔

فائدہ : فواصل وروس آیات کی یاءات زوائد کل چھیاسی ۸۶ ہیں جن میں سے پانچ اصلیہ اور باقی اکاسی ۸۱ غیر اصلیہ ہیں (ان کی تفصیل بھی کشف النظر ج ۳، ص ۴۵۳ پر ملاحظہ ہو) یوں فواصل کی یاءات زوائد کی کل تعداد ایک سو اکیس ۱۲۱ ہے جن کے حذف واثبات میں قراء کے مابین اختلاف ہے، اور اگر فَلَا تَسْئَلْنِیْ کہف کو بھی اس میں شمار کرلیں تو تعداد ایک سو بائیس ۱۲۲ ہو جائے گی مگر چونکہ اس کی یاء مصاحف میں مرسوم ہے لہذا یہ اس باب سے خارج کہلائے گی۔

مذکورہ یاءات کے اختلاف یعنی حذف واثبات سے متعلق قراء عشرہ کی اولاً دو قسمیں ہیں چنانچہ نافع،

---

[1] ان پینتیس یاءات کی تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو "کشف النظر" (ج ۳، ص ۴۵۲)

Scanned by CamScanner

مکی، ابوعمرو، حمزہ، کسائی، ابوجعفر، یعقوب یہ حضرات عامۃً یاءات زوائد کو ثابت رکھنے والے ہیں قطع نظر اس کے کہ وصل میں یا وقف میں یا دونوں میں۔

